ABC CERTIFIED
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعرات 05 ذی القعدہ 1447ھ 23 اپریل 2026ء | صفحات 08 | شمارہ 288
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 35 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

میری حکومت مدت پوری کریگی، صدر مملکت نے پارلیمانی ارکان کیساتھ ملاقات سے قبل فون پر مشاورت کی تھی، وزیراعلیٰ

جو لوگ تبدیلی کی خواہش رکھتے ہیں وہ اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں، حکومت آئینی مدت اور ذمہ داریوں کے مطابق کام جاری رکھے گی، صدر کی جانب سے دی گئی تجاویز پر عملدرآمد کیا جائے گا

صوبے میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے، تاہم اسٹریٹ کرائم میں اضافے کے تدارک کے لیے جامع حکمت عملی ترتیب دی جا رہی ہے، ہمسایہ ممالک کے حالات سب کے سامنے ہیں

عوام کا پیسہ ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا، تمام منصوبوں میں شفافیت کو یقینی، عام آدمی کی بہبود کیلئے فلاحی منصوبوں کا تسلسل جاری رکھا جائے، بلیک ٹاپ روڈ کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان عوام کو معیاری انفراسٹرکچر کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے پرعزم ہے، اور محدود وسائل کے باوجود شفافیت، رفتار اور معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں چمن پھاٹک تا کوئلہ پھاٹک بلیک ٹاپ روڈ کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 1.02 کلومیٹر طویل سڑک محض 76 دنوں میں مکمل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی مجموعی لاگت 33 کروڑ 83 لاکھ 60 ہزار روپے مقرر کی گئی تھی جبکہ اس پر 30 کروڑ 86 لاکھ 30 ہزار روپے خرچ ہوئے، یوں منصوبے میں 2 کروڑ 97 لاکھ 30 ہزار روپے کی بچت بھی حاصل کی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس منصوبے سے ایئرپورٹ روڈ، شہباز ٹاؤن، ماڈل ٹاؤن اور دیگر ملحقہ علاقوں کے ہزاروں شہری مستفید ہوں گے اور شہر میں ٹریفک کے دباؤ میں واضح کمی آئے گی۔ منصوبہ جدید معیار کے مطابق مکمل کیا گیا ہے، جس سے شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ محض 76 دنوں میں اس اہم شاہراہ کی تکمیل حکومت کی موثر حکمت عملی اور اداروں کی کارکردگی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں لاگت کی بچت شفافیت اور وسائل کے دانشمندانہ استعمال کی بہترین مثال ہے جبکہ اس سڑک........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کالعدم تنظیم سے وابستگی کا الزام، بی ایم یو کی طالبہ گرفتار

دہشتگردوں کی معاونت و سہولت کاری کے واضح ثبوت ہیں، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ میں سیکورٹی فورسز نے ایک کارروائی کے دوران بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز سے مبینہ طور پر کالعدم تنظیم سے وابستہ خدیجہ نامی ایک لڑکی کو گرفتار کر لیا، گرفتار خاتون نرسنگ کی طالبہ بتائی جاتی ہے۔ میڈیا معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان........ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل کے ہمراہ بی ایم یو کے چھٹے سینیٹ اجلاس کے شرکا کا گروپ فوٹو

بلوچستان میں بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے ڈیجیٹل ڈیش بورڈ اور پبلیکیشنز کا افتتاح

صوبے میں مستند معلومات پر مبنی پالیسی سازی کو فروغ دینے کیلئے ترقیاتی منصوبہ بندی کو جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا

ڈیٹا بیس میں نشاندہی پر 45 مختلف آسامیوں پر درخواستیں دینے والے نوجوان کو فون کر کے نوکری دینے کا اعلان

دستیاب ڈیٹا کی بنیاد پر حکومت عوامی مفاد میں زیادہ موثر اور بہتر پالیسیاں تشکیل دے سکتی ہے، میر سرفراز بگٹی کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعرات کو یہاں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے زیر انتظام بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے ڈیجیٹل ڈیش بورڈ اور پبلیکیشنز کا افتتاح کر دیا جس کا مقصد صوبے میں مستند معلومات پر مبنی پالیسی سازی کو فروغ دینا اور........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی فوجی آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کے دوران جہازوں کی آمد و رفت پر نظر رکھے ہوئے ہیں

پاکستان اور امریکا کا مذاکرات کا دوسرا دور یقینی بنانے کیلئے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق

وزیراعظم کی زیر صدارت خطے کی بدلتی صورتحال پر اہم مشاورتی اجلاس، جنگ بندی میں توسیع کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال

اجلاس کے شرکا کی جانب سے صدر ٹرمپ کے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم، خطے میں کشیدگی کم کرنے کی مثبت پیش رفت قرار دیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت خطے کی بدلتی صورتحال پر ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینئر وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس........ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں جھڑپیں، ایرانی بحریہ نے اسرائیلی سمیت 3 جہاز قبضے میں لے لئے، جنگ بندی میں تین سے پانچ روز کی توسیع کی ہے، امریکی صدر، وزیراعظم سے ایرانی سفیر کی ملاقات، شہباز شریف نے قیادت کیلئے اہم پیغام دیا

اسلام آباد ایک ہفتے سے ہائی الرٹ پر، مہمانوں کا منتظر
مذاکرات جمعہ کو ہونگے، ٹرمپ، امریکہ مذاکرات سے پہلے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ختم کرے، باقر قالیباف

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی چمن تا کوئلہ پھاٹک روڈ منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیرداخلہ میر ضیا اللہ لانگو، چیف سیکرٹری شکیل قادر، آئی جی محمد طاہر بھی موجود ہیں

فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے، مذاکرات کے دوسرے دور میں اچھی خبر متوقع ہے، ایران کی تجاویز کا انتظار ہے، امریکی اخبار سے گفتگو

امریکی شرائط مسترد، برابری کی بنیاد پر مذاکرات کے دروازے اب بھی کھلے ہیں، جنگ بندی کی خلاف ورزی پر آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ناممکن ہے، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

امریکی ناکہ بندی ختم ہونے سے متعلق اشارے ملے ہیں ناکہ بندی ختم ہونے پر اسلام آباد مذاکرات میں شریک ہونگے، ایرانی مندوب، پاسداران انقلاب نے دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنا دیا، ایرانی صدر

ایرانی افواج مکمل طور پر سو فیصد تیاری کی حالت میں ہیں، کسی بھی قسم کی جارحیت کی گئی تو فوری اور بھرپور انداز میں پہلے سے مقرر کردہ اہداف کو نشانہ بنائیں گی، خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈ کوارٹرز کا بیان

آبنائے ہرمز میں ایران کی بڑی کارروائی، قبضے میں لیے جانے والے جہازوں میں پانامہ اور یونان کے جہاز بھی شامل، وزیراعظم شہباز شریف سے ایرانی سفیر کی ملاقات میں علاقائی استحکام کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق

اسلام آباد، واشنگٹن، تہران (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا دوسرا دور جمعہ کو ہو سکتا ہے۔ امریکی اخبار سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق جنگ بندی کو اس وقت تک........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ (آج) لبنان اور اسرائیل کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کرے گا

واشنگٹن (م ڈ) امریکہ نے کہا ہے کہ امریکہ (آج) جمعرات کو واشنگٹن میں لبنان اور اسرائیل کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کرے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے عہدیدار نے........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

روسی و ایرانی تیل پر پابندی میں نرمی میں توسیع

فیصلہ ان ممالک کی درخواست پر کیا گیا جنہیں خطرات درپیش ہیں، امریکہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکہ نے روسی اور ایرانی تیل پر عائد پابندیوں میں 30 دن کی توسیع کر دی۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ کا کہنا ہے کہ روسی اور ایرانی تیل پر عائد پابندیوں میں نرمی میں توسیع کر دی گئی ہے، یہ فیصلہ ان ممالک کی درخواست پر کیا گیا جنہیں خطرات........ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ کا جنگ بندی میں توسیع کا خیر مقدم

امید ہے مذاکرات جامع اور دیرپا حل کی راہ ہموار کریں گے

پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں، انتونیو گوتریس

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے صدر ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے ترجمان اسٹیفن دوجارک کے مطابق انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں، امید ہے کہ مذاکرات جامع اور دیرپا حل........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سستی معیاری اعلیٰ تعلیم تک رسائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، گورنر بلوچستان

بولان میڈیکل یونیورسٹی میں بہترین کارکردگی یقینی بنانے کیلئے ایم فل پروگرام شروع کرانے کا تاریخی فیصلہ کیا گیا ہے

تمام پبلک سیکٹر جامعات کی رینکنگ اور اسکورنگ کو بہتر بنانے کیلئے روز اول سے ان پر کڑی نظر رکھی ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم نے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے چھٹے سینیٹ اجلاس میں میڈیکل کی تعلیم میں بہترین کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے مختلف شعبوں میں ایم فل پروگرام شروع کرانے کا تاریخی فیصلہ کیا جس کے نتیجے میں مذکورہ یونیورسٹی جلد ہی جدید طبی شعبوں میں پیشہ ورانہ ماہرین........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کا حکم ہے محمود خان اچکزئی کی ناراضگی دور کرو، بیرسٹر گوہر

محمود اچکزئی نے اعتماد میں نہ لیے جانے پر تحریک انصاف کے گزشتہ دو جلسوں میں شرکت نہیں کی تھی، چیئرمین

اپوزیشن لیڈر پی ٹی آئی قیادت سے ناراض، سہیل آفریدی کو ہدایت کی ہے کہ محمود خان اچکزئی کو اعتماد میں لیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے اعلان کیا ہے کہ محمود خان اچکزئی کی ناراضگی ہے تو اسے دور کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ محمود خان سے ابھی بات نہیں ہوئی کہ وہ جلسے میں کیوں نہیں آئے، بانی چیئرمین پی ٹی آئی........ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ججز کا تبادلہ، جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 28 اپریل کو طلب

جسٹس ارباب محمد طاہر کا بلوچستان ہائی کورٹ تبادلہ بھی زیر غور آئیگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 28 اپریل کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں اسلام آباد ہائی کورٹ........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کے ساتھ جنگ میں امریکہ کے میزائل ذخائر میں نمایاں کمی

45 فیصد پریسیشن اسٹرائیک میزائل، 50 فیصد تھاڈ میزائل استعمال ہو چکے، رپورٹ

واشنگٹن (م ڈ) ایران کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران امریکہ کے میزائل ذخائر میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔ اس حوالے سے ماہرین اور پینٹاگون کے اندرونی جائزوں سے واقف ذرائع کا کہنا ہے کہ ایران کے ساتھ حالیہ جنگ کے دوران امریکی فوج نے اپنے اہم میزائل ذخائر کا بڑا حصہ استعمال کر لیا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق سینٹر فار اسٹریٹجک اسٹڈیز کی ایک نئی رپورٹ میں سامنے آیا ہے کہ تقریباً 45 فیصد پریسیشن اسٹرائیک میزائل........ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

15 ماہ میں 2 ہزار سے زائد بچوں میں ایچ آئی وی کی تشخیص

بلوچستان میں 38 بچوں میں ایچ آئی وی کی تشخیص ہوئی، وفاقی وزارت صحت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں 15 ماہ کے دوران 2 ہزار سے زائد بچوں میں ہیومن امیونو وائرس کی تشخیص کی گئی ہے۔ وفاقی وزارت صحت کے کامن مینجمنٹ یونٹ کے مطابق ایچ آئی وی سے متاثرہ بچوں میں 1274 لڑکے اور 834 لڑکیاں........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت کا درآمدی گاڑیوں پر ڈیوٹی ختم کرنے کا فیصلہ

آئی ایم ایف سے گرین سگنل ملنے پر پالیسی وفاقی کابینہ میں پیش ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی حکومت نے درآمدی گاڑیوں پر ڈیوٹی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ وزارت صنعت و پیداوار نے 5 سال کی آٹو پالیسی تیار کر لی، اعلان سے قبل پالیسی کی آئی ایم ایف سے منظوری لی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آٹو پالیسی میں........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ تائیوان کو ہتھیار فراہم کرنے سے باز رہے، چین

بیجنگ (م ڈ) چین نے کہا ہے کہ اسے محدود کرنے کی امریکی کوششیں نہ صرف ناکام ہوں گی بلکہ یہ دونوں ممالک کے مفاد میں بھی نہیں ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکا میں چینی سفارت خانے کے ترجمان لیو پینگ یو نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ چین اور امریکہ کے تعلقات کی بنیاد باہمی احترام، پرامن بقائے باہمی اور مشترکہ مفاد پر ہونی چاہیے، نہ کہ زیرو سم........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، صوبائی مشیر ماحولیات نسیم الرحمن بھی شریک ہیں

یو این کی آبنائے ہرمز میں پھنسے 22 ہزار افراد کی مدد کی اپیل

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ (یو این) میری ٹائم ایجنسی نے آبنائے ہرمز میں پھنسے ہزاروں ملاحوں کے لیے مدد کی اپیل کر دی۔ انٹرنیشنل میری ٹائم ایجنسی کے مطابق آبنائے ہرمز میں 2000 بحری جہاز اور ان پر 20 ہزار سے زائد ملاح پھنسے ہوئے ہیں۔ ایجنسی کے مطابق یہ ملاح کھلے پانیوں میں ذہنی تناؤ اور تھکاوٹ کا شکار ہیں، کچھ شپنگ کمپنیز نے ملاحوں کے........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

اماراتی معیشت مضبوط، ڈالر کی کمی نہیں، یوسف العتیبہ

امارات کے پاس 2 ٹریلین ڈالر کے سرمایہ کاری فنڈز ہیں

یو اے ای کو بیرونی مالی مدد کی کوئی ضرورت نہیں، اماراتی سفیر

دبئی (م ڈ) امریکہ میں تعینات اماراتی سفیر یوسف العتیبہ نے کہا ہے کہ امارات کو کسی بیرونی مالی مدد کی ضرورت نہیں۔ واشنگٹن میں کرنسی سواپ لائن پر امریکہ، امارات حکام کی اعلیٰ سطح کی ملاقات کے دوران اماراتی سفیر یوسف العتیبہ نے کہا کہ اماراتی معیشت مضبوط........ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کو ایف سی ایس اور داخلہ حکام سکیورٹی سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

بھارت کی کسی بھی مہم جوئی کا فیصلہ کن جواب دینگے، عطا تارڑ

پہلگام واقعہ کے کوئی شواہد پیش نہ کر سکا، آپریشن سندور 2 کی بات شکست تسلیم کرنے کے مترادف ہے

بھارتی اقدامات سے خطے کی ترقی و خوشحالی کو سنگین خطرات لاحق، بھارت کی مکاری کھل کے سامنے آ چکی

پاکستان اپنی خودمختاری، وقار اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ کے ایک سال بعد بھی بھارت کوئی شواہد پیش نہ کر سکا، آپریشن سندور 2 کی بات شکست تسلیم کرنے کے مترادف ہے، بھارتی اقدامات سے خطے کی ترقی و خوشحالی کو........ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کانگریس رہنما ارجن کھڑگے نے مودی کو دہشتگرد قرار دے دیا

مودی کو پہلگام واقعہ کا پہلے سے علم تھا، انہوں نے مقبوضہ کشمیر کا دورہ منسوخ کیا

نئی دہلی (م ڈ) کانگریس رہنما ارجن کھڑگے نے مودی کو دہشتگرد قرار دے دیا۔ مودی کا پہلگام فالس فلیگ آپریشن سے شروع ہونے والی ہزیمت اور رسوائی کا........ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونگے، نریندر مودی

پہلگام میں ہونیوالے ہولناک دہشت گرد حملے میں جان گنوانے والے بے گناہ افراد کو ہمیشہ یاد رکھیں گے

بطور قوم ہم غم اور عزم کے ساتھ متحد ہیں، انڈیا کبھی کسی قسم کی دہشت گردی کے آگے نہیں جھکے گا، بھارتی وزیراعظم

ممبئی (م ڈ) انڈیا کے وزیراعظم نریندر مودی نے گذشتہ سال ہونے والے پہلگام حملے کو یاد کرتے ہوئے کہا ہے کہ انڈیا کبھی بھی کسی قسم کی دہشت گردی کے آگے نہیں جھکے گا۔ ایکس پر پیغام میں ان کا کہنا تھا کہ ہم گذشتہ برس اسی دن پہلگام میں ہولناک دہشت گرد حملے میں جان گنوانے والے بے گناہ افراد کو........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا 2 مئی کو مینار پاکستان پر جلسہ کرنے کا اعلان

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی جلسے سے خطاب کریں گے، درخواست جمع کرادی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے 2 مئی کو مینار پاکستان پر جلسے کا اعلان کرتے ہوئے اجازت کے لیے درخواست جمع کرادی۔ پی ٹی آئی لاہور کے صدر میاں اکرم عثمان نے جلسے کے انعقاد اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) لاہور کو باقاعدہ درخواست جمع کرا دی۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ 2 مئی کو مینار پاکستان........ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان رجیم کی سخت گیر پالیسیاں افغانستان سفارتی تنہائی کا شکار

اقوام متحدہ میں افغانستان کی نشست پر غیر یقینی صورتحال، ووٹنگ کے حق پر پابندی برقرار

کابل (م ڈ) طالبان رجیم کی سخت گیر پالیسیاں اور ہٹ دھرمی، افغانستان سفارتی تنہائی کا شکار ہو گیا، اقوام متحدہ میں افغانستان کی نشست پر غیر یقینی صورتحال........ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے خواتین کی سزائے موت پر عمل روک دیا، ٹرمپ

میری درخواست پر ایران نے فیصلہ کیا، 4 خواتین کو رہا کیا جائیگا، امریکی صدر کا دعویٰ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران نے خواتین کی سزائے موت پر عمل روک دیا .... ہے کہ ایرانی حکومت نے ان کی درخواست پر 8 .... ہے۔ اپنے سوشل........ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کی سیکورٹی مزید موثر و فول پروف بنانا ناگزیر ہے، اسپیکر

موجودہ حالات کے پیش نظر سیکورٹی انتظامات مزید سخت بنانے کی اشد ضرورت ہے، کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی

سیکیورٹی پلان جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، اسپیکر چیمبر میں اجلاس سے خطاب، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، کمانڈنٹ بی سی کی بریفنگ

کوئٹہ (اے این این) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسپیکر چیمبر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال اور بالخصوص صوبائی........ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایران و امریکہ معاہدہ دیرپا بنانے کیلئے پاکستانی قیادت متحرک

پاکستان کی اعلیٰ قیادت مسلسل دونوں ممالک کیساتھ رابطے میں رہی ہے

پاکستان اس وقت ایک پل کا کردار ادا کر رہا ہے، صحافی کمبرلی ہیلکیٹ

دوحہ (م ڈ) پاکستان کی اعلیٰ قیادت نے امریکی صدر کے ساتھ اپنے بہتر تعلقات کو بروئے کار لاتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں تیز........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

الیکٹرک وہیکلز کے فروغ کیلئے اقدامات تیز کیے جائیں، وزیراعظم

ای وی گاڑیوں کے فروغ سے ایندھن کے درآمدی بوجھ میں کمی آئیگی بلکہ یہ ماحولیاتی تحفظ اور انرجی سیکورٹی کے لیے بھی انتہائی اہم ہے

سرکاری ملازمین کو آسان قسطوں پر الیکٹرک بائیکس فراہم کیے جائیں گے، ملک میں بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کے فروغ پر جائزہ اجلاس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ الیکٹرک وہیکلز (ای وی) کے فروغ........ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

چینی خلائی پروگرام کیلئے 2 پاکستانی خلا نورد منتخب

پاکستان کا انتخاب چین کیساتھ قریبی تعلقات کا مظہر ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستانی خلا نورد محمد ذیشان علی اور خرم داؤد کو چین کے انسان بردار خلائی پروگرام کے لیے منتخب کر لیا گیا۔ سپارکو کے مطابق 2 پاکستانی خلاباز تجربات کیلئے خلا میں جائیں گے جس کی تربیت وہ چین میں حاصل کریں گے۔ اسپارکو........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ ایران جنگ بندی میں توسیع کے بعد تیل سستا، سونا مہنگا

واشنگٹن (م ڈ) امریکا کی ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کے بعد آج دنیا بھر میں سونے کی قیمتوں میں اضافہ اور تیل کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق تیل کی قیمتوں میں کمی........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کو ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

کوئٹہ و چمن کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

محکمہ صحت کا ہنگامی بنیادوں پر الرٹ جاری، اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ اور سرحدی شہر چمن میں ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد محکمہ صحت نے ہنگامی بنیادوں پر الرٹ جاری کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ انتظامیہ نے عراق کو امریکی ڈالر کی ترسیل معطل کر دی

عراقی فوج کے ساتھ سیکورٹی تعاون کے پروگرام بھی منجمد کر دیے

واشنگٹن (م ڈ) ٹرمپ انتظامیہ نے عراق کو امریکی ڈالر کی ترسیل معطل کر دی۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے رپورٹ کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

شعبان سے دو افراد کی لاشیں برآمد، ورثاء کا احتجاج

شعبان کراس روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بلاک کر دیا گیا، ٹریفک معطل

کوئٹہ (آن لائن) شعبان کے علاقے سے 2 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز شعبان کے علاقے سے 2 افراد کی لاشیں ملی ہیں جن کی شناخت........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین امتحانی مراکز میں مرد افسران و عملے کے داخلے پر پابندی عائد

کسی بھی صورت مرد افسران یا مانیٹرنگ کمیٹی کے مرد اراکین کو داخلے یا معائنے کی اجازت نہیں ہوگی، خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی

خواتین امتحانی مراکز کی نگرانی کا فریضہ صرف مجاز خواتین عملہ ہی انجام دے گا، بلوچستان حکومت کی جانب سے احکامات جاری

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے امتحانی مراکز میں مرد افسران کے داخلے پر پابندی عائد کر دی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق طالبات کے امتحانی مراکز کی نگرانی صرف مجاز خواتین عملہ کرے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق خواتین کے امتحانی مراکز میں کسی بھی صورت مرد افسران یا مانیٹرنگ کمیٹی........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کو ایل این جی فراہمی کیلئے تیار ہیں، آذربائیجان

جیسے ہی درخواست موصول ہوگی اسلام آباد کو فراہمی شروع کر دی جائے گی

باکو (م ڈ) آذربائیجان نے اعلان کیا ہے کہ وہ پاکستان کو ایل این جی فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔ آذربائیجان کی سرکاری توانائی کمپنی سوکار نے کہا ہے کہ جیسے........ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی حوالہ ہنڈی نیٹ ورکس سے 2 ارب روپے برآمد

21 کروڑ روپے مالیت کی ایرانی کرنسی قبضے میں لی گئی ہے، ڈائریکٹر ایف آئی اے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے)........ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

گلستان، 2 قبائل میں خونریز تصادم، 1 شخص ہلاک، 6 افراد زخمی ہو گئے

دونوں جانب سے مارٹر گولوں، راکٹ لانچر اور خودکار ہتھیاروں کا آزادانہ استعمال، گھر پر مارٹر گولہ گرنے سے 6 افراد زخمی ہوئے

تین روز گزرنے کے باوجود مقامی انتظامیہ لڑائی رکوانے میں ناکام، خطرناک اسلحہ کے استعمال سے مقامی آبادی نقل مکانی پر مجبور

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلستان کے قریب کلی .... میں دو قبیلوں کے درمیان تیسرے روز بھی تصادم جاری رہا جس میں ایک جوان ہلاک .... راکٹ لانچرز اور دیگر خودکار اسلحہ کا استعمال جاری .... چھوڑی رپورٹ کے مطابق کلی کے مقام پر........ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پشتون آباد سرکاری سکولوں کی حالت زار غور طلب، اساتذہ کی کمی دور کی جائے، اہل علاقہ

حکومتی اقدامات کا سلسلہ قابل ستائش ہے مگر پشتون آباد کے متعدد سرکاری سکولز میں تدریسی سہولیات میسر نہیں

بنیادی سہولیات ناپید، اساتذہ کی کمی کے باعث تدریسی عمل متاثر ہو رہا ہے، اعلیٰ حکام دورہ کریں اور صورتحال کا جائزہ لیں

اتحاد نوجوانان ترین یوسی حلقہ 36 کے علاؤالدین ترین، محمد سلیم خان، اسرار خان، سلیم خان و دیگر کی مشرق سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے گنجان آباد علاقے پشتون آباد کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کرام کی کمی اور بنیادی سہولیات کے مسائل شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں، جس کے باعث تعلیمی سرگرمیوں اور اصلاحاتی عمل پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ علاقہ مکینوں اور سماجی نمائندوں نے اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام سرکاری سکولوں میں درسی کتب کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے، اساتذہ کی کمی کو فوری طور پر پورا کیا جائے اور تعلیمی اداروں کی مؤثر مانیٹرنگ کا نظام قائم کیا جائے تاکہ حکومت کے تعلیمی شعبے میں کیے گئے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آسکیں۔ پشتون آباد کے مختلف علاقوں میں رہائش پذیر شہریوں نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ حکومت کی جانب سے تعلیم کے شعبے میں بہتری کے لیے بعض اقدامات کیے گئے ہیں، تاہم زمینی حقائق اس کے برعکس نظر آتے ہیں۔ ان کے مطابق متعدد سرکاری سکول ایسے ہیں جہاں طلبہ کو مکمل تدریسی سہولیات میسر نہیں اور اساتذہ کی کمی کے باعث تدریسی عمل متاثر ہو رہا ہے۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے علاؤالدین ترین، محمد سلیم خان، اسرار خان، سلیم خان اور دیگر شہریوں نے بتایا کہ پشتون آباد اور اس کے گردونواح کے سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی شدید کمی ایک دیرینہ مسئلہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات کی بھی شدید کمی ہے، جس میں فرنیچر کی خستہ حالی، کلاس رومز کی ناقص حالت اور سائنسی لیبارٹریوں میں ضروری آلات کی عدم دستیابی شامل ہے۔ ان حالات میں طلبہ کا تعلیمی مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہوتا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض حکومتی دعوے کہ سکولوں میں تمام بنیادی سہولیات موجود ہیں، زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتے۔ ان کے مطابق اگر تعلیمی نظام کی حقیقی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو واضح ہوگا کہ کئی مسائل فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ اس موقع پر اتحاد نوجوانان ترین یونین کونسل حلقہ 36 کے کمیٹی اراکین نے بھی مشرق کے ذریعے وزیر تعلیم اور سیکرٹری تعلیم کی توجہ پشتون آباد کے سرکاری سکولوں کی جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ایجوکیشن ڈائریکٹوریٹ کی رپورٹس پر مکمل اطمینان کے بجائے اعلیٰ حکام کو خود سکولوں کا دورہ کریں زمینی حقائق کا براہ راست مشاہدہ کیے بغیر مسائل کا درست ادراک ممکن نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر تعلیم اور دیگر متعلقہ حکام پشتون آباد اور قریبی علاقوں کے سرکاری سکولوں کا دورہ کریں، اساتذہ کی کمی، فرنیچر کی حالت اور لیبارٹریوں میں آلات کی دستیابی کا خود جائزہ لیں اور ان مسائل کے حل کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ اگر حکومت ان مسائل پر سنجیدگی سے توجہ دے تو نہ صرف تعلیمی معیار میں بہتری آئے گی بلکہ طلبہ کو ایک بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول بھی میسر آسکے گا۔

زمیندار کول کمپنی چمالنگ میں حادثے کی انکوائری شروع

حادثے سے متعلق بیان کیلئے پی ایم ڈی سی ہیڈ آفس سے رجوع کیا جائے

ایم ایس زمیندار کول کمپنی چمالنگ میں دو کان کن حادثے میں فوت ہوگئے تھے

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹریٹ آف مائنز بلوچستان کے ایک بیان کے مطابق مورخہ 26-3-2026 کو ایم ایس زمیندار کول کمپنی چمالنگ میں دو کان کن حادثے میں فوت ہوگئے تھے۔ مذکورہ حادثے کی شواہد اکٹھا کرنے اور باقاعدہ انکوائری کیلئے 13-04-2026 کو چیف مائن انجینئر اسفند یار خان کی سربراہی میں اہم اجلاس منعقد ہوا کام کا آغاز کرتے ہوئے کمیٹی نے ایم ایس زمیندار کول کمپنی چمالنگ کی متاثرہ مائن کا معائنہ کیا اس موقع پر حادثے سے متعلق ضروری شواہد اکٹھے کیے گئے۔ بیان کے مطابق اگر کسی نے حادثے سے متعلق کمیٹی کو بیان دینا ہو تو وہ پی ایم ڈی سی ہیڈ آفس کے دفتر بجلی گھر تھانہ روڈ کوئٹہ میں اپنا بیان مورخہ 21 اپریل سے 30 اپریل صبح گیارہ بجے سے دوپہر تین بجے تک ریکارڈ کروا سکتا ہے تاکہ انکوائری رپورٹ سیکرٹری مائنز کو بروقت جمع کرائی جاسکے۔

گرینڈ ہزارہ اسپورٹس کمیٹی کا بلوچستان کی بیٹی آرزو ہزارہ کی وفات پر افسوس کا اظہار

مشکل کی اس گھڑی میں حیدر علی ہزارہ اور ہزارہ قوم کے ساتھ کھڑے ہیں، تعزیتی بیان

کوئٹہ (پ ر) گرینڈ ہزارہ اسپورٹس کمیٹی نے ہزارہ قوم سے تعلق رکھنے والی بلوچستان کی بیٹی آرزو ہزارہ کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بہادر بیٹی تھی جس سے قوم کو بے انتہا توقعات تھیں مگر قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ گرینڈ ہزارہ اسپورٹس کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں حیدر علی ہزارہ اور ہزارہ قوم کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ پاک مرحومہ کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ژوب مغزئی روڈ کی تکمیل سے مقامی معیشت بہتر ہوگی، سیکرٹری مواصلات

درپیش تمام مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کر کے تعمیراتی کام کی رفتار کو تیز کیا جائے، بابر خان

پیش رفت کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس میں بر وقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کی زیر صدارت ژوب تا مغزئی اور ژوب تا وانا روڈ منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر اورالائی ژوب زون قاضی نور الحق، چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ، ایگزیکٹو انجینئر روڈز ژوب عبدالسلام، ٹیکنیکل ایڈوائزر احسان اللہ خان دوتانی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران حکام کو دونوں اہم شاہراہوں کی تعمیر سے متعلق پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی بریفنگ میں منصوبوں کو درپیش مسائل تکنیکی امور اور فنڈز کی دستیابی سے متعلق امور پر بھی تفصیل سے آگاہ کیا گیا حکام نے منصوبوں کی رفتار معیار اور درپیش رکاوٹوں پر کھل کر تبادلہ خیال کیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ ژوب تا مغزئی اور ژوب تا وانا روڈ منصوبے صوبے کے انتہائی اہم انفراسٹرکچر منصوبوں میں شامل ہیں ان کا کہنا تھا کہ ان سڑکوں کی تکمیل سے صوبے کے دور افتادہ علاقوں کو جدید اور محفوظ سفری سہولیات میسر آئیں گی جس سے نہ صرف عوام کی آمدورفت آسان ہوگی بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان منصوبوں سے علاقے کے ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد مستفید ہوں گے جس سے مقامی معیشت میں بہتری آئے گی اور علاقائی رابطے مضبوط ہوں گے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ منصوبوں کو درپیش تمام مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے اور تعمیراتی کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے

جمعیت نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی عبدالستار شاہ چشتی، حاجی عبدالغیاث و دیگر مغزئی میں سید جان محمد چشتی کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

کوئٹہ، پی ڈبلیو ڈی ایمپلائز یونین کے صدر قاسم خان ترین سی اینڈ ڈبلیو ایکسین روڈ سٹی کے سینئر ملازمین کو پروموشن آرڈر دے رہے ہیں، مرکزی رہنما عابد بٹ بھی موجود ہیں

فرید افغان چیمبر آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر کے صوبائی جنرل سیکرٹری مقرر

زراعت اور فوڈ انڈسٹری کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے، عطا احمد ساہی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیمبر آف فوڈ اینڈ ایگریکلچر کے مرکزی عہدیداران کی جانب سے زراعت اور خوراک کے شعبے کی ترقی کے لیے ایک اہم اور مثبت فیصلہ سامنے آیا ہے، جس کے تحت فرید افغان ایڈووکیٹ صوبائی جنرل سیکرٹری بلوچستان مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر سی ای او رانی عاصم فوڈ اینڈ آئل کمپنی عاصم امام سومرو نے چیمبر کی مرکزی قیادت، خصوصاً پنجاب کے صدر چوہدری عطا احمد ساہی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقرری میرٹ اور صلاحیتوں کا اعتراف ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرید افغان ایک باصلاحیت اور متحرک شخصیت ہیں جو بلوچستان میں زراعت اور فوڈ انڈسٹری کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ عاصم امام سومرو نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت کے تحت بلوچستان میں زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا اور خوراک کی صنعت کو بھی مزید وسعت ملے گی، جس سے نہ صرف معیشت کو فائدہ ہوگا بلکہ کسانوں کی حالت میں بھی بہتری آئے گی۔ انہوں نے ایڈووکیٹ فرید افغان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں صوبے میں مثبت تبدیلیاں رونما ہوں گی اور چیمبر کے اہداف کو کامیابی سے ہمکنار کیا جائے گا۔

کوئٹہ، ایس ایس پی ٹریفک مزمل لال کھلی کچہری کے موقع پر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

بلوچستان کی مخلوط حکومت عوام کی بلاتفریق خدمت کر رہی ہے، جہانگیر شاہ

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اسوقت مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم ہے جو عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کر رہی ہے بعض اراکین اسمبلی اپنی کرپشن پر پردہ ڈالنے کیلئے میر سرفراز بگٹی کو وزارت اعلیٰ سے ہٹانا چاہتے ہیں لیکن وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہونگے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسوقت صوبے کو بہتر انداز میں چلا رہے ہیں اور مسلم لیگ (ن) کی مرکزی حکومت اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی مکمل حمایت انہیں حاصل ہے اور وفاقی حکومت نے صوبے کی ترقی کیلئے خطیر فنڈز فراہم کئے ہیں جس سے صوبے کے طول و عرض میں اربوں روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے درمیان اڑھائی اڑھائی سال حکومت کا معاہدہ ہوا تھا جس کے مطابق اگست تک میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے وزیراعلیٰ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔

مولانا فیض اللہ، حاجی راز محمد دورانی کی صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں، محب اللہ دلسوری

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام صوبائی کونسل کے رکن محب اللہ دلسوری نے اپنے ایک بیان میں سابق صوبائی وزیر حضرت مولانا فیض اللہ اور جے یو آئی سوشل میڈیا ضلع لورالائی کے متحرک کارکن حاجی راز محمد دورانی کی علالت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ دونوں شخصیات جماعت کے مخلص اور سرگرم رہنما و کارکن ہیں جن کی خدمات قابل قدر ہیں۔ محب اللہ دلسوری نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولانا فیض اللہ اور حاجی راز محمد دورانی کو جلد صحت کاملہ عطا فرمائے اور انہیں دوبارہ بھرپور انداز میں قومی و دینی خدمات انجام دینے کی توفیق دے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں جماعت کے تمام کارکنان ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔

طبی شعبے میں ڈاکٹر صفیہ مینگل کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، محمد کامران

کوئٹہ (پ ر) سماجی رہنماؤں محمد کامران، احمد اللہ و دیگر نے ڈاکٹر صفیہ مینگل کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ طبی شعبے میں ان کی نمایاں خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اپنے ایک اخباری بیان میں انہوں نے کہا کہ ایسوی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر صفیہ مینگل وژنری شخصیت کی حامل اور بلوچستان میں سینٹر آف ایکسیلنس کے بانی اراکین میں ہیں ایسی قابل اور مخلص قیادت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے ڈاکٹر صفیہ مینگل صاحبہ جیسے افسران کسی بھی ادارے کا حقیقی سرمایہ ہوتے ہیں حکومت بلوچستان ان کی خدمات کا اعتراف کرے۔

امتحانات میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، اے سی درگ

موسیٰ خیل (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیم دوست وژن کی روشنی میں اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر درگ نے گورنمنٹ انٹر کالج درگ کا دورہ کیا اور وہاں جاری ہائر سیکنڈری امتحانات کے عمل کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی ترجیحات کے مطابق تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط اور امتحانات میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے تحت "نقل کلچر" کے خاتمے اور میرٹ کی بالادستی کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے امتحانی ہالز میں سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور طلبہ کو فراہم کردہ سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

سردار دودا خان شاہوانی کا بھائی سمیت اغوا قابل مذمت ہے، صادق آغا

سیکیورٹی ادارے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مغویان کی بحفاظت بازیابی یقینی بنائیں

کوئٹہ (اے این این) تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر سید صادق آغا نے انصاف یوتھ ونگ کے مرکزی نائب صدر اور عوام کے منتخب کردہ فارم 45 کے ایم پی اے سردار دودا خان شاہوانی، ان کے بھائی اور بہنوئی کے وشت کے علاقے سے اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ نہایت افسوسناک اور قابل تشویش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات نہ صرف عوام میں خوف و ہراس پھیلاتے ہیں بلکہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر بھی سنگین سوالات اٹھاتے ہیں۔ انہوں نے اغواء کاروں سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر سردار دودا خان شاہوانی اور دیگر مغویان کو رہا کریں، جبکہ سیکیورٹی اداروں سے اپیل کی کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے مغویان کی بحفاظت بازیابی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں۔ سید صادق آغا نے کہا کہ عوامی نمائندوں کا اس طرح اغواء ہونا انتہائی تشویشناک ہے اور اس سے عوام کے اعتماد کو شدید ٹھیس پہنچتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے ایسے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائیں تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات کا سدباب ممکن ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی مختلف مسائل کا شکار ہیں اور ایسے واقعات سے صورتحال مزید خراب ہوتی جا رہی ہے، جس کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

بلدیاتی الیکشن ملتوی کرا کر عوام کے حقوق پر ڈاکہ مارا گیا، عطا محمد ہنگلوئی

مرکزی سیکرٹری سوشل میڈیا سعد دہوار، تحصیل صدر حاجی بابل ہنگلوئی کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی نے گزشتہ کوئٹہ بلدیاتی انتخابات میں نمایاں کارکردگی دکھائی، حکومتی جماعتوں نے گزشتہ الیکشن سے راہ فرار اختیار کرنے کے لیے عدالتوں کا سہارا لیا۔ حاجی عطا محمد ہنگلوئی نیشنل پارٹی کوئٹہ کی جانب سے چلتن ٹاؤن کے تحصیل کونسلران کا اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر حاجی عطا محمد ہنگلوئی پارٹی کے تحصیل آفس عامر ویلاز سردار ہنگلوئی اسٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کی جانب سے نئے حلقہ بندیوں کے حوالے سے مشاورتی اجلاس سے ضلعی صدر حاجی عطا محمد ہنگلوئی، مرکزی سیکرٹری سوشل میڈیا سعد دہوار، تحصیل صدر حاجی بابل ہنگلوئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ عام انتخابات میں عوامی رائے کے برخلاف فارم 47 کے ذریعے کوئٹہ شہر کے تمام حلقوں کے انتخابات کو بھی ٹھیکے پر دیا گیا جس کی بدولت آج کوئٹہ شہر پر ایسے لوگوں کو جعلی طریقے سے مسلط کیے گئے ہیں جن کا عوام میں نا کوئی کردار تھا اور نا کوئی کردار ہے جب کہ تاریخ ساز کرپشن اور بدامنی اپنے عروج پر ہے۔ گزشتہ سال دسمبر میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات نے انہیں مزید ایکسپوز کیا جہاں انہیں اکثریتی وارڈز پر امیدوار تک نہیں ملے۔ جس طرح سے نیشنل پارٹی نے 2024 کے عام انتخابات میں پی بی 44 سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی تھی اس سے بڑھ کر عوام نے چلتن ٹاؤن پر گزشتہ بلدیاتی انتخابات کے دوران نیشنل پارٹی کو واضح کامیابی دلائیں

کوئٹہ، پشین اسٹاف کے قریب غلط پارک کی گئی گاڑی کو لفٹر کے ذریعے اٹھایا ہوا ہے

جدید ٹریننگ سے کارکردگی میں بہتری آتی ہے، ڈاکٹر ارباب کامران کاسی

ٹراما اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ میں سیشن کے شرکا سے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کا خطاب

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ٹراما اینڈ ایمرجنسی ریسپانس انسٹیٹیوٹ میں میڈیکل آفیسرز، لیڈی میڈیکل آفیسرز، سینئر میڈیکل آفیسرز اور کلینیکل میڈیکل آفیسرز کے لیے ایک اہم اورینٹیشن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن کا مقصد نئے اور موجودہ میڈیکل اسٹاف کو ادارے کے نظام، ایمرجنسی پروٹوکولز اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا تھا۔ اورینٹیشن سیشن میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ارباب کامران کاسی، ایم ڈی کلینیکل ڈاکٹر حفیظ الرحمان پانیزئی اور ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈاکٹر رفیق احمد نے شرکت کی۔ اس موقع پر سینئر افسران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک مؤثر اور منظم اورینٹیشن پروگرام طبی عملے کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور مریضوں کو بروقت اور معیاری سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدید تقاضوں کے مطابق تربیت اور رہنمائی کے ذریعے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کو ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے قابل بنایا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق ایسے اورینٹیشن سیشنز نئے عملے کو ہسپتال کے نظام، ذمہ داریوں اور کلینیکل ماحول سے ہم آہنگ کرنے میں مدد دیتے ہیں، جس سے مجموعی کارکردگی میں بہتری آتی ہے۔ سیشن کے اختتام پر شرکا کو مختلف شعبوں کا تعارف کروایا گیا اور سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد ہوا، جس میں ڈاکٹرز نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے متعلق رہنمائی حاصل کی۔

وفاقی محتسب کے حکم پر ماہانہ بینوولنٹ فنڈ بحال

درخواست گزار لیلیٰ نے وفاقی محتسب ریجنل آفس سربراہ کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار لیلیٰ کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ بحال کر کے بقایاجات کی مد میں 24200 روپے ادا کروا دیے گئے۔ درخواست گزار لیلیٰ نے بتایا کہ انہیں ہر ماہ باقاعدگی سے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کی جاتی تھی لیکن کچھ عرصے سے یہ ادائیگی بغیر کسی وجہ کے روک دی گئی تھی۔ جس کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی گئی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ فوری طور پر بحال کر کے بقایاجات کی ادائیگی کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 24200 روپے ادا کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

مجاہد یونٹ کے نائب امیر حیات اللہ ملغانی مولوی نواب درانی سے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سیاسی بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت میں بارش کا خوبصورت منظر

ایس بی کے ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کا نوٹیفکیشن جاری

لیبر فیڈریشن کے صدر لالہ سلطان محمد خان نے صدر نصیب اللہ خان بازئی کو نوٹیفکیشن دیا

کوئٹہ (آئی این پی) آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اس حوالے سے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر لالہ سلطان محمد خان، مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار خان، صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالحلیم خان، ایگریکلچر ایمپلائز یونین بلوچستان کے سینئر نائب صدر شاہنواز زہری، جنرل سیکرٹری منظور بلوچ، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے خزانچی عبدالستار جونیئر، ولید سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر لالہ سلطان محمد خان نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر نصیب اللہ خان بازئی اور جنرل سیکرٹری سلطان محمد کو نئی منتخب کابینہ کا نوٹیفکیشن دیا اور نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کی۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر لالہ سلطان محمد خان نے کہا کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب عہدیدار قابل احترام وائس چانسلر صاحبہ اور یونیورسٹی انتظامیہ کے ساتھ مل کر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کو ایک بہترین اور

پشتو اکیڈمی کوئٹہ کے زیراہتمام مختلف اصناف کی اہم کتب منظر عام پر آگئیں

نئی تخلیقات میں منظوم تراجم بھی شامل ہیں، علمی و ادبی حلقوں کی جانب سے بھرپور پذیرائی



کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پشتو اکیڈمی کوئٹہ کے زیراہتمام اہم نثری و منظوم تخلیقات شائع ہو کر مارکیٹ میں آگئی ہیں جنہیں علمی و ادبی حلقوں میں کافی سراہا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ پشتو اکیڈمی کوئٹہ کی موجودہ کابینہ کے دور میں اب تک گزشتہ چند مہینوں کے دوران اہم تخلیقات سامنے آتی رہی ہیں حال ہی میں پشتو اکیڈمی نے جو اہم کتابیں شائع کی ہیں ان میں شوکت ترین کی تاریخی اور تحقیقی کاوش "تحفظ روز و استقلال اور تحریک آزادی" ڈاکٹر زبیر حسرت کی تحقیقی کاوش دیوان احمدی صاحبزادہ اور دیگر زبانوں کے 55 سے زائد شعراء کرام کا منظوم ترجمہ بیگانہ وطن کے نام سے بارکوال میاں خیل کا ترجمہ اسی طرح ایک اور ترجمہ نزار قبانی کے کلام کا منظوم پشتو ترجمہ ہے جو "مینی تلقونہ" کے نام سے وصاف باسط نے کیا ہے۔ ایک کتاب، نام حق، ڈاکٹر عبداللہ جان عابد کی کاوش ہے۔ ازیں پشتو اکیڈمی نے حال ہی میں تحقیق تخلیق اور تراجم پر مشتمل جو کتب شائع کی ہیں ان میں عبدالکریم عامری کی پشتو لغات (حصہ سوم) دستبو (مرزا اسداللہ خان غالب کی کتاب کا پشتو ترجمہ) مترجم عباس خلیل، تحفۃ الملوک عبدالقادر خان خٹک کی تصنیف بقلم ڈاکٹر عبداللہ جان عابد ڈاکٹر مبارک علی کے ترجمے اکبر کا ہندوستان کا پشتو ترجمہ بقلم حافظ رحمت نیازی، تاریخ اور تاریخ فلسفیان از علی عباس جلالپوری و پروفیسر نذیر احمد تشنہ مترجم محمد شمیم آزاد، مسدس حالی کا پشتو منظوم ترجمہ مترجم اصغر خان نسیم، حسینہ گل تجانے "سفری خاطرے" محمود ایاز کی تحقیقی کاوش "ادبی تھیوری، تصورات و اصطلاحات" ڈاکٹر ذاکر زیارتوال کی "ایک تحقیقی جائزہ" و دیگر کتب شامل ہیں۔ درایں اثناء علمی و ادبی حلقوں میں مذکورہ نئی کتب بھرپور پذیرائی حاصل کر رہی ہیں۔

آغا عمر احمد ہنگلوئی کی جمیل مینگل کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے معروف سیاسی و سماجی شخصیت سابق وزیر داخلہ بلوچستان آغا عمر ہنگلوئی میر ریحان سالائی و دیگر جمیل احمد مینگل کے فرزند شہید ہارون جان مینگل کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

ریلوے ورکرز یونین کے رہنماؤں کی ڈی ایس ریلوے سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے ورکرز یونین (اوپن لائن) کوئٹہ ڈویژن کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے کوئٹہ محمود الرحمن لاکھو سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت صدر کوئٹہ ڈویژن شیر محمد بلوچ کر رہے تھے، جبکہ ان کے ہمراہ جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد چشتی، سینئر نائب صدر عرفان جان اور دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر یونین کے وفد نے محمود الرحمن لاکھو کو بطور ڈی ایس کوئٹہ ڈویژن چارج سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وفد کی جانب سے انہیں پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا گیا، جو اس بات کی علامت تھا کہ ریلوے ورکرز یونین انتظامیہ کے ساتھ مثبت اور تعمیری تعلقات کو فروغ دینا چاہتی ہے۔ ملاقات کے دوران یونین رہنماؤں نے کوئٹہ ڈویژن میں کام کرنے والے ریلوے ملازمین کو درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔ خاص طور پر کلاس فور ملازمین، ٹی ایل اے ملازمین، کنٹریکٹ ورکرز، اور دیگر نچلے درجے کے عملے کو درپیش مشکلات، سروس کی عدم مستقلی، تنخواہوں میں تاخیر، اور بنیادی سہولیات کی کمی جیسے اہم مسائل اجاگر کیے گئے۔

عوامی نیشنل پارٹی کے زیراہتمام 24 اپریل کو ایوارڈ تقریب ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر ثناء اللہ کاکڑ، ضلعی نائب صدر جمین خان بازئی اور سرکل صدر نواں کلی ذاکر نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی کے زیراہتمام 24 اپریل بروز جمعہ کوئٹہ میں امن، اسپورٹس، تعلیم، سماجی خدمات کے شعبوں میں بہترین کارکردگی کرنے والوں میں ایوارڈ تقسیم کئے جائیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کوئٹہ کے زیراہتمام 24 اپریل بروز جمعہ کو عمر میرج ہال نواں کلی کوئٹہ میں دو پہر اڑھائی بجے باچا خان ایوارڈ امن سپورٹس ایوارڈ کا انعقاد کیا جائے گا جس میں مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں امن و رواداری ایوارڈ، سماجی خدمات ایوارڈ، سپورٹس ایوارڈ، تعلیم و شعور ایوارڈ تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایوارڈ تقریب میں شرکت کیلئے باقاعدہ دعوت نامے جاری کر دیئے گئے ہیں۔

عالمی یوم ارض پر پولیس لائنز کوئٹہ میں شجرکاری کی گئی

کوئٹہ (آئی این پی) عالمی یوم ارض کے موقع پر گزشتہ روز پولیس لائنز کوئٹہ میں شجرکاری کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرکاری افسران اور پولیس حکام نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران ماحولیات کے تحفظ اور سرسبز و شاداب پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پودے لگائے گئے۔ اس موقع پر سیکرٹری جنگلات عمران گچکی، چیف کنزرویٹر فاریسٹ (نارتھ) بلوچستان سید علی عمران، کمانڈنٹ بی سی، ڈی آئی جی کوئٹہ اشفاق عالم، ایس ایس پی ایڈمن دوستین دشتی، ایس ایس پی ہیڈ کوارٹر بی کمال خان اور ایس پی ہیڈکوارٹر عبدالمالک نے شرکت کی اور عملی طور پر پودے لگا کر شجرکاری مہم میں حصہ لیا۔ شرکا کا کہنا تھا کہ ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور آنے والی نسلوں کے لیے بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے شجرکاری ناگزیر ہے، اور اس سلسلے میں ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

یونین کونسل جھڈیر گوٹھ غلام مصطفیٰ شاہی چوکی کے مقام پر کھلی کچہری کا انعقاد

جعفر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع جعفرآباد میں عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کے عمل کو مزید وسعت دے دی گئی، اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی سربراہی میں یونین کونسل جھڈیر گوٹھ غلام مصطفیٰ لہڑی شاہی چوکی کے مقام پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں علاقہ مکینوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنے درپیش مسائل کے حوالے سے تحریری اور زبانی طور پر آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی، و دیگر ضلعی افسران، میر مشتاق خان بادینی سمیت سیاسی و قبائلی رہنماؤں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ یونین کونسل کی سطح پر کھلی کچہریوں کا انعقاد عوام کے وسیع تر مفاد میں کیا جا رہا ہے تاکہ عوام کی دہلیز پر ان کے مسائل سنے جائیں۔

ناقص بوتل بند پانی کی تیاری کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

بی ایف اتھارٹی کی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بیک وقت کارروائیاں

18 سے زائد یونٹس کا معائنہ کیا گیا جن میں 9 واٹر پلانٹس کو سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے غیر رجسٹرڈ اور ناقص بوتل بند پانی کی تیاری و فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن کو مزید تیز کرتے ہوئے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بیک وقت کارروائیاں کیں۔ سریاب روڈ، چیلی روڈ، شاہ کشاہ روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن، نواں کلی، چشمہ اچوزئی، ویسٹرن بائی پاس، ہزارہ ٹاؤن اور علمدار روڈ سمیت متعدد مقامات پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے واٹر پلانٹس کی جامع انسپکشن کی۔ کارروائیوں کے دوران 18 سے زائد یونٹس کا معائنہ کیا گیا جن میں 9 واٹر پلانٹس کو سیل کیا گیا جبکہ متعدد یونٹس سے پانی کے نمونے لے کر لیبارٹری تجزیے کیلئے بھجوا دیے گئے۔ انسپکشن کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ کئی پلانٹس بغیر پروڈکٹ رجسٹریشن اور بی ایف اے لائسنس کے کام کر رہے تھے جبکہ بوتلوں پر تیاری و معیاد کی تاریخ واضح نہیں تھی اور مختلف برانڈز کے لیبلز کا غیر قانونی استعمال بھی کیا جا رہا تھا۔ مزید برآں کئی یونٹس میں پانی کے ذخیرہ ٹینکس میں کائی، آلودہ ذرات کی موجودگی، ناقص فلٹریشن سسٹم، پیسٹ کنٹرول کا فقدان، ورکرز کیلئے حفاظتی کٹس (PPEs) نہ ہونا اور ویسٹ مینجمنٹ کے ناقص انتظامات بھی سامنے آئے۔ بعض مقامات پر پانی کی تیاری اور پیکنگ کے عمل میں بنیادی حفظان صحت کے اصولوں کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جا رہا تھا جس عوامی صحت کیلئے خطرناک قرار دیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق غیر قانونی واٹر پلانٹس میں غیر معیاری پانی کی تیاری عوامی صحت کیلئے سنگین خطرہ ہے اسی لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں

جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ، عارف شاہ، جاپانی سلطان، داؤد اور کراچی میں تعینات جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل کا گروپ فوٹو

خطے میں قیام امن کے لیے پاکستان کی کوششیں قابل تحسین ہیں، شیر علی میروانی

موجودہ عالمی حالات میں پاکستان کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، چیف آف کلی اسماعیل

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف کلی اسماعیل شیر علی میروانی نے اپنے ایک بیان میں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کیا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی حالات میں پاکستان کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے اور امریکہ، ایران تنازع میں ثالثی کی کوششیں قابل ستائش ہیں۔ میر شیر علی میروانی نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم پاکستان کے شہری ہیں جو ہمیشہ امن کے قیام کے لیے مثبت کردار ادا کرتا آیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اس وقت عالمی سطح پر شہرت حاصل کر رہے ہیں اور پاکستان کی سفارتی کوششیں دنیا بھر میں سراہی جا رہی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان کی یہ کوششیں خطے میں امن واستحکام کے قیام میں اہم کردار ادا کریں گے۔

حج انسان کی زندگی میں روحانی انقلاب برپا کرتا ہے، محمد ایوب انصاری

بندہ اپنے گناہوں کی معافی ملنے کے بعد اللہ کی قربت حاصل کر لیتا ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق اسحاق آباد کوئٹہ، مولانا محمد ایوب انصاری نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ حج ایک عظیم اور بابرکت سفر ہے جو انسان کی زندگی میں روحانی انقلاب برپا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حج اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص نعمت ہے، جس کے ذریعے بندہ اپنے گناہوں کی معافی حاصل کرتا اور اللہ کی قربت پاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حج ہمیں صبر، برداشت، اخوت اور مساوات کا درس دیتا ہے، جہاں امیر و غریب، کالے و گورے سب ایک ہی لباس میں اللہ کے حضور حاضر ہوتے ہیں۔ یہ منظر امت مسلمہ کے اتحاد اور بھائی چارے کی بہترین مثال ہے۔ مولانا محمد ایوب انصاری نے کہا کہ آج کے دور میں ہمیں حج کے پیغام کو اپنی عملی زندگیوں میں اپنانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں محبت، امن اور بھائی چارہ فروغ پاسکے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو حج کی سعادت نصیب فرمائے اور اس عظیم فریضے کو اس کی روح کے مطابق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

وی سی جامعہ گوادر کی سربراہ اکادمی ادبیات سے ملاقات

جامعہ گوادر اور اکادمی ادبیات کے باہمی تعاون پر غور کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور پرو وائس چانسلر پروفیسر سید منظور احمد نے اکادمی ادبیات پاکستان کی صدر نشین، پروفیسر ڈاکٹر نجیبہ عارف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں علمی و ادبی تعاون کے فروغ پر خصوصی توجہ دی گئی۔ اس موقع پر جامعہ گوادر کے انجینئر عبدالباسط بھی ہمراہ تھے ملاقات کے دوران دونوں اداروں کے مابین باہمی روابط کو مزید مستحکم بنانے، مشترکہ علمی و ادبی کانفرنسوں کے انعقاد، تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ اور کتب کے تبادلے جیسے اہم امور پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان اقدامات سے نہ صرف علمی میدان میں بہتری آئے گی بلکہ ملک میں ادبی سرگرمیوں کو بھی نئی جہت ملے گی۔ اس موقع پر قدیم مخطوطات کی اہمیت پر بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ انہوں نے اکادمی کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ معدوم ہوتی ہوئی زبانوں سمیت تمام پاکستانی زبانوں کے تحفظ اور فروغ کے لیے ایسی کاوشیں نہایت اہم اور قابل تحسین ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے مستقبل میں مسلسل رابطے، مشترکہ منصوبہ بندی اور عملی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، تاکہ علمی و ادبی میدان میں پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔

امیر حمزہ خان زہری کی عادل بازئی کے والد کے انتقال پر تعزیت

صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نے ان کے گھر جا کر فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے پی پی آئی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک عادل بازئی کے گھر جا کر ان کے بھائی ملک خوشدل بازئی سے تعزیت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ مرحوم ملک سیف اللہ بازئی ایک باوقار قبائلی رہنما اور نہایت بااخلاق شخصیت کے مالک تھے جنہوں نے ہمیشہ علاقے میں بھائی چارے، اتحاد اور عوامی خدمت کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کیا صوبائی مشیر نے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ تعزیت ملاقات میں علاقائی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

پی پی اے ایف، بی پی سی ایل، آئی آر ایم اور سی پی ڈی کے اشتراک سے با اختیار ویمن پراجیکٹ کے تحت خواتین کو ہنرمند بنانے اور بہتر روزگار کے حوالے سے تربیت دی جا رہی ہے

اکادمی ادبیات پاکستان نے آن لائن توسیعی خطبات کا آغاز کر دیا

چاروں صوبوں سے معزز اور ممتاز ادبا اور محققین اپنے خیالات پیش کر سکیں گے

توسیعی خطبات کے اس سلسلے کی پہلی نشست 26 اپریل کو آٹھ بجے شام منعقد ہوگی

کوئٹہ (پ ر) اکادمی ادبیات پاکستان نے ایک نئے علمی و ادبی منصوبے کے طور پر "توسیعی خطبات" کے سلسلے کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد ادبی مکالمے کو فروغ اور علمی رسائی کو وسعت دینا ہے۔ موجودہ حالات اور حکومت پاکستان کی کفایت شعاری پالیسی کے پیش نظر یہ خطبات آن لائن منعقد کیے جائیں گے، تاکہ ادبی و علمی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھا جا سکے اور قومی و بین الاقوامی سطح پر زیادہ سے زیادہ افراد تک رسائی ممکن ہو۔ توسیعی خطبات کا یہ سلسلہ پاکستانی ادب کے فروغ اور فکری مباحث کو تقویت دینے کے لیے بھی ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کریگا، جہاں ملک کے چاروں صوبوں سے معزز اور ممتاز ادبا اور محققین اپنے خیالات پیش کر سکیں گے۔ یہ توسیعی خطبات ہر پندرہ دن بعد (دو ہفتوں میں ایک بار) رات 8:00 بجے سے 9:30 بجے تک منعقد کیے جائیں گے۔ ہر نشست کا بر وقت اعلان کیا جائے گا، جس میں ایک ممتاز اسکالر یا ادیب صدر مجلس کے طور پر شریک ہوں گے، ایک مدعو مقرر توسیعی خطبہ پیش کریں گے اور منتظم نشست کی نظامت کریں گے۔ شرکا کے ساتھ سوال و جواب کی نشست بھی رکھی جائے گی۔ یہ نشستیں زوم کے ذریعے منعقد کی جائیں گی جب کہ انھیں اکادمی کے فیس بک پیج پر لائیو نشر کیا جائے گا۔ بعد از نشست اس کی ریکارڈنگ اکادمی کے یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگی۔ توسیعی خطبات کے اس سلسلے کی پہلی نشست 26 اپریل کو آٹھ بجے شام منعقد ہوگی

پشتون آباد میں باب نور فاؤنڈیشن کے زیراہتمام مفت میڈیکل کیمپ کے ڈاکٹروں اور آرگنائزرز میں رشید احمد خان نورزئی اور گیریژن اکیڈمی میڈیم ہائی سکول کے پرنسپل نادر شاہ اچکزئی سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ وحب

قومی شاہراہوں پر ٹریفک نظام کی بہتری کیلئے اقدامات کا آغاز

حادثات کم کرنے میں مدد ملے گی ، عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، میر لیاقت لہڑی

ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد، آگاہی مہم اور خطرناک مقامات کی نشاندہی کیلئے سروے کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں قومی شاہراہوں پر ٹریفک نظام کی بہتری اور حادثات کی روک تھام کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی اور ڈی آئی جی موٹروے بلوچستان ڈاکٹر قریش خان کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں صوبے بھر میں ٹریفک مینجمنٹ کو موثر بنانے اور عوام کو محفوظ سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے مربوط حکمت عملی اور مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات کے دوران شاہراہوں پر ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل اور حادثات کی وجوہات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ میر لیاقت لہڑی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور طویل شاہراہوں پر ٹریفک مینجمنٹ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اداروں میں ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ ڈی آئی جی موٹروے ڈاکٹر قریش خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جدید ٹیکنالوجی، بہتر پٹرولنگ اور ایمرجنسی رسپانس کے ذریعے حادثات میں کمی لائی جائے گی۔ فریقین نے ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد، ڈرائیورز کی آگاہی مہم اور خطرناک مقامات کی نشاندہی کے لیے مشترکہ سروے کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ودیگر روڈ منصوبے کے افتتاح کے موقع پر دعا کررہے ہیں

طلبا وطالبات سیرت النبیؐ کو زندگی کا حصہ بنائیں، مقررین

موجودہ دور کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اسوہ حسنہ سے رہنمائی ناگزیر ہے

جامعہ گوادر میں سیرت النبیؐ سیمینار ، رجسٹرار، کنٹرولر امتحانات ودیگر کا خطاب

گوادر (آن لائن) یونیورسٹی آف گوادر کے کوالٹی انہاسمنٹ سیل کے زیر اہتمام سیرت النبیؐ کے موضوع پر ایک روزہ سیمینار ہوا، جس میں اساتذہ اور طلبا وطالبات کی بڑی تعداد نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کی صدارت رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان نے کی۔ اپنے صدارتی خطاب میں انہوں نے سیرت طیبہؐ کو زندگی کے ہر شعبے میں رہنمائی کا جامع اور کامل ذریعہ قرار دیتے ہوئے طلبہ پر زور دیا کہ وہ حضور اکرمؐ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں تاکہ ایک مہذب اور مثالی معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ سیمینار کے نمایاں مقررین میں کنٹرولر امتحانات، ڈاکٹر رحیم مہر، مولانا ظریف اور اسلم بگرانی اور طیبہ شامل تھیں۔ مقررین نے سیرت النبیؐ کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے حضورؐ کی حیات مبارکہ کو انسانیت کے لیے مکمل ضابطہ حیات قرار دیا۔ انہوں نے بالخصوص حضورؐ کی شفقت، عدل، رواداری اور اعلیٰ انسانی اقدار کو اجاگر کیا اور اس امر پر زور دیا کہ موجودہ دور کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسوہ حسنہ سے رہنمائی ناگزیر ہے۔ تقریب کے دوران طلبہ وطالبات نے نعت خوانی اور تقاریر پیش کرکے حاضرین سے بھرپور داد وصول کی، جس سے پروگرام کی روحانیت اور معنویت میں مزید اضافہ ہوا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض ڈائریکٹر QEC، ڈاکٹر رابعہ اسلم نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔

کوئٹہ: جسٹس سردار احمد حلیمی، نعیم اختر افغان، عبدالمالک ودیگر کا شجاعت حسین ایڈووکیٹ کی بیٹی شادی کے موقع پر گروپ فوٹو

میر شعیب نوشیروانی کا صوبے کی ترقی میں اہم کردار ہے، سیف الرحمن تارن

اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں امن وامان کے حوالے سے عوام کے تحفظات ہیں ساتھ میں ترقیاتی کام بھی نہ ہونے کے برابر ہیں جن کی اصل وجہ صحیح قیادت کا نہ ہونا ہے جب تک صوبے میں صحیح قیادت نہیں آتی اس وقت تک یہی صورتحال رہے گی۔

بہتر سفری سہولت فراہم کرنے کیلئے قومی شاہراہوں پر کام جاری ہے، سلیم کھوسہ

حکومت نے عوامی مسائل کے حوالے سے جو اقدامات شروع کیے ہیں شہریوں کو سہولیات میسر آئیں گی، وزیر مواصلات

پسماندگی کے خاتمے کیلئے سنجیدگی کے ساتھ کوشش کریں تو عوام کی مشکلات میں کمی لائی جاسکتی ہے، صوبائی وزیر کی گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور بلوچستان بھر میں سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے قومی شاہراہوں پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے جبکہ کوئٹہ میں اکثر روڈ مکمل ہونے سے ٹریفک کے مسائل میں کمی آئی ہے مزید بھی مکمل ہونے کے بعد کوئٹہ شہر پر ٹریفک کا بوجھ سو فیصد ختم ہوسکتا ہے موجودہ حکومت نے عوامی مسائل اور خاص کر روڈوں پر کم کے حوالے سے جو اقدامات شروع کیے ہیں ان کی آنے والے وقت میں کامیابی ملے گی' یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان کے مسائل اور خاص کر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے جو اقدامات شروع کیے ہیں وہ نیک شگون اور اس کے آنے والے وقت میں اچھے اثرات مرتب ہوں گے بلوچستان ایک پسماندہ صوبہ ضرور ہے لیکن اس پسماندگی کے خاتمے کے لیے اگر کوئی بھی حکومت سنجیدگی کے ساتھ کوشش کریں تو ایک حد تک پسماندگی ختم اور صوبے میں خوشی کا لہر پیدا ہوسکتی ہے موجودہ حکومت نے ہی قارمولا اختیار کرتے ہوئے جہاں بھی مسائل ہے اور وہاں وسائل کی کمی ہے ان پر قابو پانے کے لیے اگرچہ ہمارے پاس فنڈز کی کمی ہے لیکن پھر بھی ہم نے اس پر قابو پانے کے لیے اقدامات شروع کیے ہیں اور اس اقدامات سے بہت سے فائدہ مل رہی ہے خاص کر کوئٹہ شہر میں متبادل روٹس مکمل ہونے سے ٹریفک کا بوجھ کم ہوا ہے اور تمام سڑکیں اور پلائی اور مکمل ہونے سے سو فیصد ٹریفک کنٹرول ہوسکتا ہے۔

بلوچستان میں تعلیمی شعبہ شدید مسائل کا شکار ہے، حافظ خلیل

کوئٹہ (اے این این) سماجی وسیاسی رہنما حافظ خلیل اللہ نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے، اور بدقسمتی سے بلوچستان میں آج بھی تعلیمی شعبہ شدید مسائل کا شکار ہے اگر ہم نے اپنے نوجوانوں کو معیاری تعلیم فراہم نہ کی...

قندھاری بازار کے دکاندار بوند بوند پانی کو ترسنے لگے، حبیب اللہ اچکزئی

حکام کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے، عبدالباری اچکزئی

چمن شہر میں پانی کی فراہمی کا نظام نہایت غیر منظم ہو چکا ہے، حافظ گلبدین نورزئی

چمن (پ ر) مرکزی انجمن تاجران ودکانداران رجسٹرڈ ضلع چمن کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی...

ٹرانسپورٹروں پر مزید عرصہ حیات تنگ نہ کیا جائے' ظاہر شاہ کاکڑ

قومی شاہراہوں پر مسافر بسوں اور کوچز کو تلاشی کے نام پر گھنٹوں کھڑا کیا جارہا ہے

کوئٹہ (اے این این) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز گرینڈ اتحاد اور خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات "ظاہر شاہ کاکڑ" نے قومی... صورت قابل قبول نہیں، خاص طور پر ایسے مواقع پر جب خواتین، بزرگ اور بیمار مسافر بھی شدید مشکلات کا شکار ہوتے ہیں...

قلعہ سیف اللہ کو فوری آفت زدہ قرار دیا جائے، اے کیو ایم

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ رواں سال قلعہ سیف اللہ میں شدید برف باری نے علاقے میں تباہی مچادی ہے اس قدرتی آفت سے باغات کھیتی باڑی اور کھڑی فصلوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے جس کی وجہ سے زمینداروں اور مال داروں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ قلعہ سیف اللہ کو حالیہ بارشوں، شدید برف باری اور تیز ہواؤں سے ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے واضح رہے کہ قلعہ سیف اللہ کے اکثر علاقوں کے عوام کا ذریعہ معاش مال مویشی اور زراعت پر منحصر ہے پہاڑی علاقہ ہونے کی وجہ سے غریب عوام کا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہے علاقوں میں گزشتہ سال بھی شدید بارشوں نے تباہی مچائی تھی لیکن عوام کی نقصانات کا سابق حکومت نے کوئی ازالہ نہیں کیا اگر مزید بارشیں ہوئیں تو نہ صرف مزید مالی بلکہ قیمتی جانوں کے نقصانات کا بھی بڑا خدشہ ہے۔ بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قلعہ سیف اللہ کو آفت زدہ قرار دیکر تباہ شدہ باغات اور مال مویشی کے نقصانات کیلئے کمیٹی تشکیل دی جائے اور متاثرہ عوام کیلئے امدادی پیکیج کا اعلان کیا جائے۔

علمی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے ، وارث افغان

قیام امن کیلئے عوامی تعاون ناگزیر ہے، آئی جی جی بی

افسران کارکردگی بہتر بنا کر عوامی خدمت کو یقینی بنائیں، ڈاکٹر اکبر ناصر

معاشی ترقی کیلئے باہمی تعاون کو فروغ دینا ناگزیر ہے، ممتاز راٹھور

آزاد جموں وکشمیر حکومت کے باہمی اشتراک سے خواتین کی معاشی خودمختاری کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

مستحق خواتین کو سہولیات کی فراہمی کیلئے بی آئی ایس پی محکمہ صحت کیساتھ روابط کو مزید مضبوط بنائے ، وزیراعظم آزاد کشمیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی تحصیل آفس باغ میں ڈائنامک رجسٹریشن سینٹر اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال باغ میں قائم بینظیر نشوونما سینٹر کا دورہ بھی کیا چیئرپرسن وابستہ ماہرین کی ایک بڑی تعداد بھی کانفرنس میں شریک تھی۔ کانفرنس میں سینیٹر روبینہ خالد کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر حکومت کی جانب... جائیں گے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مرکز میں ماں اور بچے کی صحت وغذائیت کے حوالے سے فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور زیر علاج خواتین اور ان کے بچوں سے ملاقات کی۔ انہوں نے ڈی جی بی آئی ایس پی کو ہدایت کی کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ تعاون اور روابط کو مزید مضبوط بنایا جائے...

ایف آئی اے کے بہادر جوانوں کو سی سی ان سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا

خضدار، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، عوام کو شدید مشکلات کا سامنا

اسلحہ کی نمائش کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے' احسان کاکڑ

گوادر کیلئے فواد چوہدری کی تجویز مسترد کرتے ہیں، علیم صادق

وفاقی محتسب کی مداخلت، شہری کو گیس بل جرمانہ سے استثنیٰ

آئی جی اسلام آباد کی زیر علاج ایس پی محفوظ کیانی کی عیادت

چمن مسائل کا گڑھ بن گیا ہے، جمال اچکزئی

نیب کے وژن بدعنوانی کی لعنت کے خاتمے کیلئے طلباء کو آگاہی فراہم

ایئرپورٹس پر جدید مشینری نصب کی جائیگی اعلیٰ سطحی اجلاس میں فیصلہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وزارت دفاع اور وزارت داخلہ کی مشترکہ حکمت عملی سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ میجر جنرل نور ولی خان، ایڈیشنل سیکرٹری دفاع میجر جنرل قیصر سلیمان، ڈی جی اینٹی نارکوٹکس فورس میجر جنرل عبدالمعید اور ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ایئرپورٹس پر عوام کی سہولت کیلئے مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اجلاس میں تمام متعلقہ اداروں کے درمیان موثر کوآرڈینیشن یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے کیلئے ایئرپورٹس پر جدید ترین مشینری نصب کی جائے گی۔ اجلاس میں جوائنٹ کاؤنٹرز قائم کرنے اور ایک ہی مقام پر چیکنگ کا نظام متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ای گیٹس کی تنصیب پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مسافروں کو تیز ترکلیئرنس اور آسان سفری سہولتوں کی فراہمی پر زور دیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایک ہی کاؤنٹر پر تمام اداروں کی مشترکہ چیکنگ سے وقت کی بچت ممکن ہوگی اور مسافروں کو بھی سہولت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کے مابین ہم آہنگی سے ہی ایئرپورٹس پر رش اور انتظار میں کمی لائی جاسکے گی کیونکہ عوام کو جدید، تیز اور آسان سفری سہولیات فراہم کرنا ہمارا عزم ہے۔ سیکرٹری دفاع نے کہا کہ ایئرپورٹس پر طیاروں کو پرندوں کی وجہ سے ہونے والے نقصان اور حادثوں سے بچانے کیلئے جدید ترین مشینری درآمد کی جارہی ہے۔



سیکرٹری مواصلات بابر خان مختلف منصوبوں پر پیشرفت سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایچ ای سی کا دواں سال سکالرشپ پروگرام 26 ہزار درخواستیں موصول

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN

PPHI-B

(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

TENDER NOTICE

Expansion/Extension, Construction, and Repair & Renovation Works at District Warehouses of PPHI-Balochistan

PPHI-B/H.O-BLN/CW/2025-26/02

Lot No	District Name	Name of Sites	Tender Fee	Closing/Opening Date & Time
01	Dera Bugti	District Warehouse Dera Bugti	Rs.2000/-	Pre Bid Meeting: 28th April, 2026 & Time 01:00 PM Bid Submission last date: 11th May, 2026 & Time 11:30 AM directly submitted to the Head Office, PPHI-Balochistan. Technical Opening: 11th May 2026 & Time 12:00 PM Financial Opening: Date will be Communicated after Technical Assessment
02	Harnai	District Warehouse Harnai	Rs.2000/-	
03	Jaffarabad	District Warehouse Jaffarabad	Rs.2000/-	
04	Jhal Magsi	District Warehouse Jhal Magsi	Rs.2000/-	
05	Kachhi	District Warehouse Kachhi	Rs.2000/-	
06	Killa Abdullah	District Warehouse Killa Abdullah	Rs.2000/-	
07	Killa Saifullah	District Warehouse Killa Saifullah	Rs.2000/-	
08	Loralai	District Warehouse Loralai	Rs.2000/-	
09	Naseerabad	District Warehouse Naseerabad	Rs.2000/-	
10	Sohbatpur	District Warehouse Sohbatpur	Rs.2000/-	
11	Sibi	District Warehouse Sibi	Rs.2000/-	
12	Zhob	District Warehouse Zhob	Rs.2000/-	

Invites tender from FBR/BRA active filers (companies/firms) Tender fee (non-refundable) for each LOT in the form of pay Orders/ Demand Draft in favor of People's Primary Healthcare Initiative – Balochistan. Tender Documents with detail of required work can be downloaded from PPHI-Balochistan website at http://pphib.org/pphi-b/tenders.

- Proposal should clearly be marked with the Lot# and Description
- Proposal for Each Lot must be submitted separately with separate Tender Fee.
- Each Proposal must contain Technical and Financial bids in separate envelops.
- Financial Proposal for each must be accompanied by Bid security of 2% in shape of Call Deposit in favor of People's Primary Healthcare Initiative Balochistan.
- The bid must be delivered containing technical (along with company profile) and financial proposals to Manager Admin PPHI-Balochistan Head Office, Quetta.
- The Procuring Agency reserves the right to reject any or all bids or cancel the procurement proceedings at any time prior to award of contract without disclosing any reason.

MANAGER ADMIN
PPHI - BALOCHISTAN. TEL: 081-2863620 FAX: 081-2863642

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے
چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمدؔ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعرات 23 اپریل 2026ء

عالمی یوم الارض: چیلنجز کے مقابل قومی عزم اور پائیدار ترقی کا سفر!!

پاکستان سمیت دنیا بھر میں گزشتہ روز بائیس اپریل کو یوم الارض منایا گیا زمین کی حفاظت سب کی یکساں ذمہ داری ہے، جس کے تحت ہر سال دنیا بھر میں بائیس اپریل کو "ارتھ ڈے" منایا جاتا ہے تاکہ زمین کو درپیش ماحولیاتی خطرات کی آگاہی پیدا کی جا سکے۔ ورلڈ ارتھ ڈے کی مناسبت سے ملک بھر میں مختلف تقاریب و سرگرمیاں منعقد ہوئیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم ارض کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ زمین کے قدرتی وسائل انسانی زندگی کی بقا کیلئے ناگزیر ہیں۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی اس حوالے سے پیغام جاری کیا ہے اور قدرتی ماحول کے تحفظ اور بقاء کے لئے اجتماعی ذمہ داریوں کو اجاگر کیا ہے یوم الارض دراصل انسانیت کو اس کے مشترکہ گھر، کرہ ارض، کے تحفظ کی یاددہانی کرانے کا ایک عالمی عہد ہے۔ یہ دن ہمیں اس حقیقت سے روشناس کراتا ہے کہ زمین کے وسائل محدود ہیں اور ان کا ذمہ دارانہ استعمال ہی انسانی بقا اور ترقی کی ضمانت ہے ماحولیاتی تحفظ اب کسی ایک ملک یا خطے کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری انسانیت کا مشترکہ چیلنج بن چکا ہے۔ پاکستان میں یوم ارض کی تقریبات کے موقع پر قومی قیادت کی جانب سے جاری پیغامات اس امر کی بھرپور عکاسی کرتے ہیں کہ حکومت ماحولیاتی تحفظ کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں بجا طور پر اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ زمین کے قدرتی وسائل انسانی زندگی کی بقا کے لئے ناگزیر ہیں اور موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات اس امر کے متقاضی ہیں کہ ہم فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ پاکستان چونکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے، اس لئے یہ مسئلہ ہمارے لئے محض عالمی مباحث کا حصہ نہیں بلکہ قومی بقا کا سوال بن چکا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان کا گرین ہاؤس گیسوں کے عالمی اخراج میں حصہ نہ ہونے کے برابر ہے، مگر اس کے باوجود موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا سب سے بڑا بوجھ ہمیں ہی اٹھانا پڑ رہا ہے۔ دو ہزار بائیس کے تباہ کن سیلاب کی مثال ہمارے سامنے ہے جس میں لاکھوں افراد متاثر ہوئے انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچا اور معیشت پر گہرے اثرات مرتب کئے۔ درجہ حرارت میں تیزی سے اضافہ، پانی کی قلت، گلیشیئرز کا پگھلنا اور فضائی آلودگی جیسے مسائل اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ موسمیاتی بحران اب مستقبل کا خطرہ نہیں بلکہ حال کا المیہ ہے۔ ایسے میں حکومت کی جانب سے قابل تجدید توانائی کے فروغ، شجرکاری، پانی کے بہتر استعمال اور ماحولیاتی قانون سازی جیسے اقدامات نہایت بروقت اور ضروری ہیں۔ شمسی اور ہوا سے حاصل ہونے والی توانائی کے منصوبے نہ صرف توانائی کے بحران کا حل پیش کرتے ہیں بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی کا ذریعہ بھی بنتے ہیں پارلیمان کی جانب سے شمسی توانائی کے استعمال کا آغاز اس حوالے سے ایک مثبت مثال ہے جو قومی سطح پر پائیدار ترقی کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے پیغامات کا بھی ذکر ضروری ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی پوری دنیا کے لئے ایک سنگین چیلنج ہے، کرہ ارض کی حفاظت کیلئے شعور اجاگر کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کیلئے محض پالیسی سازی کافی نہیں بلکہ انفرادی اور اجتماعی طرز زندگی میں تبدیلی بھی ناگزیر ہے۔ درحقیقت یہی وہ پہلو ہے جسے اکثر نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔ ماحول دوست طرز زندگی اپنانا، پلاسٹک کے استعمال میں کمی، پانی اور توانائی کی بچت اور شجرکاری جیسے اقدامات بظاہر چھوٹے دکھائی دیتے ہیں مگر مجموعی طور پر ان کے اثرات انتہائی دور رس ہوتے ہیں۔ نوجوان نسل، تعلیمی اداروں اور سماجی تنظیموں کا کردار اس حوالے سے کلیدی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ ماحولیاتی شعور کی بیداری ایک طویل المدتی عمل ہے جو تعلیم اور آگاہی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ ہمیں اپنی ترقیاتی ترجیحات کو ماحول دوست بنانا ہوگا۔ جنگلات کا رقبہ عالمی معیار کے مقابلے میں انتہائی کم رہ جانا ایک سنجیدہ مسئلہ ہے جس کے حل کیلئے بڑے پیمانے پر شجرکاری اور جنگلات کے تحفظ کے اقدامات ضروری ہیں۔ فضائی آلودگی اور آبی قلت جیسے مسائل شہری زندگی کیلئے بھی خطرہ بن چکے ہیں اور ان پر قابو پانے کیلئے مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے۔ اسی طرح وزیراعلیٰ بلوچستان کا پیغام اس امر کی یاددہانی ہے کہ قدرتی وسائل اور حیاتیاتی تنوع ہماری قومی دولت ہیں۔ بلوچستان کے ساحلی مینگروز، جونیپر اور چلغوزہ کے جنگلات نہ صرف ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں بلکہ مقامی معیشت اور روزگار کے مواقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ بلوچستان نے کلائمیٹ انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے، جس کا ذکر وزیراعلیٰ نے بھی کیا اور اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ بلوچستان پاکستان کا پہلا صوبہ ہے جس نے اپنا کلائمیٹ انڈومنٹ فنڈ قائم کیا ہے اور اس کے شفاف اور مؤثر استعمال کے لئے باقاعدہ پالیسی بھی تشکیل دی ہے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ حکومت نے ماحولیاتی تحفظ کو ترقیاتی ایجنڈے کا لازمی حصہ بنا لیا ہے۔ قابل تجدید توانائی، شجرکاری، آبی وسائل کے تحفظ اور پائیدار ترقی کے منصوبے دراصل مستقبل کی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہیں۔ تاہم یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہئے کہ حکومتی اقدامات اس وقت تک مکمل نتائج نہیں دے سکتے جب تک عوام اس میں بھرپور کردار ادا نہ کریں۔ یوم ارض ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ زمین کے تحفظ کی ذمہ داری صرف حکومتوں یا اداروں تک محدود نہیں بلکہ ہر فرد پر عائد ہوتی ہے۔ اگر ہر شہری اپنے روزمرہ کے معمولات میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لے آئے تو اس کے مثبت اثرات قومی سطح پر نمایاں ہو سکتے ہیں۔ ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے عالمی تعاون بھی نہایت اہم ہے۔ موسمیاتی تبدیلی ایک عالمی مسئلہ ہے جس کے حل کیلئے بین الاقوامی سطح پر مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے۔ پاکستان عالمی فورمز پر موسمیاتی انصاف کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کر رہا ہے اور ترقی یافتہ ممالک سے یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو تسلیم کرتے ہوئے ترقی پذیر ممالک کی معاونت کریں۔ یہ موقف نہ صرف منطقی ہے بلکہ انصاف کے تقاضوں کے عین مطابق بھی ہے۔ ماحولیاتی تحفظ دراصل معاشی ترقی سے جڑا ہوا ہے۔ پائیدار ترقی کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں۔ قابل تجدید توانائی، ماحول دوست صنعتوں اور سبز معیشت کے فروغ سے نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے بلکہ معیشت بھی مستحکم ہوگی۔ اس حوالے سے حکومت کی پالیسیوں کا تسلسل اور مؤثر عملدرآمد انتہائی اہم ہے۔ اگر ہم آج سنجیدہ عملی اقدامات کریں تو کل ایک محفوظ مستقبل ہمارا منتظر ہوگا۔ یہی وقت ہے کہ ہم اپنی ترجیحات کو درست سمت دیں اور زمین کے تحفظ کو قومی عزم کا حصہ بنائیں یہی پائیدار اور محفوظ مستقبل کی نوید ہے۔

پاک فوج حرمین شریفین کے تحفظ کے بابرکت مشن پر

سعودی عرب کی جانب سے شاہ عبدالعزیز ایئربیس پر پاکستانی فوج کے دستے کی آمد کا اعلان ستمبر 2025 میں طے پانے والے اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے میں ایک اہم پیش رفت ہے جو روایتی تعاون سے آگے بڑھ کر ایک گہری اور زیادہ پابند فوجی شراکت داری میں تبدیلی کی علامت ہے۔ یہ تعیناتی جس میں لڑاکا طیارے اور معاون عملہ شامل ہے پاکستان میں ایک تزویراتی اقدام اور مذہبی فریضے سے وابستہ مشن دونوں لحاظ سے دیکھی جا رہی ہے جس کا خاص تعلق مکہ اور مدینہ کے مقدس شہروں کے تحفظ سے ہے۔ یہ اقدام علاقائی تناؤ میں اضافے کے دوران سامنے آیا ہے جو مشرق وسطیٰ کی سیکیورٹی کی صورتحال کو نئی شکل دے رہا ہے جس میں اس اتحاد کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے جبکہ اہم توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور بحری تجارتی راستوں سے ایئربیس کی قربت کی وجہ سے یہ ایک دفاعی رکاوٹ کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔

سعودی اور پاکستانی قیادت کے درمیان طے پانے والا یہ معاہدہ اس بات کی توثیق کرتا ہے کہ کسی بھی ایک ملک پر حملہ دونوں ممالک پر حملہ تصور کیا جائے گا جس نے ان کے سیکیورٹی مفادات کو عملی طور پر ایک دوسرے سے جوڑ دیا ہے۔ یہ پیش رفت بدلتی ہوئی جغرافیائی سیاسی حقیقتوں کی عکاس ہے جس میں روایتی مغربی سیکیورٹی ضمانتوں پر کم ہوتا اعتماد اور علاقائی طاقتوں کے مابین بڑھتی ہوئی کشیدگی شامل ہے۔ پاکستان میں اس تعیناتی نے عوامی سطح پر زبردست جوش و خروش پیدا کیا ہے جس میں قومی فخر اور مذہبی جذبات کا امتزاج نظر آتا ہے اور اس سے مسلم دنیا کے محافظ کے طور پر ملک کے تصور کو مزید تقویت ملتی ہے۔ اس اقدام کو محض اسٹریٹجک اصطلاحات میں نہیں بلکہ عزت اور ذمہ داری کی علامت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے جو پاکستان کے کردار کو ایک علاقائی فوجی قوت سے بڑھا کر اسلام کے مقدس ترین مقامات کی حفاظت کے کلیدی ضامن کے طور پر بلند کرتا ہے۔

خالصتاً آپریشنل اور عسکری نقطہ نظر سے شاہ عبدالعزیز ایئربیس پر پاک فوج کے دستے کی آمد دونوں مسلح افواج کے درمیان باہمی تعاون (Interoperability) میں ایک بڑی چھلانگ کی علامت ہے۔ اگرچہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان فوجی تعاون کی ایک طویل تاریخ ہے۔۔ جس میں 1960 کی دہائی سے مملکت میں پاکستانی فوجیوں کی موجودگی اور مشترکہ مشقیں شامل ہیں۔۔ لیکن موجودہ تعیناتی اپنے دائرہ کار اور "مشترکہ مدافعت" کے واضح مینڈیٹ کے لحاظ سے منفرد ہے۔ مشرقی صوبے میں واقع یہ فضائی اڈہ فضائی حدود کی نگرانی اور طاقت کے اظہار کے لیے ایک اہم مرکز ہے۔ پاک فضائیہ کے لڑاکا طیاروں کو سعودی رائل ایئر فورس کے اثاثوں کے ساتھ ضم کر کے دونوں ممالک درحقیقت ایک متحد فضائی دفاعی نظام تخلیق کر رہے ہیں۔ یہ محض علامتی اشاروں سے کہیں بڑھ کر ہے؛ اس میں حساس ڈیٹا لنکس کا اشتراک، ریڈار کوریج کی ہم آہنگی اور مشترکہ مشن کی منصوبہ بندی شامل ہے۔ ماہرین نے نوٹ کیا ہے کہ یہ تعیناتی دونوں افواج کی "آپریشنل تیاری" کو بڑھاتی ہے جس سے وہ ایک متحد کمانڈ ڈھانچے کے تحت حقیقی وقت میں خطرات کا جواب دے سکتے ہیں۔ اس میں شامل پائلٹوں کے لیے یہ پیشہ ورانہ کامیابی کا اعلیٰ ترین درجہ ہے۔۔ نہ صرف علاقائی خودمختاری بلکہ اسلام کے مقدس جغرافیے کا دفاع کرنا۔

اس تعیناتی کے گرد موجود جغرافیائی سیاسی تناظر ایران کے ساتھ جاری تنازعے سے بہت متاثر ہے۔ جیسے جیسے جنگ میں شدت آئی اور ایرانی جوابی حملوں نے خطے میں مختلف مفادات کو نشانہ بنایا اور امریکی افواج شدید مہمات میں مصروف ہوئیں، سعودی عرب نے خود کو ایک نازک پوزیشن میں پایا۔ مملکت نے غیر معمولی تحمل کا مظاہرہ کیا ہے تاکہ وہ کسی ایسی براہ راست جنگ میں نہ پھنس جائے جو خطے کی معیشت کو تباہ کر دے۔ تاہم پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے نے تہران کے لیے خطرے کے حساب کتاب کو بنیادی طور پر بدل دیا ہے۔ جیسا کہ سابق سینئر فوجی افسران اور تجزیہ کاروں نے نشاندہی کی ہے کہ اگر سعودی عرب جوابی کارروائی کرے یا خود کو کسی براہ راست بڑے حملے کی زد میں پائے، تو وہ تنہا نہیں ہوگا۔ پاکستان جیسی ایٹمی طاقت کی موجودگی، جو ایک باضابطہ معاہدے کی پابند ہے، ایک طاقتور رکاوٹ کے طور پر کام کرتی ہے۔ یہاں تک کہ ایسی اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں کہ پاکستانی وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی قیادت کو واضح طور پر اس معاہدے کی موجودگی کی یاددہانی کرائی، جو کہ ایک سفارتی انتباہ ہے اور اس سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے جس کے ساتھ اسلام آباد اپنے عہد کو دیکھتا ہے۔ اگرچہ پاکستان ایک ثالث کا کردار ادا کر رہا ہے۔۔ مذاکرات کی میزبانی اور تحمل کی اپیل کر رہا ہے۔۔ لیکن لڑاکا طیاروں کی تعیناتی ایک "خاموش ضمانت" ہے کہ اس کے صبر اور ثالثی کے پیچھے مہلک فوجی طاقت موجود ہے۔

مزید برآں، تعیناتی کا پیمانہ عارضی طاقت دکھانے کے بجائے طویل مدتی وابستگی کی نشاندہی کرتا ہے۔ مختلف خبر رساں اداروں کی رپورٹس بتاتی ہیں کہ اس دستے میں نہ صرف لڑاکا طیارے بلکہ "معاون طیارے" بھی شامل ہیں، جن میں عام طور پر الیکٹرانک وارفیئر طیارے، فضائی ابتدائی انتباہ اور کنٹرول سسٹم (AEW&C) اور فضا میں ایندھن بھرنے والے ٹینکرز شامل ہوتے ہیں۔ ان طاقتور معاون ذرائع کی موجودگی ظاہر کرتی ہے کہ پاک فضائیہ کا دستہ خود کفیل ہے اور ضرورت پڑنے پر مسلسل جنگی کارروائیاں کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ مزید یہ کہ بعض ذرائع نے مملکت کے اندر وسیع تر سیکیورٹی ڈھانچے میں 13,000 تک پاکستانی فوجیوں کے شامل ہونے کا ذکر کیا ہے، جو پہلے سے مشاورتی اور تربیتی کرداروں میں موجود ہزاروں فوجیوں کے علاوہ ہیں۔ یہ پاکستانی افرادی قوت کی ایک بڑی تعیناتی ہے جو اس اتحاد کے زمینی پہلو کو مزید مستحکم کرتی ہے۔ یہ محض کسی مشق کے لیے آنے والا دستہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک مقدس مشن کے لیے آنے والی محافظ فوج ہے۔ سعودی عرب کے لیے یہ بلاشبہ میزائل خطرات اور فضائی مداخلت کے خلاف اس کے دفاع کو مضبوط بناتا ہے۔ پاکستان کے لیے یہ اپنے روایتی میدانوں سے دور، بائی تھریٹ ماحول میں مربوط فضائی دفاعی آپریشنز کا انمول تجربہ فراہم کرتا ہے۔

مستقبل میں سعودی عرب میں پاک فوج کا یہ "بابرکت مشن" مسلم دنیا کے سیکیورٹی ڈھانچے کی نئی تعریف کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ خلیج کی سیکیورٹی کی ضمانت دینے میں مغربی طاقتوں کے تاریخی غلبے کو چیلنج کرتا ہے اور اس کی جگہ مشترکہ عقیدے اور تزویراتی ہم آہنگی پر مبنی تعاون کا ماڈل لاتا ہے۔ پاکستان کے عوام کے لیے اپنے سپاہیوں اور طیاروں کو نبی کریم کی سرزمین کے لیے روانہ ہوتے دیکھنا ایک ایسا جذباتی منظر تھا جس نے معاشی تنگی اور سیاسی عدم استحکام کی تھکن کو دھو ڈالا۔ اس نے ان کے اس یقین کی تجدید کی کہ ان کے ملک کا، تمام تر مسائل کے باوجود، عالمی سطح پر ایک اہم کردار ہے۔۔ صرف سیکیورٹی حاصل کرنے والے کے طور پر نہیں بلکہ اسے فراہم کرنے والے کے طور پر بھی۔ شاہ عبدالعزیز ایئربیس پر سعودی پرچم کے ساتھ پاکستانی پرچم کا لہرانا اتحاد کی ایک طاقتور علامت ہے۔ یہ دنیا کو بتاتا ہے کہ حرمین شریفین کا دفاع ایک اجتماعی ذمہ داری ہے اور ریاض اور اسلام آباد کے درمیان رشتہ اب فولادی، خون سے عبارت اور ایمان سے بابرکت ہے۔ جیسے جیسے علاقائی کشیدگی برقرار ہے، یہ دستہ ایک بیدار تلوار کی طرح مقدس ترین زمین کی حفاظت کے لیے تیار کھڑا ہے، جس کی پشت پر 25 کروڑ شکر گزار پاکستانیوں کی دعائیں ہیں۔

آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کا متوقع دورہ چین اور توقعات

پاکستان کی سیاست میں جب بھی معیشت دباؤ کا شکار ہو اور سفارتی محاذ پر نئی راہیں تلاش کی جا رہی ہوں، تو نظریں لازماً چین کی طرف اٹھتی ہیں۔ اس ہفتے آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کا دورہ چین بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی معلوم ہوتا ہے۔ یہ دورہ واقعی نئی پیش رفت کا آغاز بنے گا۔ پاکستان کی سفارتی تاریخ میں آصف علی زرداری کے دور صدارت کو اگر ایک جملے میں سمیٹا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ زمانہ تھا جب پاکستان نے مشرق کی طرف دیکھنا سیکھا۔۔ اور اس نظر کا مرکز چین تھا۔ گو کہ پاک چین دوستی کا آغاز ذوالفقار علی بھٹو کی اعلیٰ ترین سفارتکاری کی بدولت پاکستان اور چین کے درمیان پہلا پاک۔ چین سرحدی معاہدہ 2۔ مارچ 1963 میں ہوا۔ اس معاہدے نے دونوں ممالک کے تعلقات کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کی یہی معاہدہ آج کے قریبی تعلقات کی ابتدائی بنیاد ہے۔ پاکستان چین کی دوستی کا سفر مسلسل بلندیوں کی جانب گامزن ہے جس کو مزید تقویت محترمہ بے نظیر بھٹو نے دی۔ پاکستان اور چین کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ اسٹریٹجک نوعیت کے حامل ہیں۔ پاکستان کے لیے چین ہمیشہ ایک قابل اعتماد شراکت دار رہا ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب عالمی مالیاتی دباؤ بڑھ رہا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس دورے میں سب سے زیادہ توجہ سی پیک پر مرکوز ہے، جو برسوں سے پاکستان کی معاشی امیدوں کا مرکز رہا ہے۔ لیکن حقیقت یہ بھی ہے کہ سی پیک کی رفتار گزشتہ حکومت کے چند برسوں میں سست پڑی رہی ہے۔ توانائی منصوبے مکمل ہونے کے باوجود صنعتی زونز اور روزگار کے مواقع وہ رفتار حاصل نہیں کر سکے جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ اور قوی امید تھی کہ ایک کروڑ بیروزگاروں کو ملازمتیں مل سکیں گی۔ ایسے میں اس دورے سے یہ امید کی جا رہی ہے کہ نئی سرمایہ کاری، نئے معاہدے اور شاید کچھ عملی اقدامات سامنے آئیں گے۔۔ جو حسب سابق صرف اعلانات تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ زمینی حقیقت بنیں گے۔ دوسری جانب علاقائی صورتحال بھی اس دورے کو خاص اہمیت دیتی ہے۔ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی، عالمی طاقتوں کی نئی صف بندیاں اور خطے میں بدلتی ہوئی ترجیحات۔۔ یہ سب عوامل پاکستان کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ اپنے قریبی اتحادیوں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرے۔ چین، جو اب صرف ایک معاشی طاقت نہیں بلکہ عالمی سیاست میں ایک فیصلہ کن کردار ادا کر رہا ہے، پاکستان کے لیے ایک اہم سفارتی سہارا بن سکتا ہے۔

تاہم اس سارے منظرنامے میں کیا پاکستان اپنی داخلی کمزوریوں پر قابو پائے بغیر بیرونی سرمایہ کاری سے حقیقی فائدہ اٹھا سکتا ہے؟ محض دورے، معاہدے اور بیانات اس وقت تک مؤثر ثابت نہیں ہو سکتے جب تک اندرونی استحکام، پالیسی کا تسلسل اور شفافیت کو یقینی نہ بنایا جائے۔ بلاشبہ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ پاکستان میں کرپشن ایک ایسے ناسور کی شکل اختیار کر چکی ہے جو ریاستی ڈھانچے، معیشت اور عوامی اعتماد۔۔ تینوں کو اندر سے کھوکھلا کر رہا ہے۔ جس پر قابو پانے کے لئے ارباب اختیار کو اپنی پوری توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔

یہ دورہ بلاشبہ اہم ہے، مگر اس کی کامیابی کا دارومدار محض ملاقاتوں پر نہیں بلکہ ان نتائج پر ہوگا جو آنے والے مہینوں میں سامنے آئیں گے۔ یہ دورہ عملی پیش رفت، نئی سرمایہ کاری اور پائیدار منصوبوں کی صورت میں سامنے آتا ہے تو یقیناً اسے ایک کامیاب سفارتی قدم کہا جا سکے گا۔

آصف علی زرداری کے سابقہ چین کے دوروں کی بدولت پاکستان کو سی پیک کے تحت پاکستان میں شاہراہوں کا جال بچھا۔ گوادر پورٹ، گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ساتھ ساتھ دفاعی معاملات میں ٹیکنیکل مدد ان دوروں کا ثمر شریں ہے۔ پاکستان کی عوام کو یقین کامل ہے کہ آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی سفارتکاری پاکستان کے حال پہ ہی نہیں بلکہ مستقبل میں بھی ایک بے مثال قابل فخر ثابت ہوگی۔ اس معاہدے نے دونوں ممالک کے تعلقات کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کی یہی معاہدہ آج کے قریبی تعلقات کی ابتدائی بنیاد ہے۔ پاکستان چین کی دوستی کا سفر مسلسل بلندیوں کی جانب گامزن ہے، جس کو مزید تقویت محترمہ بے نظیر بھٹو نے دی۔ پاکستان اور چین کے تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ اسٹریٹجک نوعیت کے حامل ہیں۔ پاکستان کے لیے چین ہمیشہ ایک قابل اعتماد شراکت دار رہا ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب عالمی مالیاتی دباؤ بڑھ رہا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس دورے میں سب سے زیادہ توجہ سی پیک پر مرکوز ہے، جو برسوں سے پاکستان کی معاشی امیدوں کا مرکز رہا ہے۔ لیکن حقیقت یہ بھی ہے کہ سی پیک کی رفتار گزشتہ حکومت کے چند برسوں میں سست پڑی رہی ہے۔ توانائی منصوبے مکمل ہونے کے باوجود صنعتی زونز اور روزگار کے مواقع وہ رفتار حاصل نہیں کر سکے جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ اور قوی امید تھی کہ ایک کروڑ بیروزگاروں کو ملازمتیں مل سکیں گی۔ ایسے میں اس دورے سے یہ امید کی جا رہی ہے کہ نئی سرمایہ کاری، نئے معاہدے اور شاید کچھ عملی اقدامات سامنے آئیں گے۔۔ جو حسب سابق صرف اعلانات تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ زمینی حقیقت بنیں گے۔

ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ہوگا!

جن محکموں میں خالی آسامیاں ہیں انہیں ختم کیا جا رہا ہے اور یہ تعداد ہزاروں میں ہے جبکہ بے روزگاری اپنی آخری حدوں کو چھو رہی ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ملکی خزانے میں موجود پیسا اتنا نہیں کہ اس سے بے روزگاروں کو روزگار فراہم کیا جا سکے اور باروزگاروں کو آسائشیں مہیا کی جا سکیں مگر سوال یہ ہے کہ حکومتیں کس لئے ہوتی ہیں؟

جب وہ اقتدار میں آتی ہیں تو آنے سے پہلے عوام سے وعدے تو بہت کرتی ہیں مگر جونہی تخت نشیں ہوتی ہیں تو پھر تو کون اور میں کون؟ جب لوگ ان سے پوچھتے ہیں کہ آپ نے تو فلاں فلاں وعدے کیے تھے تو وہ کہتی ہیں کہ ٹھیک ہے مگر ہم جن عالمی مالیاتی اداروں سے قرضہ لیتے ہیں ان کی کچھ شرائط ہوتی ہیں جن پر عمل درآمد لازمی ہوتا ہے۔ حیرت مگر یہ ہے کہ آئی ایم ایف یا دوسرے مالیاتی ادارے ہمیشہ عوام کو سہولتیں دینے سے متعلق نہیں بلکہ انہیں جو چند ایک میسر ہوتی ہیں ان کو واپس لینے کی شرائط آگے رکھتے ہیں مگر اشرافیہ کے بارے میں کبھی بھی ایسی شرائط پیش نہیں کرتے لہٰذا ان کی تنخواہیں جتنی بھی بڑھائی ہوں بڑھا دی جاتی ہیں ان پر ٹیکس بھی لاگو نہیں ہوتے۔ لیے گئے قرضے بھی ان کے معاف کر دیئے جاتے ہیں لہٰذا اب معیشت کی صورت حال بے حد خراب ہو چکی ہے جس کو ٹھیک کرنے کے لئے موجودہ حکومت ایک تو اداروں کو نجی تحویل میں دے رہی ہے دوسرے جن محکموں میں نئی بھرتیاں کرنا تھیں وہ نہیں کر رہی الٹا اس نے وہ آسامیاں ہی ختم کر دی ہیں نہ رہے بانس نہ بجے بانسری نہ ہوں ملازمین نہ انہیں تنخواہیں دینا پڑیں اور نہ ہی وہ احتجاج کر سکیں۔ کوئی حکومت سے پوچھے کہ ریاست شہریوں کے بنیادی حقوق کی ذمہ دار نہیں ہوتی اس نے ہی لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہوتے ہیں تعلیم صحت کی سہولتوں کا انتظام اس نے ہی کرنا ہوتا ہے مگر یہاں تو گنگا الٹی بہتی ہے آج تک ہماری کسی بھی حکومت نے اپنا فرض ادا نہیں کیا اس نے ہمیشہ لوٹی پاپ تھما دیئے ہیں لوگوں کی جیبوں کو جتنا ہو سکا خالی کیا گیا۔

یہ بات درست ہے کہ حکومت کو ٹیکس دینا عوام کا فرض ہوتا ہے مگر کیا ان ٹیکسوں سے عوام کا مستفید ہونا ان کا حق نہیں مگر دیکھا گیا ہے کہ بہت کم ان ٹیکسوں سے عوام کو فائدہ پہنچا اس کے برعکس اشرافیہ نے خوب موجیں کیں اب بھی یہی کچھ ہو رہا ہے عوام کی حالت انتہائی دگرگوں ہے مگر اہل اقتدار شاہانہ طرز زندگی بسر کر رہے ہیں آئے روز ان کے مالی مفادات میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ ملازمین، مزدور اور محنت کش طبقے آنسو بہا رہے ہیں ان کی آمدنی انتہائی قلیل ہے جب وہ حکومت کے آگے گزر بسر نہ ہونے کا رونا روتے ہیں تو وہ آئی ایم ایف کو مورد الزام ٹھہراتی ہے؟ اس میں قصوروار وہ ہے تو حکومت بھی بری الذمہ قرار نہیں پا سکتی کیونکہ کسی بھی حکومت کا یہ فرض منصبی ہوتا ہے کہ وہ خزانہ بھرنے کے لئے منصوبے بنائے اس بارے سوچ بچار کرے مگر وہ قرضے لے کر ملک چلانے پر اکتفا کرتی ہے اور اب اتنا قرضہ لیا جا چکا ہے کہ جسے اتارنے کے لئے اداروں کو فروخت کیا جا رہا ہے یہ حل نہیں معیشت کو مستحکم کرنے کا اس کے لئے صنعتیں لگانے کی ضرورت ہے بدعنوانی پر قابو پایا جائے۔ بے جا اخراجات کم کیے جائیں غیر پیداواری سکیموں پر عمل درآمد اس وقت تک روک دیا جائے جب تک خزانہ بھر نہ جائے مگر نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے کیونکہ حکمران طبقہ تو خود کو بڑا دانا و بینا تصور کرتا ہے؟

بہرحال ہم سمجھتے ہیں کہ جس طرح کے اقدامات کیے جا رہے ہیں ان میں زیادہ تر غیر موافق ہیں کچھ موافق بھی ہیں مگر ان سے پیٹ نہیں بھرتا جن سے پیٹ بھر سکتا ہے وہ بہت کم نظر آتے ہیں لہٰذا اگر اہل اقتدار عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں تو انہیں آئی ایم ایف سے چھٹکارا پانے کا کوئی راستہ نکالنا ہوگا اسے بتایا جائے کہ ان کی ہر شرط پر عمل ممکن نہیں کیونکہ عوام کی اکثریت پر اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں مگر عوامی مفاد میں فیصلے کرنا ہر حکومت کے بس میں نہیں ہوتا لہٰذا وہ انتظامی امور چلانے کے لئے لوگوں کو قربانی کا بکرا بناتی ہے۔

اسے یہ خیال نہیں رہتا کہ جب مہنگائی بے روزگاری اور غربت کی انتہا ہو تو حکومت کو ان کی مالی مدد کرنا ہوتی ہے مگر وہ ان کی جمع پونجی پر بھی نظریں گاڑ دیتی ہے۔ وہ کیسے جئیں گے کہاں سے اپنے بچوں کے لئے اتنے پیسے لائیں گے۔ آج مورخہ بائیس اپریل کے اخبار میں ایک خبر چھپی ہے کہ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ کیا جائے۔ لوگ تو موجودہ بلوں کی ادائی کرنے سے قاصر ہیں مزید اضافہ پر تو ان کی چیخیں نکل جائیں گی۔ کیا وہ ممالک ہیں جہاں بجلی مفت دی جاتی ہے جن میں ایسا نہیں وہاں اس کی معمولی قیمت ہے کیونکہ ان کی حکومتیں اپنے شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دینے کے لیے پوری کوشش کرتی ہیں۔ بے روزگاروں کے وظیفے مقرر کرتی ہیں۔ کسی نے قرضہ بھی لینا ہو تو اسے بلاسود دیتی ہیں یا پھر برائے نام وصول کرتی ہیں۔ ہمارے ہاں تو ایسا رواج ہی نہیں کیونکہ ہم مالیاتی اداروں سے سود پر قرضے لیتے ہیں اور آگے بھی اسی طرح دیتے ہیں۔ اس نظام نے ہماری ترقی کو آگے نہیں بڑھنے دیا اور قرضوں کے جال میں الجھ کر آج ہمیں بدحالی کا سامنا ہے مگر مطلوبہ سرمایہ کاری نہیں ہو رہی اور اس کی ایک وجہ سیاسی عدم استحکام بھی ہے جس کو شاید قابل توجہ نہیں خیال کیا جا رہا اور غیر پیداواری منصوبوں کا عوامی بے چینی کو کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے مگر جب تک نظام حیات جس میں لوگوں کو سہولتیں نہیں ملتیں غربت افلاس سے نجات نہیں ملتی تعلیم صحت مفت فراہم نہیں کیے جاتے ناانصافی کا خاتمہ نہیں ہوتا تب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آ سکتا نہ ہی لوگوں کے معاشی حالات بہتر ہو سکتے ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ آئی ایم ایف ایسے اداروں کے قرضوں اور احکامات سے گلو خلاصی کے لئے قومی حکومت بنائی جائے جس میں ہر کسی کا بقدر جثہ حصہ ہو تاکہ ملک میں خوشحالی آئے۔

آزادی یا آوارگی صحافت

پاکستان میں آزادی صحافت کا شور تو بہت ہے، مگر سوال یہ ہے کہ کیا واقعی یہ آزادی ہے یا پھر بے لگام آوارگی؟ صحافت جو کبھی ایک مقدس پیشہ سمجھا جاتا تھا، جہاں قلم امانت اور مائیک ذمہ داری کی علامت ہوتا تھا، آج اسی پیشے کو سستی شہرت، سنسنی خیزی اور اخلاقی پستی کی بھینٹ چڑھا دیا گیا ہے۔ آج کا منظرنامہ یہ ہے کہ ہر وہ شخص جس کے ہاتھ میں مائیک آ گیا، وہ خود کو صحافی سمجھنے لگا ہے۔ پوڈکاسٹ کے نام پر، ٹاک شوز کے نام پر اور سوشل میڈیا کی کھلی چھوٹ کے سہارے ایسے ایسے سوالات اور ایسے ایسے موضوعات زیر بحث لائے جا رہے ہیں کہ سننے والا شرم سے پانی پانی ہو جائے۔ جبکہ بیوی کو کندھے پر اٹھانے کا منظر نشر ہوتا ہے فلم ایکٹریس سے توہین آمیز ذاتی سوالات وہ لوگ کر رہے ہیں جو اپنے تئیں دوسروں کے لئے اخلاقیات کا درس دیتے تھے وہ درست تھا مگر کسی اداکارہ کو یوں ان کو کھڑا کرتے وقت اخلاقیات کیوں بھول گئے ایک جانب ٹی وی شوز میں خاندانی اقدار کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، دوسری طرف وہ اینکرز جو خود کو اخلاقیات کا علمبردار ظاہر کرتے ہیں، اپنے پروگراموں میں مہمان خواتین سے ایسے سوالات کرتے ہیں جو نہ صرف غیر اخلاقی ہیں بلکہ ہماری معاشرتی روایات کے بھی منافی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہی صحافت ہے؟ کیا یہی وہ معیار ہے جس پر ہم اپنے میڈیا کو کھڑا دیکھنا چاہتے ہیں؟ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس روش کو آزادی اظہار کا نام دے کر جواز فراہم کیا جا رہا ہے۔ حالانکہ آزادی اور بے حیائی کے درمیان ایک واضح لکیر موجود ہوتی ہے، اور جب یہ لکیر مٹ جاتی ہے تو معاشرہ زوال کا شکار ہو جاتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں یہی ہو رہا ہے۔ ایک زمانہ تھا جب صحافی طاقتور حلقوں سے سوال کرتے تھے، عوام کے مسائل اجاگر کرتے تھے، اور سچ کو سامنے لانے کے لیے ہر خطرہ مول لیتے تھے۔ آج صورتحال اس کے برعکس ہے۔ اب طاقتور سے سوال کرنے کے بجائے کمزور کو نشانہ بنایا جاتا ہے، سنجیدہ مسائل کی جگہ ذاتی زندگیوں کو اچھالا جاتا ہے، اور تحقیقاتی صحافت کی جگہ سستی شہ سرخیاں لے چکی ہیں۔ مزید افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اس گراوٹ میں صرف نئے لوگ ہی شامل نہیں بلکہ بڑے نام بھی اس دوڑ میں شریک ہو چکے ہیں۔ ریٹنگ کی دوڑ نے صحافت کو ایک کاروبار بنا دیا ہے جہاں اخلاقیات کی کوئی قیمت نہیں رہی۔ چینلز کے مالکان ہوں یا اینکرز، سب کا ہدف صرف زیادہ سے زیادہ ویوورشپ حاصل کرنا ہے، چاہے اس کے لیے کسی کی پگڑی ہی کیوں نہ اچھالنی پڑے۔ اخباری صنعت کی زوال کی ایک بڑی وجہ معیاری صحافت کی کمی ہے ماضی اور حاصل میں بعض اخبارات نے سنسنی خیزی، الزامات اور حتیٰ کہ بلیک میلنگ کو بھی بطور ہتھیار استعمال کیا، جس سے اس پیشے کی ساکھ شدید متاثر ہوئی جب خبر اور افواہ کے درمیان فرق ختم ہو جائے تو پھر صحافت نہیں بلکہ پروپیگنڈا جنم لیتا ہے۔

اصل مسئلہ صرف آزادی صحافت نہیں بلکہ اس آزادی کے غلط استعمال کا ہے۔ قانون موجود ہے، ضابطہ اخلاق بھی موجود ہے، مگر ان پر عملدرآمد نہ ہونے کے برابر ہے۔ پیمرا اور دیگر ادارے اگرچہ موجود ہیں، لیکن ان کی گرفت کمزور دکھائی دیتی ہے۔ نتیجتاً ہر کوئی اپنی مرضی کا بیانیہ پیش کر رہا ہے، بغیر کسی خوف کے۔ یہ صورتحال نہ صرف صحافت بلکہ پورے معاشرے کے لیے خطرناک ہے۔ میڈیا معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے، اور جب آئینہ ہی دھندلا ہو جائے تو حقیقت مسخ ہو جاتی ہے۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ اگر یہی روش جاری رہی تو آنے والی نسلیں صحافت کو سنجیدہ پیشہ نہیں بلکہ ایک تماشہ سمجھیں گی۔ اب بھی وقت ہے کہ اس بگڑتی ہوئی صورتحال کو سنبھالا جائے۔ میڈیا ہاؤسز کو خود احتسابی کی طرف آنا ہوگا، اینکرز کو اپنی حدود کا تعین کرنا ہوگا، اور ریاستی اداروں کو مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔ سب سے بڑھ کر، عوام کو بھی اپنے انتخاب پر نظرثانی کرنا ہوگی کیونکہ جو دیکھا جاتا ہے، وہی دکھایا جاتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ صحافت آزاد ہے یا مقید، سوال یہ ہے کہ کیا یہ آزادی ہماری اقدار کے ساتھ کھڑی ہے یا ان کے خلاف؟ اگر جواب ثانی میں ہے تو پھر ہمیں سنجیدگی سے سوچنا ہوگا، کیونکہ صحافت کا زوال دراصل معاشرے کے زوال کی علامت ہوتا ہے۔ پوڈکاسٹ کے نام پر، ٹاک شوز کے نام پر اور سوشل میڈیا کی کھلی چھوٹ کے سہارے ایسے ایسے سوالات اور ایسے ایسے موضوعات زیر بحث لائے جا رہے ہیں کہ سننے والا شرم سے پانی پانی ہو جائے۔ جبکہ بیوی کو کندھے پر اٹھانے کا منظر نشر ہوتا ہے فلم ایکٹریس سے توہین آمیز ذاتی سوالات وہ لوگ کر رہے ہیں جو اپنے تئیں کے لئے اخلاقیات کا درس دیتے تھے وہ درست تھا مگر کسی اداکارہ کو یوں ان کو کھڑا کرتے وقت اخلاقیات کیوں بھول گئے ایک جانب ٹی وی شوز میں خاندانی اقدار کا مذاق اڑایا جا رہا ہے، دوسری طرف وہ اینکرز جو خود کو اخلاقیات کا علمبردار ظاہر کرتے ہیں،

بشیر ساربان کی یاد تازہ کرتی امریکہ کی وقتی گرم جوشی



ناسازی طبع کی وجہ سے صبح اٹھتے ہی کھانسی اور چھینکوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا۔ اس کی وجہ سے معمول کے مطابق یہ کالم لکھنے کی ہمت مفقود رہی۔ دو دن کا ناغہ ہو گیا۔ دیرینہ اور مہربان قارئین سے معافی کی التجا۔ اگرچہ اب یہ خیال بھی اکثر ستاتا شروع ہو گیا ہے کہ میں جب اس گلی سے نہ گزروں گا تو کون سوچے گا وغیرہ وغیرہ۔ اداس کن باتوں سے صبح کا آغاز مگر اچھا نہیں۔ ذہن میں جمع ہوئی یادوں میں سے ایک کا ذکر آج کے حالات میں شاید آپ کو پسند آئے اور کچھ سوچنے کو بھی اکسائے۔

جس یار کا ذکر ہو رہا ہے وہ ایک یار مہربان کی بدولت چند روز قبل ذہن میں ابھری تھی۔ ہماری شناسائی کا آغاز 1970ء کی دہائی میں ہوا تھا۔ آتش ہم دونوں کا ان دنوں ضرورت سے زیادہ جوان تھا اور سرخ انقلاب پاکستان کی دہلیز پر بیٹھا ہماری جرأت کا انتظار کرتا محسوس ہوتا۔ کئی دہائیوں تک پھیلی مایوسی اور دل شکستگی کے بعد آج بھی ہم دونوں باہم مل بیٹھتے ہیں تو 1970ء کی دہائی کے ذکر ہی میں مصروف رہتے ہیں۔ چند دن قبل کھانے کی محفل کی طویل ملاقات ہوئی۔ ان دنوں ایران اور امریکہ کے مابین مذاکرات کے دوسرے دور کے امکانات کے سوا کچھ زیر بحث آ ہی نہیں سکتا اور اس تناظر میں ذکر پاکستان کا بھی جس کی ثالثی اور غیر جانبداری کا ان دنوں دنیا بھر میں شکر گزاری کے جذبات کے ساتھ ذکر ہو رہا ہے۔ میری نسل عبداللہ حسین کی بیان کردہ اداس نہیں بلکہ شکست خوردہ نسل ہے۔ دودھ کی جلی ہونے کی وجہ سے چھاچھ کو بھی حلق میں انڈیلنے سے قبل پھونکوں سے ٹھنڈا کرنے کی عادی۔ پاکستان کے لئے عالمی سطح پر جاری شکر گزاری کا ذکر ہوتا میرے دوست کو بشیر ساربان یاد آ گئے۔ اس کے ذکر کے بعد گفتگو ایک بار پھر ایران اور امریکہ کے مابین مذاکرات کے دوسرے دور کے امکانات کی جانب پلٹ گئی۔ میرا ذہن مگر گھر لوٹ کر بھی کئی گھنٹے ان دنوں کو یاد کرتا رہا۔

1961ء کا برس تھا۔ میں دوسری جماعت کا طالب علم تھا۔ اخبار مگر فرفر پڑھ لیتا۔ اس کی وجہ سے ہمارے محلے کے ایک نائی اور کلچے کے تندور والا اکثر سکول سے آتے ہوئے مجھے روک کر اپنے ہاں آئے اخبار کو بلند آواز سے پڑھ کر وہاں موجود افراد کو سنانے کا تقاضہ کرتے۔ نائی کی دوکان پر سامعین کی تعداد زیادہ ہوتی۔ تندور والا صبح کے وقت کلچے بیچ کر دکان کے باہر چارپائی بچھائے آرام کر رہا ہوتا۔ اس کے ہاں مگر کراچی کا ایک اخبار دن بارہ بجے کے بعد آتا تھا۔ وہ خود ان پڑھ تھا۔ میں کالج جانے تک سمجھ نہیں پایا کہ ان پڑھ ہونے کے باوجود وہ کراچی کے اس اخبار کا انتظار کیوں کرتا ہے۔ بہرحال اس کے پاس اخبار آ جانے کے بعد میں سکول سے گھر لوٹ رہا ہوتا۔ مجھے روک کر وہ استدعا کرتا کہ میں مذکورہ اخبار کے صفحہ اول پر ایک باکس میں چھپے نیویارک کاٹن ایکس چینج یعنی کپاس کی خرید و فروخت کے لئے لگائے نرخوں کو پڑھ کر با آواز بلند سناؤں۔ مذکورہ اخبار میں وہ نرخ یقیناً پاکستان میں کپاس کے سوداگروں کی سہولت کے لئے چھاپے جاتے ہوں گے جیسے ایران کے خلاف جنگ شروع ہونے کے پہلے روز سے ہمارے میڈیا پر تواتر سے خام تیل کے برطانیہ سے برنٹ نام کے ادارے سے جاری ہوئے نرخوں کا ذکر ہوتا ہے۔

بہرحال کپاس کے جو نرخ ہوتے وہ ڈالروں میں ہوتے اس میں مثال کے طور پر 10 کے بعد اعشاریہ انکال کرینٹ کا ذکر بھی ہوتا۔ 10 اعشاریہ 39 یا 40۔ عموماً مجھے اعشاریے کے بعد لکھے اعداد دہرانے کو مجبور کیا جاتا۔ کئی برس گزر جانے کے بعد دریافت ہوا کہ کلچے فروش سائیڈ بزنس کے طور پر سٹے کا دھندا بھی چلاتا تھا۔ یہ جوئے کی ایک قسم ہوتی تھی۔ جس میں اعشاریہ کے بعد آئے نمبروں سے جیت اور ہار کا فیصلہ ہوتا تھا۔ ایک حوالے سے کلچے فروش کے سائیڈ بزنس کا میں سہولت کار تھا۔ اس کے عوض وہ گھر لوٹتے ہوئے میرے ہاتھ تین سے چار باقرخانیاں تھما دیتا۔ کشمیری چائے کو وہ بہت لذیذ بنا دیتیں۔

سٹے کی خاطر آئے اخبار میں لیکن 1961ء کے برس کراچی کے ایک اونٹ گاڑی کے کوچوان بشیر کا تواتر سے ذکر ہونا شروع ہو گیا۔ مئی 1961ء میں امریکی نائب صدر جانسن خیرسگالی دورے پر کراچی آیا تھا۔ وہاں کی سڑک سے گزرتے ہوئے اس نے اونٹ گاڑیوں کی لمبی قطار دیکھی۔ جانسن کو عوامی ہونے پر بہت ناز تھا۔ امریکہ یا کسی بھی اور ملک کی سڑک پر چلتے ہوئے سرکاری کارروال روک کر کسی مقام پر جمع ہوئے لوگوں سے گفتگو میں مصروف ہو جاتا۔ کراچی میں لگی اونٹ گاڑیوں کی قطار نے اسے قافلہ روک کر ساربانوں سے گفتگو کو اکسایا۔ ان میں سے بشیر نام کے ساربان نے ترجمانوں کے ذریعے جانسن کے سوالوں کا سڑک چھاپ افراد کی اجتماعی بصیرت کے ساتھ جوابات دیتے ہوئے امریکی قافلے کو حیران کر دیا۔ بشیر سے گفتگو کے بعد رخصت ہوتے ہوئے جانسن نے اسے امریکہ آنے کی دعوت دی۔

بشیر ساربان کی جگہ کوئی اور شخص ہوتا تو شاید جانسن کی دعوت کو رات گئی بات گئی تصور کرتے ہوئے نظرانداز کر دیتا۔ جانسن کے پاکستان سے چلے جانے کے بعد مگر بشیر نے امریکی سفارت خانے سے رابطہ کیا اور خود کو ملی دعوت یاد دلاتا رہا۔ بالآخر جانسن نے ان دنوں کے مشہور امریکی جریدے ریڈرز ڈائجسٹ کی مالی معاونت سے بشیر کو ملاقاتوں کے نام پر اسے امریکہ آنے کی دعوت بھجوا دی۔ حکومت پاکستان نے درزی اشکا بشیر ساربان کو اپنی نگہبانی میں شلوار قمیض کے ساتھ اچکن اور تسموں والے جوتے اور سر پر جناح کیپ استعمال کرنا سکھائی اور امریکی ثقافت کے آداب سے آگاہ کیا۔ صاحب بن جانے کے بعد بشیر ساربان 15 اکتوبر 1961ء بروز اتوار نیویارک پہنچ گیا۔ امریکی نائب صدر نے ایئرپورٹ پر اس کا خود استقبال کیا۔ نیویارک میں چند دن رکھنے کے بعد بشیر ساربان کو جانسن کے سرکاری جہاز میں واشنگٹن لے جایا گیا۔ وائٹ ہاؤس میں اس کی دعوت ہوئی اور ان دنوں کے امریکی صدر کینیڈی سے بھی ملوایا گیا۔ واشنگٹن کے سرکاری دورے کے بعد بشیر ساربان کو جانسن کے ٹیکساس میں واقعہ آبائی شہر اور فارم ہاؤس میں بھی بطور مہمان خصوصی رکھا گیا۔ کراچی میں اونٹ گاڑی چلانے والے بشیر ساربان کی جس انداز میں امریکی دورے کے دوران آؤبھگت ہوئی اس کی تفصیلات لاہور کے ایک محلے میں کراچی سے آئے اخبار کے صفحہ اول پر نمایاں انداز میں چھپتی رہیں۔ مجھے دن میں کئی بار انہیں تندور یا نائی کی دوکان پر جمع ہوئے لوگوں کو سنانے کے لئے بلوایا جاتا۔ اس کے عوض باقرخانیوں کی تعداد بھی بڑھنے لگی۔ بشیر ساربان کی امریکہ میں ہوئی سواگت کی داستان سنتے ہوئے میرے سامعین کی آنکھیں چمک جاتیں۔ وہ اس گمان سے مغلوب دکھائی دیتے کہ امریکہ ہمارے ایک عام ساربان کی دلجوئی بھی اپنے لئے باعث فخر و اعزاز سمجھتا ہے۔ ہمارے حکمرانوں کی دلجوئی کو یقیناً نہایت بے تاب ہوگا۔

بشیر ساربان کی نائب صدر سے دوستی اور بے تکلفی نے عام پاکستانیوں کی اکثریت کو قائل کر دیا کہ امریکہ ان کا یار ہے۔ ہمارے بعد میں لکھا اصل یار ہوئے چین نے تاہم 1962ء کے اکتوبر میں بھارت پر حملہ کر دیا۔ ایک مہینے سے زیادہ بھارتی فوج کو لداخ سے اس کی سرحد کے اندر کئی دور تک گھس کر شکست لگائی اور نومبر 1962ء کا آغاز ہوتے ہی یکطرفہ طور پر جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے اپنی افواج از خود واپس بلوا لیں۔ چین کے حملے نے بھارت کو امریکہ کی نگاہ میں غیر جانبدار ملک کے بجائے کمیونزم کے خلاف برپا جنگ میں ممکنہ حلیف بنا دیا۔ پاکستان کے بشیر ساربانوں کو بھلا کر نہرو حکومت کی تازہ داری شروع کر دی گئی۔

پیغام رسانی کافی نہیں

اب تک جو پاکستان نے کیا حالات کے مطابق وہی مناسب تھا لیکن اس لمحے سے آگے پاکستان کو پیغام رسانی سے کچھ آگے جانا چاہیے۔ اس وقت امریکہ کو صاف بتانے کی ضرورت ہے کہ جو زور زبردستی والا رویہ اس نے اپنایا ہوا ہے اس سے کام نہیں چلے گا۔ امریکہ عقل کی بات تو کر نہیں رہا وہ ایران کو بے عزت کرنا چاہتا ہے جس کے لیے ایران تیار نہیں۔ رویے یہی رہے تو کوئی بتائے مذاکرات کیسے آگے چل سکتے ہیں اور کیا اس کے کہ کوئی قابل عمل معاہدہ ہو جائے؟

پاکستان کی مشہوری ہوگئی قیادت کی بلے بلے ہوگئی جیسا کہ کہا جا رہا ہے پاکستان کا پروفائل بڑھ گیا۔ سب باتیں درست ہیں لیکن امریکی ہٹ دھرمی کی وجہ سے حالات بگڑ گئے تو اس پروفائل کو ہم کیا کریں گے؟ بازار میں کتنے دام یہ پروفائل بکے گا؟ کچھ پیسے سعودیہ سے ملے ہیں جس سے بمشکل وہ خسارہ پورا ہوگا جو یو اے ای کے پیسے واپس کرنے سے پیدا ہوا تھا۔ باقی ہمارے حالات وہی رہیں گے جو پہلے تھے وہی مانگنے پر گزارا ادھر ادھر سے ادھار لینا تاکہ پچھلے ادھار کی ادائیگیاں پوری ہو سکیں۔ جہاں تک ٹرمپ کی تعریف ہے وہ ہمارے کس کام کی۔ وقتی طور پر دل خوش ہو گئے اپنے آپ کو ہم نے تھپکی دے دی لیکن اس سے زیادہ کیا؟ بات تو تب ہے کہ دیرپا معاہدہ طے پائے لیکن اس کے لیے بنیادی شرط یہ ہے کہ امریکہ اپنی اکڑ اپنی ہٹ دھرمی کچھ کم کرے۔ ایران نے یہ تو ثابت کر دیا ہے کہ وہ کسی بے عزتی کے لیے تیار نہیں۔ جارحیت اور زور آزمائی کے سامنے گھٹنے ٹیکنے ہوتے تو اب تک کر دیے ہوتے۔ لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ ایران نے نقصان برداشت کیا لیکن جھکنے سے انکار کیا۔

اس صورتحال میں پاکستان کو امریکہ کے سامنے کچھ کھل کے کہنا چاہیے کہ ثالثی کے ضمن میں پاکستان جو کر سکتا تھا اس نے کیا لیکن اب امریکی ایڈمنسٹریشن کچھ عقل اور شعور کا مظاہرہ کرے نہیں تو معاہدہ نہیں ہوگا اور جنگ کے شعلے پھر سے بھڑک سکتے ہیں۔ امریکہ کے عجیب مطالبات ہیں کہ ایران اپنا افزودہ یورینیم امریکہ کے حوالے کر دے آبنائے ہرمز کھول دے صدر ٹرمپ جشن فتح منائے اور اس کے بدلے ایران کو اپنے ضبط شدہ اثاثے ملیں دھیرے دھیرے اور قسطوں میں اور جہاں تک پابندیوں کا تعلق ہے وہ بھی ہٹیں تو آہستہ آہستہ۔ ایران گھٹنوں کے بل ہاتھ جوڑ کر بیٹھا ہوتا پھر تو ایسے مطالبات درست تھے کیونکہ فاتح پھر اپنی مرضی کرتا ہے لیکن امریکی اور اسرائیلی حملے کے نتیجے میں ایسا نہیں ہوا۔ صدر ٹرمپ بھلے کہتے رہیں کہ ہم نے ایران کی ایئرفورس نیست و نابود کر دی' اس کی نیوی تباہ ہو گئی لیکن اس جنگ میں ایران کو شکست نہیں ہوئی۔ نقصانات کے باوجود قیادت اور نظام قائم دائم ہیں' ایرانی قوم کی ہمت بدستور دکھائی دے رہی ہے اور گو ایران جنگ نہیں چاہتا' اس پر پھر سے حملے ہوئے تو جواب دینے کی صلاحیت اس کے پاس موجود رہے گی۔ ایسے میں امریکی مطالبات بے وقوفی کا مظہر لگتے ہیں۔ پاکستان جو کر سکتا ہے کر رہا ہے، سکیورٹی کے لیے پورا اسلام آباد بند پڑا ہے۔ لیکن مذاکرات کی بات کرتا اور ساتھ ہی صبح شام ایران کو دھمکیاں دینا اور خلیج عمان میں ایرانی بحری جہاز پر قابض ہونا یہ کوئی ماحول نہیں ہے جس میں مذاکرات کسی نتیجے پر پہنچ سکیں۔

صرف پاکستان ہی نہیں اب وقت آن پہنچا ہے کہ سعودی عرب' قطر اور ترکیہ بھی یہ آواز بلند کریں کہ امریکہ کے ان رویوں سے کوئی بہتری نہیں ہو سکتی۔ ان سارے ممالک نے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں جانے دیا لیکن صحیح بات کرنے کا بوجھ صرف پاکستان کے کندھوں پر نہ پڑے۔ مل کر پاکستان اور باقی تین ممالک کو واشنگٹن کو بتانا چاہیے کہ ایسے کام نہیں چلے گا' امریکہ کو کچھ عقل کی بات کرنا ہوگی۔ جب ایران اس بات پر راضی ہو گیا ہے کہ اس کے پاس افزودہ یورینیم کمزور کر دیا جائے اور وہ اگلے پانچ سال تک افزودگی کی طرف نہیں جائے گا تو امریکہ کو اور کیا چاہیے؟ اس ایرانی پوزیشن کو امریکہ ہمت سے پکڑے اور امن معاہدے کی بنیاد بنائے۔ حالات کے بگاڑ کی وجہ سے خود صدر ٹرمپ کی سیاسی ساکھ متاثر ہو رہی ہے۔ امریکی عوام کی بھاری اکثریت اس جنگ کی حمایت میں نہیں ہے۔ آنکھیں بند کر کے صدر ٹرمپ نے یہ آتش تیار کیا لیکن اب موقع ہے کہ ان انگاروں کو ٹھنڈا کیا جائے۔ نہ کہ ہر روز ایک نئی اشتعال کی صورت پیدا کی جائے۔ لہٰذا وقت آن پہنچا ہے کہ پاکستان ذرا کھل کر امریکہ سے بات کرے۔ اور ساتھ ہی باقی تینوں ممالک بھی امریکہ کو کچھ سمجھائیں۔

شعلے پھر بھڑک اٹھے تو اس میں نقصان سب کا ہے۔ معاشی اثرات امریکہ تک پہنچ رہے ہیں اور اگر حالات خراب ہوئے ان اثرات کی شدت میں اضافہ ہوگا۔ گلف کے عرب ممالک کا بھاری نقصان ہوا ہے' ایران کا کتنا ہوا ہے۔ فائدے میں ہے تو صرف اسرائیل کیونکہ اس کی پرانی خواہش ہے کہ سارے اسلامی ممالک تباہ ہوں۔ پہلے راؤنڈ کی میزبانی پاکستان نے خوب کی اور اس کی ساری دنیا معترف ہے لیکن یہ بھی کیا ہوا کہ ایک بار پھر ہمارے لڑاکا جہاز اڑان بھریں مہمانوں کے استقبال کیلئے' مذاکرات کے عوامل پورے ہوں اور سب کچھ کرنے کے بعد خاطر خواہ نتیجہ کچھ نہ نکلے۔ اس بار بار کی بے سود میزبانی کے متحمل ہم نہیں ہو سکتے۔ ویسے بھی امریکہ کو اس خطے سے نکلنے کی تیاری کرنی چاہیے۔ گلف ممالک نے امریکی تحفظ کے مزے چکھ لیے۔ امریکی اپنے اڈوں کا تحفظ نہ کر سکے' انہوں نے عربوں کا کیا تحفظ کرنا تھا۔ کیا کمال کے جنگی مقاصد امریکہ نے حاصل کئے ہیں کہ جس آبنائے ہرمز سے آمد و رفت اس جنگ سے پہلے جاری و ساری تھی جنگ کے نتیجے میں یہ آمد و رفت بند ہو گئی ہے۔ بے شعورپن کی کچھ حد ہونی چاہیے' لیکن صدر ٹرمپ کی صدارت میں لگتا ہے امریکہ تمام ایسی حدیں پھلانگ رہا ہے۔ اور نقصان صرف امریکہ کا نہیں ساری دنیا کا ہو رہا ہے۔

مسلم ممالک نے اور کسی سے کچھ سیکھنا ہے یا نہیں کیتھولک عیسائیوں کے روحانی پیشوا پوپ لیو سے ہی کچھ سیکھ لیں۔ اس جنگ کا نام نہیں لیا لیکن جنگوں کے خلاف کھل کے بول رہے ہیں۔ ٹرمپ ایڈمنسٹریشن کے کچھ لوگ جو ایران جنگ کو عیسائیت کے لبادے میں ڈھانپ رہے تھے اُن کے خلاف پوپ نے تنبیہ کی ہے۔ مسلم ممالک بھی اپنا حجاب ذرا اٹھائیں اور امریکہ سے کھل کر بات کریں۔ شاہ فیصل بھی ہوا کرتے تھے۔ 1973ء کی عرب اسرائیل جنگ شروع ہوئی تو مغربی ممالک کے حوالے سے تیل کی بندش کا اعلان کر دیا۔ راتوں رات تیل کی قیمتیں تین چار گنا بڑھ گئیں۔ اب بھی ایسے ہی کسی عمل کی ضرورت ہے' لیکن شاہ فیصل کہاں سے آئیں۔ ذوالفقار علی بھٹو تھے پاکستانی پائلٹ شام کی مدد کیلئے بھیجے۔ آج کے سربراہان امہ احتیاط کے کچھ زیادہ ہی شیدائی نظر آتے ہیں۔ لیکن سمجھنا چاہیے کہ ایران کا نقصان امہ کا نقصان ہوگا۔

امن مذاکرات میں افسوسناک تعطل

[illegible]

عوامی آشیانہ
MASHRIQ CLASSIFIED
آپ اپنی رہائش، دکان، پلاٹ، گاڑی یا کوئی بھی چیز فروخت کرنا چاہتے ہیں یا کوئی چیز خریدنا چاہتے ہیں تو ہمارے ذریعے اپنے مطلوبہ افراد تک پہنچ سکتے ہیں۔ ہم آپ کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں جہاں آپ اپنی ضرورت کے مطابق اشتہار دے سکتے ہیں۔ ہمارا مقصد آپ کے وقت اور پیسے کی بچت کرنا ہے۔ ہم آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں جہاں آپ کو ہر قسم کی معلومات ایک ہی جگہ پر مل جائیں گی۔ ہم آپ کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرتے ہیں جہاں آپ کو ہر قسم کی معلومات ایک ہی جگہ پر مل جائیں گی۔
اشتہار دینے کے لیے رابطہ کریں
03469187799
R.No.....62994

تلاش گمشدہ
میرا بلیک موٹر سائیکل 125 CD 70 ماڈل 2017 کاغذات چیسز نمبر 513560 انجن نمبر 9031346 کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03337820626 پر مطلع کریں انشورنس دعویٰ دائر کرنا ہے۔ محمد صدیق سکنہ جوائنٹ روڈ پاپا جان مارکیٹ
R.No.....63012

کمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420310896369 گم ہوگیا ہے نام محمد جاوید داد للہ مغان جیلانی کہیں گم ہوگیا ہے پر برائے مہربانی فراہ کرنے پر مناسب انعام دیا جائے گا۔ رابطہ نمبر 03338220624

کمشدگی سروس بک
میری اصل سروس بک نام فرخ حسیب داد حسیب شاہ ولد ایس ڈی گرنمنٹ فرنٹ ہاؤل پاپی کمپنی سروس سے لاپتہ ہوچکی ہے جو بھی کہ اگر کسی کو ملے تو مہربانی فرما کر واپس کردیں انعام دیا جائے گا۔ رابطہ نمبر 03333703668 محمد حافظ
رابطہ بلیٹن آباد .....

اطلاع عام
پلاٹ نمبر 254-DS-300 فٹ واقع بس سٹینڈ ژوبہ کی کوئٹہ جو اس وقت عبدالرحمان عبدالرحمان خان کے نام پر ہے کی فروخت کا ارادہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر اندر ڈی اے سے رابطہ کریں
QDA.....

اطلاع عام
مکان نمبر 540-B-54 رقبہ 18 فٹ واقع لک مینٹیو ژوبہ کی کو جو اس وقت عبدالرحمان عبدالرحمان خان کے نام پر ہے کی فروخت کا ارادہ ہے اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر اندر ڈی اے سے رابطہ کریں
QDA.....

کمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5430281873279 گم ہوگیا ہے نام محمد داد رحمان خانوزئی بازار کے ایریا میں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03138911642 پر مطلع کریں
رابطہ خانوزئی .....

جامعات کا بحران اور ملازمین کی آواز!

پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے شعبہ میں اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں فوری اور سنجیدہ فیصلوں کی ضرورت ہے۔ بظاہر جامعات اپنا بھاری بھرکم بجٹ، کاغذ پر درجنوں

تحریر: طیب اعجاز سواتی

منصوبوں اور بین الاقوامی شراکت داریوں کے دعوؤں کے ساتھ ایک مضبوط نظام کا تاثر دیتی ہیں، مگر اندر سے یہ ادارے شدید بحران کا شکار ہیں۔ یہ بحران صرف مالی نہیں بلکہ انتظامی، تعلیمی اور سب سے بڑھ کر انسانی بحران ہے، جس کا براہِ راست اثر ان اساتذہ اور ملازمین پر پڑ رہا ہے جو ان اداروں کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جاتے ہیں۔ ان ملازمین کی تنخواہیں اور مراعات کئی ماہ سے تاخیر کا شکار ہیں، کئی جامعات میں پنشن کے واجبات برسوں سے ادا نہیں ہوئے، اور ریگولر اساتذہ کی جگہ بڑی تعداد میں کنٹریکٹ اور عارضی بنیادوں پر تعینات افراد سے کام لیا جا رہا ہے۔ ایک ہی ادارے میں ایک ہی نوعیت کا کام کرنے والے دو افراد کی تنخواہ اور سہولیات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ پورے نظام کی ساکھ کو تباہ کر رہی ہے۔ اس بحران کی جڑ میں کئی عوامل ہیں، مگر سب سے بڑا مسئلہ ترجیحات کا ہے۔ ہم نے تعلیم کو ہمیشہ خرچ سمجھا، سرمایہ کاری نہیں۔ جب بجٹ میں کٹوتی کرنی ہو تو سب سے پہلے تعلیم کا شعبہ نظر آتا ہے، حالانکہ یہی وہ شعبہ ہے جو مستقبل کی ضمانت دیتا ہے۔ دوسری طرف انتظامی ڈھانچہ اس قدر بوجھل ہو چکا ہے کہ فیصلے برسوں لٹکے رہتے ہیں۔ ہر چھوٹے کام کے لیے کئی کمیٹیاں، کئی دستخط اور کئی مہینے درکار ہوتے ہیں، جس سے ادارے کی کارکردگی بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ اس صورتحال کا سب سے منفی اثر طلبہ پر پڑ رہا ہے۔ جب اساتذہ مہینوں تنخواہ کے بغیر کام کریں گے تو ان کی توجہ تدریس سے ہٹ کر روزمرہ کے مسائل پر مرکوز ہو جائے گی، اور جب ملازمین کو مستقل نہیں کیا جائے گا تو وہ ادارے سے وفاداری کیوں محسوس کریں گے؟ یہ ایک ایسا چکر ہے جو معیار کو مسلسل نیچے لے جا رہا ہے۔ ان مسائل کا حل مشکل ضرور ہے، مگر ناممکن نہیں۔ سب سے پہلے ضرورت اس بات کی ہے کہ تعلیم کو خرچ نہیں بلکہ سرمایہ کاری سمجھا جائے، اور اس کے لیے ایک مستقل اور شفاف فنڈنگ میکنزم بنایا جائے جو سیاسی مداخلت سے محفوظ ہو۔ دوسرا قدم انتظامی ڈھانچے کو سادہ اور مؤثر بنانا ہے۔ غیر ضروری کمیٹیوں کو ختم کیا جائے اور فیصلہ سازی کو ان لوگوں کے ہاتھ میں دیا جائے جو روزمرہ کے مسائل سے براہِ راست واقف ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اساتذہ اور ملازمین کو محض شکایت کنندہ نہیں بلکہ اصلاح کے عمل میں شریک سمجھا جائے۔ ان کی تنظیموں کو نظرانداز کرنے کے بجائے ان سے مکالمہ کیا جائے، کیونکہ وہ زمینی حقائق سے سب سے بہتر واقف ہیں۔ اگر ہم نے آج بھی آنکھیں بند رکھیں تو آنے والی نسلیں ہم سے سوال کریں گی کہ جب روشنی سامنے تھی، تو ہم نے دروازے کیوں بند کیے رکھے۔

پرنس فہد ہسپتال میں طبی سہولیات، انتظامی نظام میں بہتری آئی ہے، ڈاکٹر لوگ

اس وقت ضلع چاغی کی تقریباً 2 لاکھ 60 ہزار آبادی کو طبی خدمات فراہم کر رہا ہے، بیان کا ساماتھ ہسپتال، جہاں صرف 6 ڈاکٹرز تعینات تھے، لیبارٹری سہولیات صرف دھیرے دھیرے فیصر فعال تھیں اور دیہات کی شدید کمی کو پوری کی تھی، ڈیتھ سرٹیفکیٹ اور انتظامی امور بھی تسلی بخش نہیں تھے۔ ڈاکٹر لوگ خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہسپتال میں مزید بہتری لائی جائے گی، جس کے باعث مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے بتایا کہ پرنس فہد ہسپتال، جو 2005ء میں معدنی عرب کی جانب سے حکومت بلوچستان کو تحفے میں دیا گیا تھا، ضلع چاغی کی تقریباً 2 لاکھ 60 ہزار آبادی کو طبی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال 2024ء میں ہسپتال کو شدید مشکلات

ڈپٹی میرواہ جمالی (نامہ نگار) ڈپٹی ڈینڈ بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان کسان رابطہ بیورو بلوچستان کے سوہنی ہیڈ ورکس کے تعاون سے 17 اپریل 2026ء کو کسان عالمی دن کے موقع پر ملک بھر کی طرح ضلع بلوچستان کے 9 اضلاع میں کسانوں کے عالمی دن منایا گیا، ولی ڈینڈ بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان کسان رابطہ بیورو بلوچستان کے زیر تعاون سے 17 اپریل 2026ء کو کسان عالمی دن کے موقع پر ضلع مستونگ منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر مستونگ مہمان خصوصی تھے، پاکستان کسان رابطہ بیورو کے مرکزی نائب صدر میر عبدالکریم میرتھکانی مہمان خصوصی تھے، بلوچستان عبدالکریم میرتھکانی نے کہا کہ کسان ملک کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں، کسانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیں ہر سطح پر آواز اٹھانی ہوگی، کسانوں کی آواز کو بلند کرنے کے لیے حکومت کو کسانوں کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہئے، پاکستان کسان رابطہ بیورو کے مرکزی نائب صدر میر عبدالکریم میرتھکانی نے کہا کہ وہ پورے بلوچستان میں کسانوں کی آواز بلند کرنے کے لیے کوشاں ہیں، کسانوں کی ترقی کے لیے ہر سطح پر کام کیا جائے گا، ہمارا مقصد کسانوں کو خوشحال بنانا ہے، کسانوں کی ترقی ملک کی ترقی ہے، ہم کسانوں کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے

اسپورٹس

آئی سی سی پلیئرز رینکنگ جاری ،ون ڈے بیٹرز میں بابر اعظم کا چھٹا نمبر

بیٹرز رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل ،بولرز رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان ،آل راؤنڈرز میں افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی کا پہلا نمبر

زمبابوے کے سکندر رضا ایک درجہ بہتری کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے جبکہ بنگلا دیش کے مہدی حسن میراز دو درجہ تنزلی کے بعد چوتھے نمبر پر چلے گئے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پلیئرز رینکنگ جاری کردی ہے۔ ون ڈے بیٹرز رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل پہلے نمبر پر موجود ہیں، بھارت کے ویرات کوہلی دوسرے اور افغانستان کے ابراہیم زادران تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم کا چھٹا اور سلمان آغا کا دسواں نمبر ہے۔ اس کے علاوہ بنگلا دیش کے توحید ہردوئے پانچ درجے بہتری کے بعد 27ویں نمبر پر آگئے۔ تنزید حسن 14 درجے ترقی کے بعد 40ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ ون ڈے بولرز رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کا پہلا نمبر ہے، انگلینڈ کے جوفرا آرچر دوسرے نمبر پر ہیں۔ آسٹریلیا کے ایڈم زمپا اور پاکستان کے ابرار احمد ایک ایک درجہ بہتری کے بعد دسویں اور گیارہویں نمبر پر آگئے۔ بنگلا دیش کے ارشاد حسین 10 درجے بہتری کے بعد 60ویں نمبر پر موجود ہیں۔ ون ڈے آل راؤنڈرز رینکنگ میں افغانستان کے عظمت اللہ عمرزئی پہلے نمبر پر موجود ہیں۔ زمبابوے کے سکندر رضا ایک درجہ بہتری کے بعد دوسرے نمبر پر آگئے جبکہ بنگلا دیش کے مہدی حسن میراز دو درجہ تنزلی کے بعد چوتھے نمبر پر چلے گئے۔ راشد خان دو درجہ بہتری کے بعد پانچویں نمبر پر آگئے۔

آرزو حیدر باصلاحیت، محنتی اور باہمت کھلاڑی تھیں، سیکرٹری سپورٹس

درا بلوچ کا قومی کراٹے کھلاڑی آرزو حیدر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آئی این پی) سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان بلوچستان درا بلوچ نے قومی کراٹے کھلاڑی آرزو حیدر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ آرزو حیدر باصلاحیت، محنتی اور باہمت کھلاڑی تھیں جنہوں نے کم عمری میں اپنی کارکردگی سے کھیلوں کے میدان میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحومہ کی ناگہانی وفات نے نہ صرف ان کے اہل خانہ بلکہ پورے سپورٹس کمیونٹی کو افسردہ کر دیا ہے اس سانحے پر کھیلوں سے وابستہ ہر فرد رنجیدہ ہے اور اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرحومہ اپنی محنت اور لگن کے ذریعے ملک و صوبے کیلئے فخر کا باعث بنیں۔ ان کی کامیابیاں نوجوان کھلاڑیوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ محکمہ کھیل ان کی محنت اور کارکردگی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتا رہے گا۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے

کراچی کو 7 وکٹوں سے شکست، پشاور زلمی کی ٹیبل پر پہلی پوزیشن برقرار

کراچی 182 رنز کا ہدف دیا، پشاور زلمی نے کوشال مینڈس کی شاندار بیٹنگ کی بدولت مطلوبہ ہدف 3 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا

پشاور زلمی ایونٹ میں اب تک ناقابل شکست ہے، وہ 9 میچز میں 17 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن پر ہے۔ ایک میچ بارش کی نذر ہوا تھا

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی نے کراچی کنگز کو باآسانی 7 وکٹوں سے شکست دے کر ٹیبل پر اپنی پہلی پوزیشن کو برقرار رکھا ہے۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز نے پشاور زلمی کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ کراچی کنگز نے مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں پر 182 رنز اسکور کیے۔ محسن رضا نے 85 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ اعظم خان نے 35 رنز اسکور کیے۔ پشاور زلمی کے نوجوان فاسٹ بولر علی رضا نے اننگز کی آخری 3 گیندوں پر ہیٹ ٹرک مکمل کی اور مجموعی طور پر میچ میں 4 وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ محمد باسط، افتخار احمد، سفیان مقیم اور ایرون ہارڈی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ 18 سالہ علی رضا پی ایس ایل کی تاریخ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے سب سے کم عمر بولر بن گئے ہیں۔ وہ پی ایس ایل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے ساتویں بولر ہیں۔ جواب میں پشاور زلمی نے کوشال مینڈس کی شاندار بیٹنگ کی بدولت کراچی کا 183 رنز کا ہدف باآسانی 19ویں اوور میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ پشاور زلمی کی جانب سے کوشال مینڈس 80 اور فرحان یوسف 58 رنز بنا کر ناقابل شکست رہے۔ یوں پشاور زلمی نے ایونٹ میں 8ویں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ٹیبل پر اپنی پہلی پوزیشن برقرار رکھی۔ پشاور زلمی ایونٹ میں اب تک ناقابل شکست ہے، وہ 9 میچز میں 17 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن پر ہے۔ ایک میچ بارش کی نذر ہوا تھا۔ دوسری جانب کراچی کنگز 8 میچز میں 6 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں نمبر پر ہے۔ واضح رہے کہ پشاور زلمی پہلے ہی پلے آف کیلئے کوالیفائی کرچکی ہے۔

حیدرآباد کنگز مین نے ملتان سلطان کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دیدی

213 رنز کا ہدف حیدرآباد نے آخری اوور میں پورا کرلیا، عثمان خان کی سنچری

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کے 33ویں میچ میں حیدرآباد کنگز مین نے ملتان سلطان کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔ کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ملتان سلطان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 213 رنز بنائے۔ کراچی کی جانب سے بہترین بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سٹیون سمتھ نے 106 رنز بنائے جبکہ ان کے ساتھ فرحان صاحبزادہ نے 66 رنز کی دلکش اننگز کھیلی اور اپنی ٹیم کو دونوں بلے بازوں نے 132 رنز کا اوپننگ اسٹینڈ فراہم کیا۔ ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے حیدرآباد کا آغاز مایوس کن رہا لیکن عثمان خان نے میچ کا پانسا پلٹ دیا اور صرف 47 گیندوں پر 101 رنز کی انتہائی جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کروا دیا اور مین آف دی میچ بھی قرار پائے۔

فخر زمان نے پی ایس ایل میں کئی ریکارڈز بنا دیے، بابر اعظم کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

فخر نے کوئٹہ کے خلاف شاندار سنچری اسکور کرتے ہوئے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا

لاہور (یو این پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں لاہور قلندرز کے اوپنر فخر زمان نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف شاندار سنچری اسکور کرتے ہوئے نہ صرف اپنی ٹیم کو فتح دلائی بلکہ لیگ کی تاریخ ... لاہور قلندرز نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 197 رنز اسکور کیے۔ یہ ان کی پی ایس ایل میں تیسری سنچری ہے، جس کے ساتھ وہ لیگ میں تین سنچریاں بنانے والے مخصوص بیٹرز کے ...

آل بلوچستان شہید ایڈووکیٹ قاہر شاہ نورزئی میموریل ریسلنگ چمپئین شپ (کل) سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ریڈ ویگن ریسلنگ کلب کوئٹہ کے زیر اہتمام آل بلوچستان شہید ایڈووکیٹ قاہر شاہ نورزئی میموریل ریسلنگ چمپئین شپ (کل) جمعہ ...

آل راؤنڈر محمد نواز کا ڈوپ ٹیسٹ پازیٹو آگیا، تحقیقات کا سامنا

انگلش کاؤنٹی کلب سرے کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ کھیلنے کا معاہدہ بھی منسوخ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے آل راؤنڈر محمد نواز کا ڈوپ ٹیسٹ پازیٹو آگیا۔ آئی سی سی نے معاملے سے پی سی بی کو آگاہ کر دیا۔ جس کے بعد کرکٹر کو تحقیقات کا سامنا ہے۔ قومی کرکٹر محمد نواز ڈوپ ٹیسٹ مثبت آنے پر بڑی مشکل میں پھنس گئے۔ ذرائع کے مطابق یہ ٹیسٹ رواں سال مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوران کیا گیا تھا۔ پاکستانی آل راؤنڈر محمد نواز کو ڈوپ ٹیسٹ مثبت آنے کے بعد تحقیقات کا سامنا ہے۔ اس پیشرفت کے باعث محمد نواز کا انگلش کاؤنٹی کلب سرے کے ساتھ ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ کھیلنے کا معاہدہ بھی منسوخ ہوگیا ہے۔ پی سی بی کے ترجمان کے مطابق آئی سی سی نے بورڈ کو اس معاملے سے آگاہ کیا، جس کے بعد ضابطہ کار کے تحت کارروائی شروع کردی گئی ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اس عمل کے نتائج جلد آئی سی سی کو بھیج دیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق یہ ٹیسٹ رواں سال مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوران لیا گیا تھا۔ نواز کو حال ہی میں ٹی ٹوئنٹی بلاسٹ کے لیے این او سی بھی جاری کیا گیا تھا اور ان کی شمولیت کا باضابطہ اعلان متوقع تھا، تاہم اب یہ منصوبہ ختم ہو چکا ہے۔ دوسری جانب وہ پاکستان سپر لیگ میں ملتان سلطانز کی نمائندگی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

اٹلی، گالے کی زیر نگرانی ریسکیو آپریشن، پیرا گلائیڈر کو بچالیا گیا

روم (آئی این پی) اٹلی میں فائر فائٹرز نے درخت میں پھنس جانے والے ایک پیرا گلائیڈر کو صحیح سلامت اتار لیا۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق فائر حکام نے بتایا کہ اپوریا اور تورین سے دو ٹیمیں ایک پیرا گلائیڈر کو ریسکیو کرنے کے لیے روانہ ہوئیں جو ویکو کانا ویس کی جانب اترتے ہوئے زمین سے تقریباً 26 فٹ اوپر درخت میں پھنس گیا تھا۔ فائر فائٹرز نے ایک سیڑھی استعمال کی جسے دونوں طرف رسیاں باندھ کر مضبوط کیا گیا

عالمی والی بال گورننگ باڈی نے والی بال فیڈریشن آف انڈیا کی منظوری منسوخ کردی

نئی دہلی (آن لائن) والی بال کی عالمی گورننگ باڈی نے والی بال فیڈریشن آف انڈیا کی منظوری کو منسوخ کر دیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق والی بال فیڈریشن آف انڈیا کی منظوری کی منسوخی کا فیصلہ قانونی اور انتظامی قوانین کی خلاف ورزی پر کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ فیصلہ اس وقت سامنے آیا جب 2 سینئر کھلاڑیوں نے نیشنل کیمپ چھوڑ دیا، کھلاڑیوں نے ناقص، غیر سائنسی سہولتوں اور سلیکشن میں سیاست کی وجہ سے کیمپ چھوڑا۔ انٹرنیشنل والی بال فیڈریشن نے موجودہ اسٹیئرنگ کمیٹی کو ملک میں کھیل اور کھلاڑیوں کی ویلفیئر کا خیال رکھنے کا ٹاسک دیا ہے۔

ادھورے سائیکلنگ ویلوڈرم کو فوری طور پر مکمل کیا جائے، جاوید خان

ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں تعمیراتی کام سابق وزیر اعلیٰ جام کمال کے وقت سے رکا ہوا ہے

پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے جنرل سیکرٹری گزشتہ روز بلوچستان سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے چار سالہ مدت کے انتخابات کے موقع پر کوئٹہ تشریف لائے، اس موقع پر جاوید خان نے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں سائیکلنگ کے ادھورے ویلوڈرم کا دورہ کیا، سائیکلنگ ویلوڈرم کا تعمیراتی کام سابق وزیر اعلیٰ جام کمال کے وقت سے رکا ہوا ہے ... تحفظات کا اظہار خیال کیا، انہوں نے حکومت بلوچستان، محکمہ کھیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے درخواست کی کوئٹہ سائیکلنگ ویلوڈرم کو فوری طور پر مکمل کیا جائے، یہ پاکستان کا دوسرا سائیکلنگ ٹریک ہے جو یہاں بننے جا رہا ہے، اس سے قبل لاہور میں 1952ء میں سائیکلنگ ویلوڈرم ...

کراچی، ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈاکٹر مقصود احمد دیونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان ٹیم کی شرٹ پیش کر رہے ہیں

تربت، ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کیچ اسپورٹس فیسٹیول 2026 کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ویمنز فٹبال ٹیم ساف چیمپئن شپ میں شرکت نہیں کرے گی

بھارت میں شیڈول ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان، پاکستان ایونٹ سے باہر

لاہور (آئی این پی) ساف ویمنز فٹبال چیمپئن شپ 2026 کے ڈراز کے اعلان کے ساتھ ہی یہ بات سامنے آئی ہے کہ پاکستان ویمنز ٹیم بھارت میں ہونے والے ایونٹ میں شرکت نہیں کرے گی۔ ساف ویمنز فٹبال چیمپئن شپ 2026 کے ڈراز کا باضابطہ اعلان کر دیا گیا ہے، تاہم پاکستان ویمنز فٹبال ٹیم اس ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کرے گی۔ یہ چیمپئن شپ 25 مئی سے 6 جون تک بھارت میں کھیلی جائے گی، جس میں خطے کی نمایاں ٹیمیں حصہ لیں گی۔ ڈراز کے مطابق گروپ اے میں سری لنکا، نیپال اور بھوٹان شامل ہیں، جبکہ گروپ بی میں بنگلا دیش، بھارت اور مالدیپ کی ٹیمیں شامل کی گئی ہیں۔ ٹورنامنٹ کے شیڈول اور گروپ بندی کے اعلان کے بعد علاقائی سطح پر مقابلوں کی تیاریوں میں تیزی آگئی ہے، تاہم پاکستان کی عدم شرکت کے باعث ایونٹ میں ایک اہم ٹیم کی کمی محسوس کی جائے گی۔

راولپنڈیز کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم بھی ایونٹ سے باہر

کوئٹہ کو 9 میچز جبکہ راولپنڈی کو ایونٹ کے تمام میچز میں شکست کا سامنا کرنا پڑا

لاہور (این این آئی) پی ایس ایل کے گیارہویں ایڈیشن میں راولپنڈیز کے بعد ایک اور ٹیم پلے آف مرحلے کی دوڑ سے باہر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاہور قلندرز کے ہاتھوں اہم میچ میں شکست کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم ایونٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 9 میچز میں سے 3 میں فتح حاصل کرسکی ہے۔ واضح رہے کہ نئی شامل ہونے والی فرنچائز راولپنڈیز محمد رضوان کی قیادت میں مسلسل آٹھ میچز میں ناکامی کا شکار ہوچکی ہے۔ پشاور زلمی 15، ملتان سلطانز 12، اسلام آباد یونائیٹڈ 9، لاہور قلندرز 8، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز، حیدرآباد کنگز مین اور کراچی کنگز 6، 6 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب پہلی سے ساتویں پوزیشن پر موجود ہیں۔

ماحولیات و جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے، بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کا عزم

بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا حیات درانی واٹر سپورٹس اکیڈمی اور ریج کا دورہ، تحفظ ماحولیات کے لئے شجرکاری بھی کی گئی

روئنگ، کینوئنگ اور سیلنگ کے فروغ، تحفظ ماحولیات کے لئے ابوبکر درانی اور چلتن ایڈونچرز ایسوسی ایشن کی خدمات قابل ستائش ہیں، گل کاکڑ، شیر خان ترین

کوئٹہ (پ ر) پاکستان میں کینوئنگ کے کھیل کے 13 مرتبہ قومی چیمپئن اور مختلف ممالک میں بین الاقوامی سطح پر وطن عزیز پاکستان کا نام روشن کرنے والے قابل فخر چیمپئن اور حیات درانی واٹر سپورٹس اکیڈمی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شاہزادہ محمد ابوبکر درانی کی خصوصی دعوت پر بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر گل محمد کاکڑ جنرل سیکرٹری شیر محمد خان ترین اور فینسنگ کے ممتاز آفیشل حاجی قاسم خان نے صوبہ بلوچستان کی پہلی اور واحد روئنگ اور کینوئنگ کے کھیلوں کے بین الاقوامی مرکز حیات درانی واٹر سپورٹس اکیڈمی پرائیویٹ لمیٹڈ اور ریج کا دورہ کیا اور اکیڈمی کے زیر اہتمام گزشتہ کئی دہائیوں سے جاری تحفظ ماحولیات پروجیکٹ کے شجرکاری مہم میں شرکت کی اس موقع پر پاکستان کینو اینڈ کایاک فیڈریشن کے سیکرٹری اور ہنہ جھیل میں قائم حیات درانی واٹر سپورٹس اکیڈمی کے بانی اور سربراہ چلتن ایڈونچرز ایسوسی ایشن بلوچستان اور درانی قومی اتحاد پاکستان کے بانی صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی اور برطانیہ میں برٹش کیونگ لیجنڈ ایوارڈ حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی شاہزادہ حیات اللہ خان درانی نے ہنہ جھیل کوئٹہ میں روئنگ اور کینوئنگ کے کھیلوں کی بین الاقوامی تربیتی مرکز آمد پر بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا شاندار استقبال کیا اور اکیڈمی کے زیر اہتمام معزز مہمانوں نے انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کی کوئٹہ میں ماحولیات و جنگلی حیات کی تحفظ کے لیے مخصوص کارنر اور قومی مرکز میں مختلف قسم کے فروٹ کے پودے لگا کر شجرکاری مہم میں حصہ لیا اس موقع پر بلوچستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر گل محمد کاکڑ اور سیکرٹری جنرل شیر محمد ترین نے روئنگ، کینوئنگ اور سیلنگ کے کھیلوں کی فروغ جبکہ ماحولیات اور جنگلی حیات کی تحفظ کے لیے شاندار خدمات اور نہ ختم ہونے والی بھرپور جدوجہد پر شاہزادہ حیات اللہ خان درانی کو زبردست اور بھرپور الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا

آل سندھ بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ، بابائے بلوچستان فٹبال گراؤنڈ خضدار میں کھیلوں کا جوش و خروش اپنے عروج پر

اورنگزیب فٹبال کلب پنجگور نے برق رفتار حملوں سے میدان مار لیا

دوسرے میچ میں اے آر ایم اکیڈمی حب نے حریف ٹیم پر مکمل غلبہ حاصل کرتے ہوئے پانچ گول داغ دیئے، آزاد فقیران کی ٹیم صرف ایک گول کرسکی

نیشنل کلب خضدار اور شہید ضیاء جان سوراب کے مابین میچ مقررہ وقت تک برابر رہا، پنلٹی ککس پر نیشنل کلب خضدار نے 3-4 سے کامیابی سمیٹی

خضدار (بیورو رپورٹ) آل سندھ بلوچستان فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں بابائے بلوچستان فٹبال گراؤنڈ خضدار میں کھیلوں کا جوش و خروش اپنے عروج پر ہے گزشتہ روز سے ایک شائقین فٹبال نے گراؤنڈ کا رخ کرنا شروع کیا جہاں تین انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملے پہلا معرکہ ابراری فٹبال کلب اسمہ اور اورنگزیب فٹبال کلب پنجگور کے درمیان سجا۔ دونوں ٹیموں نے آغاز سے ہی جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا مگر اورنگزیب فٹبال کلب پنجگور کے کھلاڑیوں نے شاندار کمبی نیشن اور برق رفتار حملوں سے میدان مار لیا اور نگزیب فٹبال کلب پنجگور نے چار گول اسکور کر کے ایک کے مقابلے میں چار گول سے واضح فتح اپنے نام کی اس میچ میں جمال شاہ نے اپنی غیر معمولی مہارت، گیند پر گرفت اور گول کی جانب بڑھنے کی صلاحیت سے تماشائیوں کے دل جیت لیے انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دے کر شیلڈ سے نوازا گیا۔ دوسرا مقابلہ آزاد فقیران اور اے آر ایم اکیڈمی حب ٹیم کے درمیان کھیلا گیا جو ایک طرفہ ثابت ہوا اے آر ایم اکیڈمی حب نے حریف ٹیم پر مکمل غلبہ حاصل کرتے ہوئے پانچ گول داغ دیئے آزاد فقیران کی ٹیم صرف ایک گول کرسکی اور میچ پانچ ایک کے بڑے مارجن سے اے آر ایم اکیڈمی حب کے نام رہا اس میچ میں نوشاد کی پھرتی اور گول کرنے کی مہارت قابل دید تھی ان کے شاندار گول کو میچ کا بہترین گول قرار دیا گیا نوشاد نے اپنی شیلڈ میر ریان رحیم کرد کے دست مبارک سے وصول کی تیسرا اور سب سے سنسنی خیز مقابلہ نیشنل کلب خضدار اور شہید ضیاء جان سوراب کے مابین ہوا دونوں ٹیموں نے مقررہ 90 منٹ تک ایک دوسرے کے گول پر تابڑ توڑ حملے کیے مضبوط دفاع اور گول کیپرز کی شاندار کارکردگی کے باعث کوئی بھی ٹیم گیند کو جال میں نہ پہنچا سکی۔

ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار کا شہید عثمان کاکڑ پبلک لائبریری کا دورہ

دورے کا مقصد عوام کو علم و ادب کی طرف راغب کرنے کے اقدامات کو بہتر بنانا تھا

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر ساگر کمار نے شہید عثمان کاکڑ کے پبلک لائبریری کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد علاقے میں تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ، لائبریری کی سہولیات کا جائزہ لینے اور عوام کو علم و ادب کی طرف راغب کرنے کے اقدامات کو مزید بہتر بنانا تھا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے لائبریری کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لائبریری کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا تاکہ نوجوان نسل کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کیا جاسکے۔ اس موقع پر پی کے تیب کے صوبائی رہنما چیئرمین اللہ نور بھی اپنے اہل خانہ کے ہمراہ موجود تھے۔ انہوں نے لائبریری کے فروغ اور تعلیمی سرگرمیوں کے لیے اپنے تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ ایسے ادارے معاشرے کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کے خاندان کے دیگر افراد نے بھی لائبریری کے ماحول کو سراہا اور اسے علم کے فروغ کے لیے ایک مثبت قدم قرار دیا۔ تقریب کے دوران معزز مہمانوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو کتابوں سے جوڑنے کے لیے مزید پروگرامز، سیمینارز اور مطالعاتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے۔ اس کے علاوہ لائبریری میں جدید سہولیات جیسے ڈیجیٹل لائبریری اور انٹرنیٹ کی فراہمی پر بھی غور کیا گیا تاکہ طلبہ کو تحقیق اور سیکھنے کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ آخر میں، ڈپٹی کمشنر نے لائبریری انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ ادارہ علاقے میں علم و شعور کے فروغ کا مرکز بنے گا اور عوام بالخصوص نوجوان اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر کا ٹیچنگ لورالائی ہسپتال کا دورہ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر لورالائی ڈویژن اعجاز احمد جعفر نے ٹیچنگ لورالائی ہسپتال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے چلڈرن وارڈ، ڈسٹلائزیشن یونٹ، سرجیکل وارڈ، آپریشن تھیٹر اور ایم ایس آفس کا معائنہ کیا اور ہسپتال اور وارڈز کے متعلق تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے علاج معالجے کی ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر محمد انور مندوخیل نے دستیاب وسائل، علاج معالجے کی سہولیات، اور مریضوں کی تعداد کے بارے مکمل بریفنگ دی

کوٹھ جھیانی کے مکینوں کا بکریاں، گندم کو آگ لگانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں کوٹھ جھیانی کے مکینوں نے بکریاں، گندم کی بوریوں کو آگ لگانے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پولیس چوری ڈکیتی کی وارداتیں روکنے کی بجائے شریف شہریوں کو تنگ کرنے اور ان کو نقصان پہنچانے پر تلی ہوئی ہے بکریاں، گندم کی بوریوں کو آگ لگادی گئی ہے ہم اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں انصاف دیا جائے۔ مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ نئی پولیس ایس ایچ او نے کوٹھ مراد بخش جھیانی بلیدی پر چھاپے مار مختلف گھروں سے گھریلو سامان موٹر سائیکلیں بکریاں اور لاکھوں بوریاں اٹھا کر لے گئے ہیں۔

روڈ اور بلڈنگز کے شعبے سے عوام کے مفادات وابستہ ہیں، کمشنر نصیرآباد

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ مواصلات و ...

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر احمد زئی سے بی اے پی کے علی احمد ابا کی ملاقات کر رہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر احمد زئی سے میر علی احمد کی ملاقات، سیاسی امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (پ ر) رکن صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر جان احمد زئی سے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما علی احمد ابا کی نے گزشتہ روز ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، پارٹی کی موجودہ صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لیے منظم حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ عوامی سطح پر پارٹی کا موقف موثر انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ اس موقع پر پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے کارکنوں کے کردار کو بھی اہم قرار دیا گیا۔ ملاقات میں عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ عوام کے ساتھ قریبی رابطہ ہی سیاسی استحکام اور کامیابی کی بنیاد ہے۔

عوام کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ڈی سی

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی غیر حاضری برداشت نہیں کی جائے گی

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ضلعی ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں طبی سہولیات کی فراہمی، ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو درپیش طبی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران، ایم ایس حضرات، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح ... دستیابی، صفائی کی صورتحال، لیبارٹری اور ایمرجنسی سروسز کی بہتری پر بھی زور دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ دیہی مراکز صحت (RHC) اور بنیادی مراکز صحت (BHU) میں سہولیات کو بہتر بنایا جائے تاکہ عوام کو مقامی سطح پر ہی علاج معالجے کی بہتر سہولت میسر آسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شکایات کے ازالے کے لیے موثر نظام قائم کیا جائے تاکہ عوام کی آواز کو سنا جاسکے اور فوری ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ باقاعدگی سے ہیلتھ مراکز کے دورے کیے جائیں گے

ڈاکٹر اعظم کاکڑ کی کارکردگی کی تعریف

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ویٹرنری میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان نے اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر محمد اعظم کاکڑ کو ان کی ریٹائرمنٹ پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں ایسوسی ایشن نے کہا ڈاکٹر اعظم کاکڑ کی خدمات ویٹرنری شعبے کے لئے گراں قدر ہیں، ڈاکٹر آسٹریلیا میں کلوننگ کے ذریعے پیدا کیے جانے والے بھیڑ "Matalida" کی ٹیم میں شامل تھے جو انسانیت کی بیش بہا خدمات میں سے ایک ہے، ڈاکٹر نے لسبیلہ یونیورسٹی کی ویٹرنری فیکلٹی کی فعالیت میں اہم کردار ادا کیا، بحیثیت ڈین ویٹرنری فیکلٹی ان کی کوششوں سے ہی لسبیلہ یونیورسٹی کی DVM کی ڈگری PVMC سے منظور ہوئی اور بلوچستان کے ویٹرنری طلبہ کا ایک اہم ترین مسئلہ ہمیشہ کے لیے حل ہوگیا، اس کے علاوہ ڈاکٹر اعظم کاکڑ نے بحیثیت ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بہت سے نئے منصوبے پیش و منظور کرائے جن کے ثمرات لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے لیے مثبت نتائج کے باعث ہوئے، پاکستان ویٹرنری میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان ڈاکٹر محمد اعظم کاکڑ کی طویل دورانیے کے خدمات پر ان کو سنہری حروف سے سراہتا ہے، ان کی ویٹرنری شعبے کے لیے خدمات تاریخ میں ایک نمایاں باب کی حیثیت سے یاد رہیں گی، ایسوسی ایشن انکے مستقبل اور صحت کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہے

پرائس ڈیٹا کلیکشن اور پروڈیوسر پرائس انڈیکس ٹریننگ کا انعقاد

یہ تربیت روزمرہ اشیاء کے قیمتوں کو اکٹھا کرکے بہتر موازنہ کرتا ہے، سید روح اللہ شاہ

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ادارہ شماریات ریجنل آفس کوئٹہ میں پرائس ڈیٹا کلیکشن اور پروڈیوسر پرائس انڈیکس ٹریننگ کے حوالے سے تین روزہ تربیتی سیشن 20، 21 اور 22 اپریل، 2026 کو کامیابی سے مکمل ہوگئی ہے۔ جس میں بلوچستان بھر کے فیلڈ دفتروں سے فیلڈ سٹاف کے انچارجز اور نمائندوں نے شرکت کی اس تربیت کا مقصد درست، مستقل اور قابل استعمال قیمت کی معلومات اکٹھی کی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ پیداواری قیمت کو درست طریقے سے مرتب کرنے کے لیے مہارت پیدا کرتا ہے۔ تربیتی کورس کے اختتامی تقریب میں سید روح اللہ شاہ، صوبائی سربراہ، پاکستان ادارہ شماریات نے کہا کہ یہ تربیت ملکی سطح پر روزمرہ اشیاء کے قیمتوں کو اکٹھا کر کے بہتر موازنہ کرتا ہے۔ تاکہ قیمتوں کو جانچنے میں مدد مل سکے۔ پاکستان ادارہ شماریات اسلام آباد کے شماریات آفیسر عمر فاروق اور سسٹم اینالسٹ عرفان باجوہ نے تربیت کے شرکاء کو روزمرہ اشیاء کے قیمتوں کو اکٹھا کرنے کی افادیت پر بریفنگ دی

لورالائی، افغان مہاجرین کے حقوق باوقار ملک بدری کے موضوع پر سیمینار

لورالائی (خ ن) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (UNHCR) کے تعاون سے سماجی تنظیم سحر آرگنائزیشن کی جانب سے لورالائی میں افغان مہاجرین کے حقوق اور ان کی باوقار ملک بدری کے موضوع پر ایک روزہ اہم سیمینار میونسپل کمیٹی ہال لورالائی میں منعقد کیا گیا۔ اس سیمینار کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں خصوصاً پولیس کو مہاجرین سے متعلق بین الاقوامی اصولوں، انسانی حقوق اور باعزت واپسی کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا تھا۔ سیمینار میں لورالائی پولیس کے افسران اور اہلکاران نے بھرپور شرکت کی اور مختلف سیشنز کے دوران ماہرین نے افغان مہاجرین کے بنیادی حقوق، ان کے ساتھ انسانی سلوک، اور ملک بدری کے دوران قانونی تقاضوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ شرکاء کو یہ بھی بتایا گیا کہ مہاجرین کے ساتھ پیش آنے میں صبر، برداشت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کا مظاہرہ نہایت ضروری ہے

غیر فعال سکولوں کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، محمد حسیب

حاضری کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے، ڈپٹی کمشنر

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا، جس میں ضلعی محکمہ تعلیم کی کارکردگی اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) نور علی کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالحمید ابزوہ، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد زبیر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) فوزیہ درانی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) قمر سلطانہ، ڈسٹرکٹ منیجر عبید ترین، آر ٹی ایس ایم محمد خان سمیت یونیسیف کے نمائندوں نے شرکت ... اساتذہ کی کمی، ٹرانسفر پوسٹنگ اور ایجنٹ سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محکمہ تعلیم کے حکام نے ڈپٹی کمشنر کو غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں میں کٹوتی اور ان کے خلاف کارروائی سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حاضری کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ داخلہ مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے آگاہی مہم چلائی جائے گی جبکہ غیر فعال سکولوں کی فوری بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ یونیسیف کے نمائندوں نے تعلیم کے فروغ کے ...

کوئٹہ، سید روح اللہ شاہ، باجوہ دیگر کے ہمراہ پاکستان ادارہ شماریات کے زیر اہتمام ٹریننگ کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

بعدالت جناب سینئر سول جج صاحب چمن

رجسٹر نمبر 61/2025 مورخہ 27/4/2026

1۔ عبدالجبار 2۔ عبدالمنان 3۔ عبدالغفار 4۔ عبدالستار 5۔ عبدالکار 6۔ عبدالغفور 7۔ عبدالشکور 8۔ جمال عبدالناصر پسران حاجی سردار محمد مرحوم 9۔ آغا محمد 10۔ نذر محمد پسران حاجی گل محمد مرحوم اقوام اچکزئی ملیزئی ساکنان محمود آباد چمن

بنام 1۔ محمد نسیم 2۔ محمد شفیع 3۔ محمد تسیم پسران ملا عبدالکریم مرحوم 4۔ سیف اللہ 5۔ شمس اللہ پسران محمد عثمان مرحوم 6۔ محمد سلیم ولد محمد رمضان مرحوم 7۔ عبداللہ 8۔ جارگل پسران نور محمد مرحوم 9۔ عبدالرحیم ولد محمد نعیم مرحوم 10۔ امان اللہ 11۔ حبیب اللہ پسران خدائے نظر مرحوم مولاداد کبول ساکنان نادرہ کاریز چمن ...

دعویٰ دیوانی

اشتہار برائے حاضری مدعا علیہان نمبر 17 تا 27

بعدالت نور بخش مینگل سول جج العمدین

رجسٹر نمبر 01/2026 ... CPC 20 ...

دعویٰ استقرار حق

LAND ACQUISITION

"SECTION-IX UNDER LAND ACQUISITION ACT 1894
"EXTENSION OF KHALID AIRBASE"

No. 10-RB/Acq/Khalid Airbase/2025 /. Whereas, the draft declaration under Sections 6 and 7 of the Land Acquisition Act, 1894 was issued by the Commissioner, Quetta Division, vide No. 10/RB/Acq/QTA/20/1820-25 dated 09 December 2025, based on a provisional administrative approval, for acquisition of land measuring 77 Rods 26 Pols (i.e. 19-1-26 Acres), comprising various Khasra numbers, situated in Mahal Viala Baz and Mahal Viala Tareen Shehr, Mouza Kotwal & Mahal, and Mouza Khushkaba Sahibzada, Tappa Durrani-I, Tehsil Saddar, District Quetta, as **(detailed can be seen obtained from the office of the undersigned during office hours** , for the public purpose of **"Extension of Khalid Airbase"** required by the Army Authorities, Quetta.

Now therefore, it is hereby notified that the land situated in the aforesaid locality, **(list can be seen obtained from the office of the undersigned during office hours**) is likely to be acquired for the said public purpose under the Land Acquisition Act, 1894.

Whereas, in pursuance of Section 9 of the Land Acquisition Act, 1894, **I, Capt. (R) Meharullah Badini**, Deputy Commissioner/Collector, Quetta, hereby give notice to all persons interested, whose names are mentioned in the schedule appended below, to appear before the undersigned, either in person or through their duly authorized representatives/counsels, within fifteen (15) days from the date of publication of this notice, and to state the nature of their respective interests in the land and the amount and particulars of their claims for compensation, if any.

And whereas, in order to ensure a fair, lawful, and accurate inquiry under Section 9 of the Act, and without prejudice to the subsequent proceedings thereunder, the list of persons interested has accordingly been corrected so as to reflect the prima facie position borne out from the record and objections received.

And further whereas, any person interested who fails to appear or submit their claim within the stipulated period shall be deemed to have no claim or objection, and the acquisition proceedings shall continue in accordance with law, without prejudice to any right available under the Land Acquisition Act, 1894.

Deputy Commissioner/Collector, Quetta.

PRQ No.4733/22-04-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

MCB FUNDS
Investments for Life

NOTICE TO THE EMPLOYEES OF GOVERNMENT OF BALOCHISTAN

MCB Investment Management Limited has received the approval of Offering Documents of below listed pension schemes from the Securities & Exchange Commission of Pakistan on April 22, 2026:

1. MCB Balochistan Pension Fund
2. Alhamra Islamic Balochistan Pension Fund

Both aforementioned Offering Documents are available on the company's official website: www.mcbfunds.com

Balochistan
April 23, 2026

Sd.
Muhammad Rehan Khan
Company Secretary

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

کی تعمیر سے آمد و رفت میں نمایاں بہتری آئے گی اور شہریوں کو ٹریفک مسائل سے ریلیف ملے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کوئلہ پھاٹک تا چمن پھاٹک روڈ کو ڈبل کرنے کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ شہریوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے انفراسٹرکچر کو مزید وسعت دی جائے گی روڈ کے افتتاح کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ماڈل ٹاؤن سے متصل دہشت گردی کے ایک حملے کے باعث سڑک بند رہی تاہم حکومت کی کوشش ہے کہ تعمیراتی کام جلد از جلد مکمل کیے جائیں تاکہ بند شاہراہ کھولی جاسکے، انہوں نے کہا کہ کوئلہ پھاٹک تا چمن پھاٹک سڑک کا افتتاح کر دیا گیا ہے جبکہ ملحقہ سڑک کو بھی 70 دنوں میں مکمل کر کے افتتاح کیا جائے گا انہوں نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سی اینڈ ڈبلیو نے محدود وقت میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے، تاہم اسٹریٹ کرائم میں اضافے کے تدارک کے لیے جامع حکمت عملی ترتیب دی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ممالک کے حالات سب کے سامنے ہیں، ایسے میں امن و امان کے قیام کے لیے مربوط پلان پر کام جاری ہے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ عوام کا پیسہ کسی صورت ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا اور تمام منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ صدر مملکت نے انہیں ملاقات سے قبل آگاہ کیا تھا اور بعد ازاں بھی رابطہ کیا ملاقات میں دی گئی تجاویز پر عملدرآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ جو لوگ تبدیلی کی خواہش رکھتے ہیں تو وہ اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں حکومت اپنی آئینی مدت اور ذمہ داریوں کے مطابق کام جاری رکھے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام کی امانت ایک ایک پائی عوام کی بہبود پر خرچ کی جائے گی گزشتہ مالی سال بھی بجٹ میں مختص ترقیاتی وسائل کا بروقت استعمال یقینی بنایا گیا تھا اور رواں سال بھی یہ تسلسل برقرار رہے گا بلوچستان کے عام آدمی کی بہبود کیلئے فلاحی منصوبوں کا تسلسل جاری رکھا جائے گا اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان بھی موجود تھے

بقیہ 2 مذاکرات جمعہ

بڑھایا جا رہا ہے جب تک ایران اپنی تجاویز پیش نہیں کر دیتا۔ امریکی صدر نے کہا کہ مذاکرات کے دوسرے دور میں اچھی خبر متوقع ہے، مذاکرات کا اگلا مرحلہ ممکنہ طور پر جمعہ کو ہو سکتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کی ملاقات ہوئی جس میں دو طرفہ امور اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال اور امن کوششوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیر اعظم اور ایرانی سفیر نے علاقائی استحکام کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ خیال رہے کہ پاکستان کی جانب سے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کیلئے سفارتی کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔ اقوام متحدہ میں ایران کے مستقل مندوب امیر سعید ایروانی نے کہا ہے کہ ہمیں امریکی ناکہ بندی ختم ہونے سے متعلق اشارے ملے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ناکہ بندی ختم ہوتے ہی اسلام آباد مذاکرات میں شریک ہوں گے۔ امیر سعید ایروانی نے مزید کہا کہ امریکی ناکہ بندی ختم کرنا مذاکرات بحالی کی شرط ہے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا کا کہنا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یکطرفہ طور پر جنگ بندی میں توسیع کی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایران نے مذاکرات کے لیے امریکی شرائط کو مسترد کر دیا ہے۔ ایرانی فوج نے ٹرمپ کی بار بار دھمکیوں کے پیش نظر پہلے سے طے شدہ اہداف پر حملے کی وارننگ دے دی۔ اس سے قبل ایرانی سرکاری میڈیا کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ امریکی صدر ٹرمپ نے یکطرفہ طور پر جنگ بندی میں توسیع کی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایران نے مذاکرات کے لیے امریکی شرائط کو مسترد کیا ہے، جبکہ مشیر اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا ہے کہ ٹرمپ کی جنگ بندی میں توسیع کا کوئی مطلب نہیں ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر قالیباف کے مشیر نے کہا ہے کہ ناکہ بندی کا تسلسل بمباری سے مختلف نہیں اور اس کا جواب فوجی کارروائی سے دیا جانا چاہیے۔ واضح رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ پاکستانی قیادت نے ہم سے کہا ہے کہ ایران پر حملہ نہ کریں۔ ٹرمپ نے کہا کہ جنگ بندی میں تب تک توسیع کر رہے ہیں جب تک بات چیت کا عمل مکمل نہیں ہو جاتا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی پوری بحریہ سمندر کی تہہ میں ہے، ایران کی فضائیہ ختم ہو چکی۔ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا کہ اینٹی ایئر کرافٹ اور ریڈار کا صفایا کر دیا گیا ہے، ایران کی نیوکلیئر اور اسٹوریج ایریاز کو بی 2 بمباروں نے ختم کر دیا تھا، جبکہ ان کے رہنما مر چکے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ آبنائے ہرمز پر ناکہ بندی ہے اور وہ امریکا کے کنٹرول میں ہے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ کسی جہاز کو ایرانی بندرگاہ جانے کی اجازت نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران معاشی بدحالی کا شکار ہے، آبنائے ہرمز پر ناکہ بندی سے ایران کو تقریباً 500 ملین ڈالر کا یومیہ نقصان ہو رہا ہے۔ آبنائے ہرمز میں کارروائی کرتے ہوئے ایران نے اسرائیلی جہاز سمیت دو بحری جہاز قبضے میں لے لیے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ اس نے آبنائے ہرمز میں خلاف ورزیوں کے الزام میں دو بحری جہازوں کو روک کر ایرانی حدود میں منتقل کر دیا ہے۔ پاسداران انقلاب نے جہازوں کی شناخت ایم ایس سی فرانسسکا اور ایپامینوڈس کے نام سے کی ہے، ایم ایس سی فرانسسکا کا تعلق اسرائیل سے بتایا گیا ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ پاسداران انقلاب نے دشمنوں کے اہداف اور سازشوں کو ناکام بنا دیا۔ پاسداران انقلاب گارڈ کے 48 ویں یوم تاسیس پر اپنے پیغام میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ اس انقلابی ادارے نے، امریکا اور صیہونی حکومت کی حالیہ مسلط کردہ جنگوں میں اپنے دانشمندانہ اور دلیرانہ ردعمل سے دشمنوں کے اہداف اور سازشوں کو ناکام بنا دیا۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ اس ادارے نے خطرات کا مقابلہ کیا اور ملک کی انقلابی اقدار کی حفاظت کی ہے۔ ایران کی مسلح افواج نے کہا ہے کہ اگر امریکا کی جانب سے کوئی نیا حملہ کیا گیا تو وہ پہلے سے طے شدہ اہداف کو فوری طور پر نشانہ بنائیں گی۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انتباہ ایرانی فوج کے مرکزی کمانڈ خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹرز نے امریکی صدر ٹرمپ اور امریکی فوجی قیادت کی جانب سے بار بار دھمکیوں کے بعد سامنے آیا۔ ترجمان کے مطابق ایرانی افواج مکمل طور پر تیار ہیں اور سو فیصد تیاری کی حالت میں ہیں اور بروقت کارروائی کے لیے تیار ہیں، انہوں نے کہا کہ اگر اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی جارحیت کی گئی تو ایرانی فورسز فوری اور بھرپور انداز میں پہلے سے مقرر کردہ اہداف کو نشانہ بنائیں گی۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب صدر ٹرمپ نے اعلان کیا کہ پاکستان کے حکام کی درخواست پر ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کر دی گئی ہے جبکہ ایران کی بندرگاہوں پر امریکی بحری ناکہ بندی بھی برقرار رکھی جائے گی۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کے مشیر نے ایک بیان میں کہا صدر ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع ایک چال ہے۔ مشیر ایرانی اسپیکر نے کہا ٹرمپ جنگ بندی میں توسیع کر کے ایران پر حملہ کرنا چاہتے ہیں، ناکہ بندی جاری رکھنا بمباری کے برابر ہے، صدر ٹرمپ نے یکطرفہ طور پر جنگ بندی میں توسیع کی۔

بقیہ 3 اتفاق

میں ایران امریکا جنگ بندی میں توسیع کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مذاکرات کے دوسرے دور کو یقینی بنانے کیلئے پاکستان کی سفارتی کوششوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور خطے میں امن و استحکام کے لیے ممکنہ اقدامات پر غور ہوا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے اور اسے خطے میں کشیدگی کم کرنے کی مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ اجلاس میں مذاکرات کے دوسرے دور کو یقینی بنانے کیلئے پاکستان کی جانب سے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا، اس حوالے سے پاکستانی قیادت ایرانی قیادت کے ساتھ رابطے کر رہی ہے۔

بقیہ 4 طالبہ گرفتار

بار یونیورسٹی کے مطابق بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز سے ایک لڑکی کو گرفتار کیا گیا ہے، جس کے خلاف دہشتگردوں کی معاونت اور سہولت کاری کے واضح ثبوت ملے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ سہولت کاری کے شواہد سامنے آئے جس پر قانونی طریقے سے کارروائی کی گئی

بقیہ 5 ڈیجیٹل ڈیش بورڈ

ترقیاتی منصوبہ بندی کو جدید خطوط پر استوار کرتا ہے افتتاحی تقریب میں صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ کو ڈیجیٹل ڈیش بورڈ اور متعلقہ ایپلیکیشنز کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ مذکورہ ڈیجیٹل ڈیش بورڈ میں صوبے کے 17 مختلف شعبوں سے متعلق جامع اور مربوط ڈیٹا شامل کیا گیا ہے، جس میں ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تفصیلات بھی موجود ہوں گی اس نظام کے ذریعے پالیسی سازی اور فیصلہ سازی کے عمل کو مزید مؤثر اور شفاف بنایا جا سکے گا بریفنگ میں بتایا گیا کہ آئندہ ہر سال ڈیٹا سے متعلق دو نئی رپورٹس کا اضافہ کیا جائے گا تاکہ معلوماتی نظام کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔ اجلاس میں 2010 سے اب تک مختلف شعبوں میں ہونے والی مجموعی ترقی اور گروتھ کے رجحانات پر بھی روشنی ڈالی گئی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس اقدام کو ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ دستیاب ڈیٹا کی بنیاد پر حکومت عوامی مفاد میں زیادہ مؤثر اور بہتر پالیسیاں تشکیل دے سکتی ہے انہوں نے کہا کہ ترقی کا انحصار بروقت اور درست منصوبہ بندی پر ہے اور حکومت بلوچستان تمام شعبوں کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اجلاس کے دوران سرکاری آسامیوں اور ان پر درخواست دینے والے افراد سے متعلق ڈیٹا بھی پیش کیا گیا

بقیہ 6 نرمی میں توسیع

درپیش ہیں، ممالک نے آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک سے درخواست کی تھی۔ دوسری جانب خام تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار ہے۔ برطانوی برینٹ کروڈ کی قیمت 101 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی، برینٹ کروڈ آئل کی قیمت میں 3 فیصد سے زائد اضافہ ہو گیا۔

بقیہ 7 میزبانی کرے گا

شناخت ظاہر نہ کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد معاہدے کی حوصلہ افزائی ہے۔ چند روز قبل لبنان اور اسرائیل کے درمیان امریکا کی ثالثی میں معاہدہ ہوا تھا تاہم وہ کافی کمزور ہے۔

بقیہ 8 اقوام متحدہ

کی راہ ہموار کریں گے، یہ کشیدگی میں کمی کی جانب اہم قدم ہے۔ اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان سفارتکاری کیلئے موقع پیدا ہو گیا، انہوں نے فریقین سے جنگ بندی کا احترام کرنے اور اشتعال انگیزی سے گریز کی اپیل کی۔ یہ کشیدگی میں کمی کی جانب ایک اہم قدم ہے اور ایران اور امریکا کے درمیان سفارتکاری اور اعتماد سازی کے لئے اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ سیکرٹری جنرل کے دفتر نے تمام فریقین پر زور دیا کہ وہ اس پیش رفت کو آگے بڑھائیں، جنگ بندی کی خلاف ورزی نہ کریں اور مذاکرات میں مثبت اور تعمیری کردار ادا کریں۔

بقیہ 9 ڈیوٹی ختم

کے 5 ججز کے دوسرے ہائیکورٹس میں تبادلے پر غور ہو گا، 5 ججز میں جسٹس محسن کیانی، جسٹس بابر ستار، جسٹس ارباب طاہر، جسٹس ثمن رفعت اور جسٹس خادم سومرو شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں جسٹس محسن کیانی کے لاہور ہائی کورٹ اور جسٹس بابر ستار کے پشاور ہائی کورٹ تبادلے پر غور ہو گا۔ اجلاس میں جسٹس ثمن رفعت اور جسٹس خادم سومرو کے سندھ ہائی کورٹ تبادلے جبکہ جسٹس ارباب محمد طاہر کے بلوچستان ہائی کورٹ تبادلے پر غور ہو گا۔

بقیہ 10 ڈیوٹی ختم

درآمدی گاڑیوں پر ڈیوٹیز ختم کرنے کی تجویز ہے، 5 برس کے دوران کسٹم ڈیوٹی 15 فیصد تک لائی جائے گی سیفٹی اسٹینڈرڈز اور لائسنسنگ کا نظام سخت کرنے کی بھی تجویز ہے۔

بقیہ 11 بیرسٹر گوہر

عمران خان کی ہدایات ہیں کہ محمود اچکزئی کے فیصلے مانتے ہیں، محمود اچکزئی پی ٹی آئی قیادت سے ناراض، مردان جلسے میں شرکت نہ کرنے کا امکان بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سہیل آفریدی سے ملاقات ہوئی ہے لیکن تفصیل نہیں بتا سکتا۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر نے سہیل آفریدی کو ہدایت کی ہے کہ محمود خان اچکزئی کو اعتماد میں لیں۔ محمود اچکزئی نے اعتماد میں نہ لیے جانے پر تحریک انصاف کے گزشتہ دو جلسوں میں شرکت نہیں کی تھی۔

بقیہ 12 چین

پالیسی پر، انہوں نے خبردار کیا کہ امریکا کی جانب سے چین کو روکنے اور محدود کرنے کی حکمت عملی ناکام ہو گی اور اس سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ تائیوان کا مسئلہ چین کے بنیادی مفادات میں شامل ہے اور اسے ریڈ لائن قرار دیا گیا ہے

بقیہ 13 ایچ آئی وی

شامل ہیں جبکہ ایچ آئی وی سے سندھ میں سب سے زیادہ بچے متاثر ہوئے جہاں 15 ماہ کے دوران 1515 بچوں میں ایچ آئی وی کی تشخیص ہوئی، سندھ میں 2025 کے دوران 1186 اور 2026 کے پہلے 3 ماہ میں مزید 329 بچے متاثر ہوئے۔ یو ایم ایچ حکام کے مطابق اس فہرست میں پنجاب دوسرے نمبر پر ہے جہاں 2025ء کے دوران 418 بچوں میں ایچ آئی وی کیسز رپورٹ کئے گئے اسی طرح خیبرپختونخوا میں 111 بچوں میں ایچ آئی وی کیسز رپورٹ کئے گئے

بقیہ 14 گورنر

پیدا کرنا شروع کر دیگی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہائیر ایجوکیشن سیکٹر میں سینیٹ کو وہی اختیار حاصل ہے جو حکومت میں کابینہ کو حاصل ہے۔ یونیورسٹی کی سطح پر جب سینیٹ کوئی فیصلہ کرتی ہے تو پھر وہی فیصلہ حتمی رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے چھٹے سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹ اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، بلوچستان ہائیکورٹ کے

پاکستان خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے کردار ادا کر رہا ہے، اسحاق ڈار

تنازعات کے پرامن حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد موثر راستہ ہیں، نائب وزیراعظم

برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، خطے کی بدلتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال، پاکستان کے ثالثی کردار کی تعریف

پاک ترک وزرائے خارجہ کا ٹیلیفونک رابطہ، علاقائی امن کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری جاری رکھنے کے عزم

اسلام آباد (زاہد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار [illegible] بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار مختلف مقامات سے مطلوب 4 مفرور گرفتار

خضدار (آن لائن) [illegible] پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

[illegible]

مستونگ، سردار دودا خان شاہوانی 2 رشتہ داروں سمیت اغواء

پی ٹی آئی رہنما محمد اعظم و حافظ شاہوانی کے ہمراہ اپنے فارم ہاؤس دشت گئے تھے

واقعہ میں کالعدم تنظیم ملوث ہوسکتی ہے، بازیابی کیلئے کوششیں جاری ہیں، پولیس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے سے پی ٹی آئی کے رہنما سردار دودا خان شاہوانی کو نامعلوم مسلح افراد نے دو رشتہ داروں سمیت اغوا کرلیا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے دشت کمبیلا کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے پی ٹی آئی کے رہنما سردار دودا خان شاہوانی کو ان کے قریبی رشتے داروں محمد اعظم اور حافظ شاہوانی کے ہمراہ انکے فارم ہاؤس سے اغوا کرلیا اور نامعلوم سمت کی جانب روانہ ہوگئے سیکورٹی فورسز نے شبہ ظاہر کیا ہے واقعہ میں کالعدم تنظیم ملوث ہوسکتی ہے پولیس سمیت دیگر سیکورٹی فورسز نے مغویوں کی بازیابی کیلئے کارروائی شروع کردی ہے۔

کوئٹہ، تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے 10 سالہ بچہ جاں بحق

بازمحمد کی نعش ورثاء کے حوالے، پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے مغربی بائی پاس پر تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے 10 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا پولیس نے ٹرالر قبضے میں لے لیا نعش ہسپتال منتقل کردی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ شالکوٹ کے علاقے مغربی بائی پاس خزانہ کے قریب تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے 10 سالہ بچہ بازمحمد بلاک ہوگیا پولیس نے ٹرالر قبضے میں لے لیا نعش ہسپتال منتقل کردی اور نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی شالکوٹ پولیس کر رہی ہے۔

صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی میر ظہور بلیدی اور برکت رند ملاقات کر رہے ہیں

مائنز سیکٹر رائلٹی و ٹیکسز پر نظرثانی کی جائیگی، صوبائی وزیر خزانہ

ٹیکس نظام میں بہتری و جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے مائنز کے شعبے کو مضبوط بنیاد فراہم کریں گے، میر شعیب نوشیروانی

وزیر خزانہ کی زیر صدارت منرل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن اتھارٹی کا پہلا اجلاس، مائنز ایکٹ پر تفصیلی غور

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت منرل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن اتھارٹی کا پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے جنگلات سردار مسعود خان لونی، صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمان، سیکرٹری مائنز سیدال لونی، ڈی جی مائنز عبداللہ شاہوانی، مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے صدر میر بیبرز رکی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں مائنز ایکٹ پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے خدشات کو دور کرنے کے لئے عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اس کے علاوہ اجلاس...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میاں غنڈی سے نامعلوم نوجوان کی نعش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) میاں غنڈی کے علاقے سے نامعلوم نوجوان کی نعش برآمد جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے میاں غنڈی سے ایک نامعلوم نوجوان کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

کوئٹہ: اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی و دیگر ملک منظور احمد کی اہلیہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عمران خان اور انکی اہلیہ کی دائیں آنکھ کا مسئلہ سوچی سمجھی سازش ہے، سہیل آفریدی

بانی پی ٹی آئی ہزار دن سے زائد جیل میں گزار چکے، شدید تکلیف کے باوجود ایک بار بھی شکایت نہیں کی

جب ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو دیوار سے لگاؤ گے تو پھر ہم کیا کریں گے، وزیراعلیٰ کے پی

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی آنکھ کی بیماری کو سوچی سمجھی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں کی دائیں آنکھ کا مسئلہ ہے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے اسمبلی کے اجلاس میں خطاب کے دوران کہا کہ جیل میں جاتا جیل کی بات ہوتی ہے کوئی کرپشن پر جیل میں جاتا ہے، حقیقت میں ذوالفقار علی بھٹو کو اس 73 کے آئین پیش کرنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں لیکن پھر دادا اور نواسے تے جس طرح آئین میں کیل ٹھوکی تو ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی مہر اللہ بادینی ضلعی ایجوکیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جیل کے اندر منشیات و موبائل فون برداشت نہیں، کیپٹن (ر) عبدل سعید نوید

آئی جی جیل خانہ جات کا سنٹرل جیل ژوب و ڈسٹرکٹ لورالائی کا دورہ، افسران کی بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات بلوچستان کیپٹن (ر) عبدل سعید نوید نے آج سینٹرل جیل ژوب اور ڈسٹرکٹ جیل لورالائی کا اہم اور تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے سیکیورٹی، انتظامی امور اور قیدیوں کی فلاح و بہبود کا جامع جائزہ لیا اور متعدد اہم احکامات جاری کئے۔ دورے کے دوران آئی جی جیل خانہ جات بلوچستان، ڈی آئی جی ایسٹ لورالائی عبداللہ خان کاکڑ اور دیگر اعلیٰ افسران کے ہمراہ سینٹرل جیل ژوب پہنچے۔ ...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

مجرم مقتول کے اہل خانہ کو 2 لاکھ روپے بطور جرمانہ ادا کرے، عدالت

سرگودھا (آئی این پی) سرگودھا میں سیشن کورٹ نے ایک اہم مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے تاجر کے قتل میں ملوث مجرم کاشف کو سزائے موت کا حکم دے دیا۔

کوئٹہ، موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش میں راہزن عوام کے ہتھے چڑھ گیا

مزاحمت پر چوروں کی فائرنگ سے 2 موٹر سائیکل سوار عبداللہ و نذیر احمد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ نیو سریاب کے علاقے میں نامعلوم راہزنوں نے موٹر سائیکل چھینتے ہوئے مزاحمت پر فائرنگ کرکے 2 افراد کو زخمی کردیا جبکہ لوگوں نے ایک راہزن کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ نیو سریاب کے علاقے قلی سریاب پھاٹک کے قریب نامعلوم راہزنوں نے 3 موٹر سائیکل سواروں کو روک کر ان سے موٹر سائیکل چھین لیا مزاحمت کرنے پر فائرنگ کرکے 2 موٹر سائیکل سواروں عبداللہ اور نذیر احمد کو زخمی کردیا بعد ...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

علاؤالدین دمڑ و بہاؤالدین دمڑ کو بیدردی سے قتل کیا گیا، پشتونخوا میپ

لرزہ خیز واقعہ نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ناقص کارکردگی کو بے نقاب کردیا، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ زرغون غر کے علاقے تورشور سے نامعلوم مسلح افراد نے پندرہ روز قبل علاؤالدین دمڑ اور بہاؤالدین دمڑ کو اغوا کیا تھا، جبکہ گزشتہ روز ان کی تشدد زدہ لاشیں برآمد ہوئیں۔ پارٹی نے اس اندوہناک اور سفاکانہ واقعہ پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اسے ظلم، بربریت اور انسانیت سوز درندگی کی بدترین مثال قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں افراد کو نہایت بے دردی سے قتل کیا گیا، جس سے علاقے میں خوف و ...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

آج دنیا پاکستان کو امن کی کنجی قرار دے رہی ہے، مسلم لیگ ن

اسلام آباد دنیا کی نظروں میں اہمیت اختیار کرچکا، بھارت و اسرائیل کے مکروہ چہرے بے نقاب کریں گے، سردار یعقوب خان ناصر

وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے خطے میں پائیدار امن کیلئے کلیدی قرار ادا فیلڈ مارشل کی پیشہ ورانہ بصیرت سے سفارتی کوششوں کو تقویت ملی، ایم این اے

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر ایم این اے سردار یعقوب ناصر نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی کی کوششوں کو دنیا سراہ رہی ہے جبکہ دنیا ہماری حکمت عملی کو امن کی کنجی قرار دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکہ جنگ بندی میں حالیہ توسیع امن کیلئے اشد ضروری تھا جس پر میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج اسلام آباد دنیا کی نظروں میں بڑی اہمیت اختیار کرچکا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کتابیں اندھیروں میں منزل کا پتہ دیتی ہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

جس معاشرے میں کتاب کی جگہ سطحی مصروفیات لیں وہ شناخت اور درست سمت کھو دیتا ہے

مطالعہ کرنے والے افراد بہتر فیصلہ سازی کی قوت رکھتے ہیں، ورلڈ بک ڈے پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ جس معاشرے میں کتاب کی جگہ سطحی مصروفیات لے لیں وہ اپنی شناخت اور درست سمت کھو دیتا ہے [illegible] کتابیں جو اندھیروں میں منزل کا پتہ دیتی ہیں [illegible] ایک خصوصی پیغام میں کہا [illegible] بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت اسرائیل کا ساتھ دیکر بے توقیری کا شکار ہوا، محمد عبدالقادر

ٹرمپ بھارت کی نہیں، پاکستان کی ہر بات ماننے پر آمادہ ہوجاتا ہے، سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ [illegible] شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کہنے پر [illegible] بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، ٹریفک حادثات میں کمسن لڑکا جاں بحق، 2 افراد زخمی

ڈگری کالج کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے مدثر موقع پر جاں بحق ہوگیا

ژوب (یو این اے) ٹریفک حادثات کے دو مختلف واقعات میں ایک کمسن لڑکا جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق ژوب میں ڈگری کالج کے قریب ایک تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے 14 سالہ لڑکا مدثر قوم شیرانی جاں بحق ہوگیا [illegible] ایک اور حادثے میں زخمی ہوگئے جنہیں ریسکیو ٹیموں نے زخمیوں ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

پاک ایران ٹرانزٹ ٹریڈ کوریڈور کا آغاز، گوشت کی پہلی کھیپ ازبکستان روانہ

وسط ایشیائی ریاستوں تک پاکستانی مصنوعات کیلئے زمینی راستہ فعال، پاک افغان کوریڈور کی بندش بھی پاکستانی مصنوعات کو نا روک سکی

ایران کے ذریعے نئے زمینی راستے سے پھل، گوشت، سبزیاں، چاول دیگر پانچ وسط ایشیائی ریاستوں اور ماسکو تک پہنچائے جائینگے، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ایران ٹرانزٹ ٹریڈ کوریڈور کا ٹرانسپورٹ انٹرنیشنل روڈز نظام کے تحت عملی آغاز رواں ماہ ہوگیا۔ فروزن گوشت کی پہلی کھیپ ایران کے راستے ازبکستان کو روانہ بھی کردی گئی۔ پاک افغان کوریڈور کی بندش بھی پاکستانی مصنوعات کو نا روک سکی۔ پانچ وسط ایشیائی ریاستوں اور ماسکو تک پاکستانی مصنوعات پہنچانے کیلئے نیا زمینی راستہ پاک ایران ٹرانزٹ کوریڈور فعال کردیا گیا۔ ایران ٹرانزٹ کوریڈور کے ذریعے پاکستان سے وسطی ایشیائی ریاستوں کو پھل، سبزیاں، فروزن گوشت، چاول، دوائیں، سرجیکل آلات اور فوڈ...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ میں اہم انتظامی ترقیوں کی منظوری دے دی گئی ہے۔ معزز چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے پروموشن کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں چھ (6) ڈپٹی رجسٹرارز (بی پی ایس-19) کو ترقی دے کر ایڈیشنل رجسٹرار (بی پی ایس-20) کے عہدوں پر ترقی دینے کی منظوری دے دی ہے جبکہ نو (9) پرائیویٹ سیکرٹریز (بی پی ایس-18) کو ڈپٹی رجسٹرار (بی پی ایس-19) مقرر کردیا گیا ہے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق ایڈیشنل رجسٹرار کے عہدوں پر ترقی پانے والے افسران میں عاصم خان، ملک شعیب سلطان، منیر احمد، محمد قذافی خان.... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

حادثے کی شکار معروف کراٹے کی خاتون کھلاڑی چل بسی

آرزو واسکنی روڈ پر موٹر سائیکل حادثے میں شدید زخمی ہوئی اور کوما میں تھی

آرزو بلوچستان کا ایک روشن ستارہ تھیں، صدر اسٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) کراٹے کی ہونہار کھلاڑی آرزو ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں کراٹے کی کھلاڑی آرزو واسکنی روڈ پر موٹر سائیکل حادثے میں شدید زخمی ہوئی تھیں اور کوما میں چلی گئی تھی گزشتہ روز زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی بلوچستان اسٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر مس اختر نے کراٹے کی ...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سیاسی کارکن تاریخی جدوجہد میں ساتھ دیں، نوابزادہ لشکری رئیسانی

تاکہ ہم اپنے قومی سرزمین و آبائی قومی ملکیت کے اختیار کا مالک بن سکیں، سینئر سیاستدان

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے قومی جدوجہد میں ہراول دستے کا کردار ادا کرنے والے حقیقی سیاسی کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکن اپنی سرزمین کی قومی ملکیت پر اختیار کیلئے قومی و تاریخی جدوجہد میں میرا ساتھ دے کر اس میں مزید تیزی لائیں، اپنے جاری ایک بیان میں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کیخلاف ہونیوالی سماعت کے موقع پر پیشگوں...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ولی محمد نورزئی کی بلاتفریق عوامی خدمت قابل ستائش ہے، قاری مہر اللہ

جمعیت نظریاتی نے اچھے اقدامات کو کبھی فراموش نہیں کیا، رہنماء

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی کو نوینر قاری مہر اللہ نے حاجی ولی محمد نورزئی کی سماجی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ حاجی ولی محمد نورزئی کی بلاتفریق عوامی خدمت قابل ستائش ہے علاقے کے عوامی مسائل میں پیش پیش ہیں جمعیت نظریاتی نے بھی اچھے اقدامات کو فراموش نہیں کیا ہے انہوں نے تنگدستی سے محروم طبقات کی آواز بننے کا بیڑہ اٹھایا خواہ وہ یتیموں اور بے سہارا بچوں کی کفالت ہو یا معذور افراد کے حقوق کا تحفظ...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

علاؤالدین و بہاؤالدین کی مسخ شدہ لاشیں ملنا لمحہ فکریہ ہے، پشتونخوا میپ

حکومت زرغون غر کے عوام کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہوچکی ہے

پشتون اضلاع سے کسی کا کوئی تعلق نہ ہی وہاں مداخلت برداشت کریں گے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں ضلع ہرنائی علاقہ زرغون غر کے باشندگان علاؤالدین ولد سعید محمد اور بہاؤالدین ولد عطاء محمد جنہیں گزشتہ ایک ماہ سے زرغون غر بمقام گاٹی سے اغواء کیا گیا تھا جن کی زرغون غر علاقہ گاٹی سے گولیوں سے چھلنی مسخ شدہ لاشیں ملی ہیں، پارٹی اس بہیمانہ قتل و شہادت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں نوجوانوں کو زرغون غر گاٹی کے مقام ...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کی سینئر آرٹسٹ دردانہ بلوچ سے سر راہ غیر متوقع ملاقات

حکومت اپنے فنکاروں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی، میر سرفراز بگٹی کی یقین دہانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان ٹیلی وژن کی ایوارڈ یافتہ سینئر آرٹسٹ دردانہ بلوچ کی اچانک سر راہ غیر متوقع ملاقات، جس کے دوران سینئر فنکارہ نے اپنی مالی مشکلات سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے دردانہ بلوچ کی بات کو توجہ سے سنتے ہوئے انہیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ حکومت اپنے فنکاروں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی انہوں نے واضح طور پر کہا کہ آپ کو فاقہ کشی کا شکار نہیں ہونے دیں گے اور آپ کی ...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

پوست کی کاشت کیخلاف کارروائیاں تیز کی جائیں گی، محکمہ ایکسائز

منشیات کے خاتمے کی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، حکام

چمن (خ ن) چمن میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے پوست کی غیر قانونی کاشت کے خلاف بھرپور آپریشن شروع کردیا ہے حکام کے مطابق افسران نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ڈرون کے ذریعے مختلف علاقوں کی نگرانی کی اور مشتبہ مقامات کی نشاندہی کی۔ متعلقہ حکام نے کہا کہ اس کارروائی کا مقصد منشیات کی پیداوار کی روک تھام اور علاقے میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے جبکہ ڈرون سرویلنس کے ذریعے ان علاقوں تک بھی رسائی ممکن ہوئی ...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی ادویات کی آن لائن فروخت، پی ٹی اے کے اقدامات

متعلقہ ویب سائٹس نے غیر قانونی مصنوعات کو ہٹانے کی تصدیق کردی

اسلام آباد (آن لائن) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کی درخواست پر پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے فوری اقدامات کے تحت ان ویب سائٹس اور سوشل میڈیا صفحات کے حوالے سے اقدامات اٹھائے ہیں جو غیر مجاز اور غیر رجسٹرڈ طبی ادویات کی آن لائن فروخت میں ملوث پائے گئے۔ پی ٹی اے نے ضروری اقدام کے تحت متعلقہ مواد تک رسائی محدود کردی ہے۔ متعلقہ ویب سائٹس نے غیر قانونی مصنوعات کو ہٹانے کی تصدیق کردی ہے، جبکہ رپورٹ کیے گئے صفحات اور گروپس کی فوری بلاکنگ کا معاملہ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ کے عوام مسائل میں مبتلا، خاموش نہیں رہ سکتے، مولانا عبدالواسع

اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں علاقے کے عوام خصوصاً کسانوں کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، صوبائی امیر جمعیت

آج مشکل گھڑی لیکن انتخابات کے دوران وعدے و دعوے کرنے والے نمائندے کہیں نظر نہیں آرہے، سینیٹر

حالیہ بارشوں و ژالہ باری سے کسانوں کی کڑی فصلیں مکمل تباہ ہوچکی ہیں، متاثرہ علاقوں کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قلعہ سیف اللہ کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تصور بھی نہیں کیا جاسکتا کہ اہل قلعہ سیف اللہ مشکلات اور مصائب کا شکار ہوں اور وہ خاموش بیٹھے رہیں انہوں نے واضح کیا کہ اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں، وہ اپنے علاقے کے عوام اور خصوصاً کسانوں کے مسائل کیلئے ہر فورم پر بھرپور آواز...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

علاقائی کشیدگی کے باوجود پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں سرگرمیاں جاری

اسلام آباد (آن لائن) علاقائی کشیدگی کے باوجود پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں سرگرمیاں جاری ہیں اور ایس ای سی پی نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں دو نئی کمپنیوں کی لسٹنگ کی منظوری دے دی ہے۔

بلوچستان کو پاکستان سے کوئی الگ نہیں کرسکتا، میر شعیب نوشیروانی

بلوچستان ہمارا گھر، امن و امان کی بحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر خزانہ

حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے عوام طاقت کا سرچشمہ ہے جب تک عوام ساتھ ہے میں علاقے کی نمائندگی کرتا رہوں گا اور جو بھی مسائل ہے ان پر قابو پانے کیلئے بنیادی طور پر کوشاں ہوں اپنے علاقے میں ترقیاتی کاموں جو کام شروع کیا ہے آنے والے وقت میں اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے یہ بات انہوں ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب میں بڑھتے جرائم پر وزیراعلیٰ برہم، ہنگامی اجلاس طلب

سال میں 527 ارب کے ریکارڈ بجٹ کے باوجود کارکردگی بہتر بنانے کا حکم

لاہور/فیصل آباد (آن لائن) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں جرائم کی بڑھتی شرح پر سخت نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی اجلاس طلب کرلیا اور پولیس حکام کو واضح پیغام دیا کہ امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے گا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ جرائم میں اچانک اضافہ تشویشناک اور ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قتل، ڈکیتی، اغوا اور گمشدگی جیسے سنگین جرائم...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت توانائی نے سولر سسٹم لگوانے والے صارفین کیلئے نیپرا لائسنس لازمی قرار دیدیا

پہلے 25 کلوواٹ تک صارفین کو تقسیم کار کمپنیاں لائسنس دے سکتی تھیں، سولر سسٹم ترامیم کے تحت نیپرا لائسنس لازمی قرار دیا گیا

صارفین کو ایک ہزار روپے فی کلوواٹ کے حساب سے اضافی ادائیگی کرنا ہوگی [illegible]

اسلام آباد (آن لائن) وزارت توانائی [illegible] بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible]

نوشکی مسلح افراد کی فائرنگ [illegible] چرواہا جاں بحق

[illegible]

کوئٹہ پولیس کی کارروائیاں جاری، مسروقہ گاڑی و ٹرک برآمد، 5 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے مطلوب مفرور ملزمان کے خلاف مختلف کارروائیوں میں ایک مسروقہ گاڑی، ایک مسروقہ ٹرک برآمد کرکے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ائیر پورٹ پولیس نے مفرور ملزمان عبدالسلام، مدثر جبکہ ایک اور کارروائی میں سٹی پولیس نے مفرور ملزم نجیب اللہ اور مفرور ملزمان عبدالرزاق، محمد اسلم کو گرفتار کرلیا کارروائیوں میں پنجاب سے چوری کی گئی مسروقہ گاڑی اور ایک ٹرک برآمد کرکے قبضے میں لیکر ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کردی گئی۔

کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہے، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

جن سرکاری اسکولوں کی عمارتیں موجود نہیں ان کی تفصیلات جمع کرائی جائیں، مہر اللہ بادینی

تعلیمی اداروں میں سہولیات فراہم کریں گے، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ای او میل، فیمیل، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں کوئٹہ کے تعلیمی نظام کی بہتری کے لئے مختلف اہم فیصلے کئے گئے۔ نئے داخل شدہ بچوں کی تعداد اور ان کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر تفصیلی غور کیا گیا، جبکہ فنکشنل اور نان فنکشنل اسکولوں سے متعلق ڈیٹا بھی پیش کیا گیا اس کے علاوہ سرکاری اسکولوں میں ...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

بزرگ شہری سے لوٹ مار کی فوٹیج منظر عام پر آگئی

مسلح ملزمان شہری سے 50 ہزار روپیہ اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

کراچی (آئی این پی) گلشن مہران ہائی وے پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات کے دوران نامعلوم مسلح ملزمان اس کے زور پر موٹر سائیکل سوار بزرگ شہری سے 50 ہزار روپیہ اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے، الفلاح کی حدود میں شہری سے ہونے والی لوٹ مار کی واردات کی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ملیر کے سکھن تھانے کے علاقے مہران ہائی وے پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی واردات کے دوران نامعلوم مسلح ملزمان اس ...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں مزدوروں کا عالمی دن یکم مئی کو منایا جائے گا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مزدوروں کا عالمی دن یکم مئی کو منایا جائے گا اس دن کی مناسبت سے کوئٹہ سمیت ملک بھر میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے مزدور رہنماؤں کے علاوہ وفاقی وزراء اور اپوزیشن رہنما خطاب کریں گے۔ محنت کشوں کے عالمی دن کے حوالے سے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے ذریعے خصوصی پروگرام پیش کیے جائیں گے، ملک بھر کے اخبارات رنگین ایڈیشن شائع کریں گے۔

کراچی سرکلر ریلوے اور سب اربن ٹرین سروس بحال کرنے پر اتفاق

مشترکہ کوششوں سے ریلوے نظام کو جدید اور قابل اعتماد بنایا جائے گا، وزیر ریلوے

کراچی (آئی این پی) وزیر ریلوے اور وزیراعلیٰ سندھ کے درمیان کراچی سرکلر ریلوے (کے سی آر) اور سب اربن ٹرین سروس بحال کرنے پر اتفاق ہوگیا جبکہ کراچی تا روہڑی اور کراچی تا جیکب آباد (بذریعہ کوٹری دادو، لاڑکانو) نئی ٹرین سروسز بھی شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر ریلوے حنیف عباسی کا اپنے وفد کے ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پی اینڈ ڈی کے زیر اہتمام ڈیش بورڈ اینڈ ایپلیکیشنز کی تشکیل پر ٹیم کو تعریفی اسناد دے رہے ہیں

تیمور کروز میزائل بحری دفاعی نظام کو مزید مضبوط بنائیگا، نسیم الرحمن ملاخیل

"تیمور" میزائل کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی خود انحصاری اور جدید عسکری ٹیکنالوجی کی ترقی کا واضح ثبوت ہے، مشیر موسمیاتی تبدیلی

پاکستانی سائنسدانوں، انجینئرز اور ٹیکنیکل ماہرین کی محنت نے دفاع وطن کو ناقابل تسخیر بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا، تہنیتی بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پاکستان نیوی کی جانب سے "تیمور" ایئر لانچڈ کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے، اپنے تہنیتی بیان میں نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا کہ "تیمور" میزائل کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی خود انحصاری اور مقامی سطح پر جدید عسکری ٹیکنالوجی کی ترقی کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ مقامی طور پر تیار کردہ اس اینٹی شپ کروز میزائل کا کامیاب تجربہ پاکستان نیوی کے سائنسدانوں اور انجینئرز کا ایک شاندار کارنامہ ...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی جیل خانہ جات عبدالسعید نوید لورالائی جیل کے دورہ کے موقع پر عملہ سے بات چیت کر رہے ہیں

مچھ کچرہ دان میں موجود دستی بم کو ناکارہ بنادیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) مچھ میں کچرہ دان میں دستی بم کی اطلاع پر پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ، سیکورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز مسجد روڈ مچھ میں کچرہ دان میں دستی بم کی اطلاع ملنے پر پولیس بم ڈسپوزل ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور بم کو ناکارہ بنادیا مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بلوچستان کے حقوق پر سمجھوتہ نہ ہی خاموش رہیں گے، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے عوام بنیادی حقوق، وسائل پر اختیار، تعلیم، صحت و روزگار کی سہولیات سے محروم ہیں، صوبائی امیر جماعت اسلامی

جماعت اسلامی نے عوامی مسائل ہمیشہ اجاگر اور آئندہ بھی بلوچستان کے عوام کی آواز بلند کرتی رہے گی

حکومت صوبے میں امن کی بحالی، کرپشن کے خاتمے اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے، ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے کسی بھی صورت خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی انہوں نے واضح کیا کہ صوبے میں جاری ظلم و جبر، لاقانونیت، بدعنوانی اور بدامنی کے خلاف جماعت اسلامی ہر سطح پر بھرپور اور منظم جدوجہد جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اے ڈی نیب بلوچستان احتشام الحق و دیگر جامعہ لسبیلہ میں بدعنوانی کیخلاف سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کتاب مہذب معاشرے کی تشکیل کا بنیادی ذریعہ ہے، سرفراز بگٹی

مطالعہ انسان کو وسیع النظر، باشعور اور ذمہ دار شہری بننے میں مدد دیتا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت لائبریریوں کے قیام، کتب کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، ورلڈ بک ڈے پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم کتب 23 اپریل کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ کتاب انسان کی فکری تربیت، شعوری بالیدگی اور مہذب معاشرے کی تشکیل کا بنیادی ذریعہ ہے انہوں نے کہا کہ مطالعہ نہ صرف علم کے دروازے کھولتا ہے بلکہ انسان کو وسیع النظر، باشعور اور ذمہ دار شہری بننے میں بھی مدد دیتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک میں مطالعہ کے فروغ کی اشد ضرورت ہے تاکہ نوجوان ...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

پہلگام واقعہ، ایک سال مکمل، شفاف تحقیقات کا مطالبہ زور پکڑ گیا

اسلام آباد/نئی دہلی (آن لائن) پہلگام میں 22 اپریل 2025 کو پیش آنے والے واقعے کے بعد خطے میں کشیدگی برقرار ہے، جبکہ مختلف حلقوں کی جانب سے اس واقعے کی نوعیت پر سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ بعض تجزیہ کاروں اور سیاسی مبصرین نے اسے فالس فلیگ آپریشن قرار دیتے ہوئے آزاد اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

سپریم کورٹ آف پاکستان نے ڈیجیٹل انصاف کی فراہمی میں نیا معیار قائم کردیا

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آف پاکستان نے ڈیجیٹل انصاف کی فراہمی میں نیا معیار قائم کر دیا جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ملک بھر میں کثیر المقامی سماعتوں کا کامیاب آغاز کیا ہے۔ اسلام آباد میں بینچ، وکلاء نے کوئٹہ، کراچی اور حیدرآباد سے آن لائن شرکت کی۔ چیف جسٹس اسلام آباد جبکہ جسٹس عائشہ ملک لاہور سے بینچ میں شامل ہوئیں۔ سپریم کورٹ نے ہنگامی صورتحال میں بھی عدالتی کارروائی بلاتعطل جاری رکھی، بدھ کو مکمل کیس اسلام آباد بینچ نے سنا، فریقین کوئٹہ سے پیش ہوئے۔ روایتی کاغذی پیپر بکس کی جگہ مکمل ڈیجیٹل کیس فائلز استعمال کیا گیا۔ برانچ رجسٹریز سے ریکارڈ طلب کرنے کی ضرورت میں نمایاں کمی ہوئی۔

سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن کی تعمیر کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا

کارروائی ایشیائی ترقیاتی بینک کے تحفظات کے بعد عمل میں لائی گئی، حکام

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن کی تعمیر کا ٹھیکہ منسوخ کردیا اور کہا حکومت اب اس حصے کے لیے متبادل انتظامات کرے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سندھ حکومت نے بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے (لاٹ-2) کے ترقیاتی کاموں میں سست روی، غیر تسلی بخش کارکردگی اور عالمی معیار کی خلاف ورزی پر کنسٹرکٹرز کا معاہدہ منسوخ کرنے ...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

3 روز قبل اغوا ہونے والے ڈھائی سالہ بچے کی لاش نالے سے برآمد

لاش کو ضابطے کی کارروائی اور وجوہات موت جاننے کے لیے سول اسپتال منتقل

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے جیکسن میں تین روز قبل مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈھائی سالہ معصوم بچے صلاح الدین کی لاش گھر کے قریب ایک نالے سے برآمد ہوئی۔ اس واقعے پر علاقے میں سوگ کا سماں ہے جبکہ پولیس نے مختلف زاویوں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ڈھائی سالہ صلاح الدین اتوار کی صبح اپنے گھر کے ...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

ایک صدی پر محیط تحریک آج بھی متحرک کردار ادا کر رہی ہے، این پی

فعال و نظریاتی تنظیم کے بغیر وسائل پر اختیار نہ ہی قومی معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے، مابت کاکا

مضبوط تنظیم ہی سیاسی جدوجہد کی کامیابی کی ضمانت ہوتی ہے، موسیٰ خیل میں منعقدہ ضلعی کونسل کے اجلاس سے خطاب

موسیٰ خیل (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ ایک فعال منظم اور نظریاتی بنیادوں پر استوار تنظیم کے بغیر نہ تو عوام اپنے وسائل پر اختیار حاصل کرسکتے ہیں اور نہ ہی قوم کو درپیش قومی معاشی مسائل سے نجات ممکن ہے تنظیمی مضبوطی ہی سیاسی جدوجہد کی کامیابی کی ضمانت ہوتی ہے موسیٰ خیل مبارزین کی ملکیت رہا ہے عبدالرحمان ایسوٹ اور خان میر خان موسیٰ خیل کی جدوجہد اور قربانیوں کو سامنے رکھ کر ذمہ داران جدوجہد تیز کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع موسیٰ خیل میں منعقدہ ضلعی کونسل کے اجلاس سے خطاب...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر